اُردو زبان کی پہلی تصنیف

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

(جو ۸۲۵ھ / ۱۴۲۱ء اور ۸۳۹ھ / ۱۴۳۵ء کے درمیان لکھی گئی)

مُصنفہ

فخر دین نظامی

مرتبہ

ڈاکٹر جمیل جالبی

ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ پی ایچ۔ ڈی۔ ڈی۔ لٹ

www.taemeernews.com

اُردو زبان کی پہلی تصنیف

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

مُصنفہ

فخر دین نظامی

(جو ۸۲۵ھ/۱۴۲۱ء اور ۸۳۹ھ/۱۴۳۵ء کے درمیان لکھی گئی)

مرتبہ

ڈاکٹر جمیل جالبی

ایم۔ اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ۔ ڈی۔ ڈی۔ لٹ

www.taemeernews.com

جملہ حقوق محفوظ

اشاعت اول ________ ۱۹۷۳ء

نیا ایڈیشن ________ نظر ثانی کے بعد ۱۹۷۹ء

تعداد ________ ۵۰۰

ناشر ________ ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، گلی عزیز الدین
وکیل، مرزا احمد علی مارگ، لال کنواں دہلی

طابع ________ جے۔ کے۔ آفسٹ پریس۔ جامع مسجد دہلی ۶

قیمت ________ ایک سو تیس ۱۳۰ روپے

کتابت ________ سید حسنی الحسن نقوی

سرورق ________ موسیٰ کلیم ٹانڈوی

www.taemeernews.com

باباے اُردو کے نام

حق بحقدار رسید

www.taemeernews.com

www.taemeernews.com

فہرست

تعارف	ڈاکٹر جمیل جالبی	٨
مقدمہ	ڈاکٹر جمیل جالبی	٩
متن و عکس	مثنوی کدم راؤ پدم راؤ	٦٤
فرہنگ	از مرتب	٢٤١
ضمیمہ نمبر ١	تعارف سلاطین بہمنی	٢٦٦
ضمیمہ نمبر ٢	شخصیات	٢٧١
فہرست مآخذ		٢٨٧

www.taemeernews.com

نظامی کہنہار جس یار ہوئے
سُننہار سُن نغز گفتار ہوئے

نظامی
مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

www.taemeernews.com

تعارف

(نیا ایڈیشن)

اُردو زبان کی پہلی تصنیف "مثنوی کدم راؤ پدم راؤ" کا پہلا اڈیشن ۱۹۷۳ء میں کراچی سے شائع ہوا تھا اور اب اس کا نیا اڈیشن دہلی سے شائع ہو رہا ہے۔ اس مثنوی کی اشاعت سے نہ صرف اُردو زبان کی تاریخ اور ادبی روایت نویں صدی ہجری تک جا پہنچتی ہے بلکہ زبان کے ارتقار کی گم شدہ کڑیاں بھی مل جاتی ہیں اور اہلِ علم و ماہرِ لسانیات کے سامنے فکر و تحقیق کے نئے راستے کھل جاتے ہیں۔ اس نئے ایڈیشن پر میں نے پھر سے مقدور بھر محنت کی ہے اور اپنے تیار کردہ متن کا مخطوطے سے مقابلہ کرکے جہاں جہاں مجھے سقم نظر آیا دور کر دیا ہے۔

یہ سطور لکھتے ہوئے مجھے مولوی عمر یافعی حیدرآبادی یاد آرہے ہیں۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا مخطوطہ جو دنیا بھر میں اس کتاب کا واحد نسخہ ہے، عمر یافعی صاحب کی ملکیت تھا اور ۱۹۴۹ء میں ان کے ذخیرۂ کتب کے ساتھ انجمن ترقی اردو آگیا تھا۔ عمر یافعی مرحوم کو نادر و نایاب ادبی، علمی و تاریخی کتابیں جمع کرنے کا شوق تھا۔ وہ ذخیرۂ کتب جو انھوں نے "انجمن" کو دیا، تقریباً ۱۸ ہزار بیش بہا مطبوعات و مخطوطات پر مشتمل تھا۔ "مثنوی کدم راؤ پدم راؤ" کا یہ وہی نسخہ تھا جو ایک زمانے میں مرحوم لطیف الدین ادریسی حیدرآبادی کے پاس تھا اور جس کا مطالعہ کرکے مولوی نصیر الدین ہاشمی مرحوم نے اکتوبر ۱۹۳۲ء کے "معارف اعظم گڈھ" میں ایک تعارفی مضمون "بہمنی عہد کا ایک دکھنی شاعر" قلمبند کیا تھا۔ جس انداز سے اب یہ کتاب شائع ہو رہی ہے کہ مخطوطے کا عکس دائیں طرف ہے اور میرا تیار کردہ متن بائیں طرف سامنے ہے، یہ نادر و نایاب مخطوطہ اب سب کی ملکیت بن جاتا ہے۔ متن کے ساتھ مخطوطے کا عکس شائع کرنے کی یہ روایت یقیناً مستحسن ہے۔

یہ کتاب میری اجازت سے محمد مجتبیٰ خان صاحب اپنے اشاعتی ادارے "ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس" سے شائع کر رہے ہیں جو معیاری علمی و ادبی کتابیں نہایت سلیقے سے شائع کرنے کی وجہ سے سارے ملک میں خاص شہرت رکھتا ہے۔

جمیل جالبی

۱۷ اگست ۱۹۸۷ء

www.taemeernews.com

مقدمہ

"تاریخِ ادبِ اُردو" لکھتے ہوئے میں نے اس بات کا التزام خاص طور پر کیا کہ ادب کو معاشرتی، تہذیبی و سیاسی عوامل کے ساتھ دیکھا اور سمجھا جائے اور ادب کی روایت جن جن اثرات اور رنگوں سے مل کر بنی ہے انہیں واضح کیا جائے۔ قدیم اور جدید کی تقسیم ہم نے اپنی سہولت کے لیے کی ہے ورنہ بنیادی طور پر ایک ہی روایت نئے اثرات قبول کرتی اور ازکار رفتہ اثرات کو رد کرتی ہوئی ہر دور میں نئی شکل بناتی ہے۔ ادب کی روایت معاشرت و تہذیب سے الگ رہ کر پروان نہیں چڑھتی بلکہ زمانے کی روح کو اپنے اندر سمیٹتی اپنے خدوخال بناتی ہے۔ اسی لیے کسی دور کی تہذیب کی حقیقی روح اس کے ادب میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ کسی زبان کی روایت بھی ایک دریا کی طرح ہے جو صدیوں سے بہہ رہا ہے۔ اس میں ماضی بھی موجود ہے اور حال و مستقبل بھی۔ کہیں یہ دریا بھرا پُرا نظر آتا ہے۔ کہیں خشک و بے آب دکھائی دیتا ہے۔ کہیں اس سے شاخ در شاخ پھوٹتے دکھائی دیتے ہیں۔ کہیں اس کا پاٹ چوڑا ہو جاتا ہے۔ کہیں یہ چھوٹا ہو کر ندی نالے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ لیکن ہیں یہ ایک ہی دریا کی مختلف شکلیں۔ جب میں یہ کہتا ہوں کہ ادب کی روایت ایک اکائی ہے تو اس کا مطلب بھی یہی ہے۔ ادب کی تاریخ کا مطالعہ بھی اسی نقطۂ نظر سے کرنا چاہیے۔ "تاریخِ ادب" لکھتے ہوئے دوسرا التزام میں نے یہ کیا کہ صرف سُنی سنائی باتوں کو قبول نہیں کیا بلکہ ہر کتاب کا خواہ وہ قلمی ہو یا مطبوعہ مطالعہ کیا اور اسے پہلے اس کے اپنے دور میں اور پھر پوری روایت کے تعلق سے دیکھا اور سمجھا۔ اس میں وقت بہت صرف ہوا اور کام پھیلتا بڑھتا چلا گیا لیکن صاحبو! ایک طالب علم اپنے علم کی پیاس اسی طرح بجھا سکتا ہے۔ اس تمام عرصے میں میری یہ کوشش رہی کہ نویں اور دسویں صدی ہجری کی وہ تمام تصانیف جو خطی شکل میں طاقِ نسیاں پر دھری تھیں ان کا مطالعہ بھی اسی نقطۂ نظر سے کیا جائے اور دیکھا جائے کہ ان تصانیف کی لسانی، تہذیبی و ادبی اہمیت کیا ہے؟ کیا انھوں نے اُردو ادب کی روایت کے دریا کو پاٹ دار بنانے میں مدد دی ہے؟ کیا ان کے مطالعے سے اُردو زبان کے ارتقا کا پتا چلتا ہے؟ کیا ان سے اُردو زبان کی ساخت اور اس میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں کا سراغ ملتا ہے؟ یہ یقیناً مشکل اور اہم کام تھا۔ لیکن جب پہلی جلد مکمل ہوئی تو میں نے محسوس کیا کہ اس میں ایسا مواد آ گیا ہے جو ادب کی تاریخ اور مطالعے کو ایک نیا رُخ دے گا۔ ساتھ ساتھ بہت سی ایسی چیزیں بھی جمع ہو گئیں جن کی اشاعت اُردو زبان و ادب کے لیے انتہائی مفید ثابت ہو سکتی تھی۔ "دیوانِ حسن شوقی"[1]

---

[1] "دیوانِ حسن شوقی"۔ مطبوعہ انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی ۱۹۷۱ء

www.taemeernews.com

اسی سلسلے کی پہلی کڑی تھی۔ "دیوانِ نصرتی[1]" دوسری کڑی اور مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" اسی سلسلے کی تیسری کڑی ہے۔ اس مثنوی کو زمانی اعتبار سے "دیوانِ حسن شوقی" سے پہلے شائع ہونا چاہیے تھا لیکن یہ ایک ایسا مشکل کام تھا کہ صرف متن کی تیاری میں پانچ سال سے زیادہ کا عرصہ لگ گیا۔

"مثنوی کدم راؤ پدم راؤ" کا دنیا میں ایک ہی معلوم نسخہ ہے جو انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی کے کتب خانۂ خاص میں محفوظ ہے جس کا سائز ۲ء۷ انچ x ۱ء۵ انچ ہے۔ یہ واحد نسخہ بھی ناقص ہے۔ بیچ بیچ میں سے اکثر صفحات غائب ہیں اور آخر میں بھی مثنوی کے کم از کم دو تین صفحات کم معلوم ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے کاتب کے نام اور سنہ کتابت کا بھی پتا نہیں چلتا۔ عنوانات سُرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ مصرعوں کے وسط اور دوسرے مصرعوں کے آخر میں یہ نشان (٭) سُرخ روشنائی سے دیا گیا ہے۔ پہلے صفحے پر بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم نے اپنے ہاتھ سے "مثنوی کدم راؤ پدم راؤ، فخرالدین نظامی" کے الفاظ لکھے ہیں۔ یہ بھی لکھا ہے کہ "۸۲۵ھ (یہ سنہ احمد شاہ ولی کی تخت نشینی کا ہے) وفات ۸۳۸ھ م ۱۴۳۴ء" ان کے نیچے "عبدالحق" لکھا ہے۔ اسی صفحے پہ یہ بھی لکھا ہوا ملتا ہے کہ "علاءالدین بن احمد شاہ ۸۳۸ھ میں تخت نشین ہوا۔ ۸۶۲ھ میں وفات پائی۔ احمد شاہ ثالث بن علاءالدین ۸۶۵ تا ۸۶۷ھ"۔ صفحہ ۲۷ کے حاشیے میں سرخی سے کاتب نے اس شعر کا اضافہ کیا ہے۔

ڈھونڈا دھرے من بہت دشت جاؤ ٭ پیارے اگر پیٹ میں بس پاؤ

اس نسخہ کا رسم الخط نسخ ہے لیکن یہ نسخ اتنا مشکل ہے کہ اسے پڑھنا اتنا ہی دشوار تھا جتنا عہدِ قدیم کے کسی رسم الخط کو پڑھ کر مفید مطلب باتیں اخذ کرنا۔ مولوی عبدالحق مرحوم کی یہ بڑی خواہش تھی کہ یہ مثنوی کسی طرح پڑھ لی جائے اور پھر شائع کر دی جائے۔ انہوں نے برصغیر پاک و ہند کے ماہرینِ فن کے پاس اس کے عکس روانہ کئے۔ مرحوم قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی کو اس کام پر مامور کیا۔ مثنوی کا مخطوطہ بھی کافی عرصے ان کے پاس رہا۔ کوشش کی یہ داستان چالیس سال سے زیادہ پرانی ہے۔ آخر میں انہوں نے یہ طے کیا کہ اس نادر و نایاب مخطوطے کے ہر صفحے کے بلاک بنوا کر اسے اسی طرح شائع کر دیا جائے۔ اس کے کچھ صفحات انہوں نے "قومی زبان" میں شائع بھی کئے لیکن اس عرصہ میں کہ ان کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوتا، موت نے نقارہ باج دیا اور وہ اس حسرت کو اپنے ساتھ لے کر چلے گئے۔ اب اس بات کو بھی تقریباً بارہ سال ہوتے ہیں۔ ۱۹۶۰ء میں میں پہلی بار اس مخطوطے سے متعارف ہوا۔ مہینوں اس کے مطالعے کی کوشش میں لگ گئے۔ آتشیں شیشہ لئے گھنٹوں اسے پڑھنے کی کوشش کرتا رہا لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ ایک تو رسم الخط اور اس کے اصول جو کاتب کے پیشِ نظر تھے، سمجھ میں نہیں آتے تھے۔ دوسرے زبان اور اس میں استعمال ہونے والے الفاظ موجودہ زبان سے بالکل مختلف تھے۔ ڈیڑھ سال کی محنت و کوشش اور لغات کے ساتھ سر کھپانے کے بعد میں اس قابل ہو گیا کہ کسی حد تک میں اسے پڑھ سکوں۔ مجھے اس کا بھی اندازہ ہوا کہ کاتب مختلف حروف اور ان کے جوڑ کی مختلف شکلیں

---

[1] "دیوان نصرتی" مطبوعہ رسالہ صحیفہ لاہور شمارہ ۱۲، اکتوبر ۱۹۶۰ء۔ الگ کتابی شکل میں "توسین" لاہور نے بھی ۱۹۶۳ء میں دیوان نصرتی شائع کیا

www.taemeernews.com

کس طرح لکھتا ہے۔ مختلف حروف مثلاً پ، گ، ڑ، ڈ کے لئے وہ کیا عمل کرتا ہے۔ دوسرے حروف وہ کس کس طرح بناتا ہے۔ یہ مشکل بھی ہمیشہ پریشان کرتی رہی کہ لفظ پڑھ لیا تو اس کی تصدیق کے لیے معنی کی تلاش ہوئی۔ یہ کام بھی ساتھ ساتھ جوتا رہا۔ پھر دو سال کے اندر اندر مجھ میں یہ حوصلہ پیدا ہو گیا کہ میں اس مخطوطے کی پہلی نقل تیار کروں۔ اس نقل کا مقابلہ جب اصل سے کیا تو اس میں اتنی کاٹ چھانٹ ہوئی کہ میں دوسری نقل تیار کرنے پر مجبور ہوا۔ دوسری نقل کا مقابلہ جب پھر اصل سے کیا اور ہر لفظ پر غور کیا تو یہ دوسری نقل بھی اس قابل نہ رہی کہ اسے صاف کیا جا سکے۔ دوسری نقل اور اصل کو سامنے رکھ کر میں نے تیسری نقل تیار کی جو ۲۱ اگست ۱۹۷۱ء کو مکمل ہوئی۔ یہ تیسری نقل مع بلاک سے چھپے ہوئے نسخے کے میں نے جناب اکبر صدیقی صاحب کو بھجوا دی کہ وہ براہ کرم میری تیار کردہ نقل کو اصل کے ساتھ ملا کر دیکھ لیں۔ یہ کام انھوں نے دو ماہ کے عرصے میں انجام دیا اور بہت سے الفاظ کی صحت کی۔ میں ان کی اس عنایت بے پایاں کے لئے شکر گزار ہوں کہ انھوں نے اپنا قیمتی وقت، عمر کے اس حصے میں جب وہ سترویں سال میں ہیں، صرف کیا۔ اور ایسے قیمتی مشوروں سے مستفیض فرمایا کہ اگر ان کی مدد شامل نہ ہوتی تو شاید میں بہت سی فاحش غلطیاں کرتا۔ خدا انہیں سلامت رکھے اور عمر نوح عطا فرمائے۔

اب یہ مثنوی ـــــ "کدم راؤ پدم راؤ" جو اردو زبان کی پہلی معلوم تصنیف اور تقریباً پونے چھے سو سال پہلے لکھی گئی تھی، اس اہتمام کے ساتھ شائع ہو رہی ہے کہ سیدھے ہاتھ کی طرف مخطوطے کے ہر صفحے کا عکس چھاپا گیا ہے اور اس کے سامنے بائیں صفحے پر میرا تیار کردہ "متن" شائع کیا گیا ہے تاکہ اہل علم و تحقیق دونوں کا مقابلہ کر کے یہ معلوم کر سکیں کہ میں نے کہاں کہاں غلطی کی ہے اور اس طرح متن کی مزید اصلاح ہو سکے۔ اس مخطوطہ کو انتہائی دیدہ ریزی و محنت سے پڑھنے کی منزل سر کرکے مجھے وہی خوشی حاصل ہوئی ہے جو سرا ہلیری اور تنزنگ کو دنیا کی سب سے بڑی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے سے ہوئی تھی اور یہی خوشی میری محنت کا ثمر ہے۔

۲

زمانۂ تصنیف

تاریخ شاہد ہے کہ علاء الدین خلجی نے ۱۳۱۰ء تک دکن، گجرات اور مالوہ کے علاقوں کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا تھا اور ان علاقوں کا انتظام و انصرام بہتر و موثر بنانے کے لیے اس سارے علاقے کو سو سو گاؤں کے حلقوں میں تقسیم کر کے ہر حلقے پر ایک ترک سردار مقرر کر دیا تھا۔ "شمال" سے آیا ہوا یہ ترک سردار جو "امیر صدہ" کہلاتا تھا نہ صرف مالیات کا ذمہ دار تھا بلکہ اپنے حلقے کے نظم و نسق اور فوجی ضروریات کا بھی ذمہ دار تھا۔ چند ہی سال کے عرصے میں یہ ترک سردار اپنے اپنے حلقوں میں اپنے لواحقین اور متوسلین کے ساتھ ایسے آباد ہو گئے گویا یہ یہیں کے باشندے تھے۔ یہ امیر اور ان کے لواحقین و متوسلین

www.taemeernews.com

اپنے اپنے گھروں میں اپنی اپنی بولیاں بولتے لیکن جب بازار ہاٹ میں ملتے اور مقامی باشندوں سے معاشرتی سطح پر لین دین کرتے تو وہ اُس زبان میں جو شمال سے وہ اپنے ساتھ لائے تھے مقامی زبانوں کے الفاظ شامل کرکے بات چیت کرتے تیس پینتیس سال کے عرصے میں یہ علاقے ان کا وطن بن گئے۔ اور وہ نسل جو یہاں پیدا ہوئی اور پلی بڑھی اس کے لیے "شمال" کا تصور ایک دُور دیس کے تصور سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا تھا۔ خلجیوں کے زوال کے بعد جب تغلقوں کی سلطنت قائم ہوئی اور محمد تغلق (۷۲۶ھ/۱۳۲۵ء - ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء) کا دورِ حکومت آیا تو اس نے بھی علاء الدین خلجی کے قائم کردہ امیرانِ صدہ کے نظام کو نہ صرف برقرار رکھا بلکہ اسے زیادہ مضبوط و موثر بنایا اور ساتھ ساتھ سلطنت میں مزید استحکام پیدا کرنے کے لئے دولت آباد (دیوگری) کو ۷۲۸ھ/۱۳۲۷ء میں اپنا پایۂ تخت بنایا۔ اب غور کیجئے کہ جب علاء الدین خلجی نے شمالی ہند کے بے شمار خاندانوں کو دکن گجرات اور مالوہ میں حکمران بنا کر آباد کیا اور محمد تغلق دلّی کو اٹھا کر دولت آباد لے گیا تو وہاں تہذیبی، معاشرتی اور لسانی سطح پر کیا کیا تبدیلیاں نہ آئی ہوں گی۔

رفتہ رفتہ دکن، گجرات اور مالوہ میں "امیرانِ صدہ" ایک نئی طاقت بن گئے اور ان کی حیثیت ایک بڑے، متحد اور گُتھے ہوئے خاندان کی سی ہو گئی۔ وہ نہ صرف آپس میں شادی بیاہ کرتے بلکہ وقت پڑنے پر ایک دوسرے کی مدد بھی کرتے۔ محمد تغلق کی سخت مزاجی اور جابرانہ روش کے باعث امیرانِ صدہ محمد تغلق سے ناراض ہو کر اسکے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنے لگے۔ بغاوتوں کا یہ سلسلہ پھیلتا اور بڑھتا گیا اور یہ سارے علاقے اس کی لپیٹ میں آگئے۔ یہ بغاوت یہاں تک بڑھی کہ جب ملا نظام الدین، ملک احمد چین اور ملک علی کو بادشاہ نے حکم دیا کہ وہ امیرانِ صدہ فراہم کریں تو امیرانِ صدہ نے، جن میں اسمٰعیل مخ اور حسن ظفر خان بھی شامل تھے، ملک احمد و ملک علی کو قتل کر دیا اور ملا نظام الدین سے قلعہ اور خزانے کی کنجیاں چھین کر قبضہ کر لیا[1] اور اسمٰعیل مخ کو اپنا بادشاہ بنا لیا جو ناصر الدین شاہ کے لقب سے تختِ سلطنت پر متمکن ہو گیا۔ دو سال بعد جب دہلی کی فوجیں شکست کھا کر واپس ہوئیں تو سب امیرانِ صدہ نے اپنے متفقہ فیصلے سے حسن ظفر خان کو ۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء میں اس نئی سلطنت کا تاجدار بنا دیا[2]۔ حسن ظفر خان، جو علاء الدین خلجی کے مشہور جنرل ظفر خان کا بھانجا تھا[3] اور ملتان سے چل کر دہلی آیا تھا اور ترقی کرکے امیر صدہ بنا کر دکن بھیجا گیا تھا، "علاؤ الدین حسن بہمن شاہ" کا لقب اختیار کرکے تختِ سلطنت پر جلوہ افروز ہو گیا۔ اسی کے ساتھ شہنشاہ بابر کی آمد سے تقریباً پونے دو سو سال پہلے، سرزمینِ دکن پر ایک عظیم الشان سلطنت کی بنیاد پڑ گئی[4]۔ یہ واقعہ محمد تغلق کی زندگی ہی میں اس کی آنکھوں کے سامنے

---

[1] تاریخ بہمنی سلطنت — عبدالمجید صدیقی ص۵۳-۵۵۔ ادارۂ ادبیاتِ اردو، حیدرآباد دکن۔

[2] ایضاً ص۶۱

[3] محبوب الوطن تذکرۂ سلاطینِ دکن حصہ اول۔ عبدالجبار خاں۔ مطبع فخر نظامی حیدرآباد ص۵

[4] برہان مآثر تالیف سید علی طباطبا۔ مجلس مخطوطات فارسیہ حیدرآباد دکن۔

www.taemeernews.com

پیش آیا۔ اس زمانے میں شمال انتشار کا شکار تھا۔ تغلقوں کے بعد سیدوں کی حکومت قائم ہوئی اور اس کے بعد لودھی بادشاہ بن بیٹھے۔ ۸۰۱ھ / ۱۳۹۸ء میں امیر تیمور کے حملے نے شمالی ہند کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ اگر اس وقت سارے برصغیر میں کوئی قابلِ ذکر سلطنت باقی رہ گئی تھی تو یہی بہمنی سلطنت تھی۔ ان تمام واقعات نے شمال کے بہت سے خاندانوں کو مجبور کیا کہ وہ ہجرت کر کے ان علاقوں میں چلے آئیں جہاں امن وامان اور معاشی خوشحالی میسر تھی۔ اس عرصے میں لاتعداد خاندان' اہلِ ہنر' علما وفضلا' گجرات' دکن اور مالوہ چلے آئے۔[1] خواجہ بندہ نواز گیسو دراز بھی دہلی سے گلبرگہ ۸۰۵ھ / ۱۴۰۲ء میں پہنچے اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ اس وقت بہمنی سلطنت کا آٹھواں بادشاہ فیروز شاہ بہمنی تختِ سلطنت پر متمکن تھا اور بانیٔ بہمنی سلطنت ــــ" علاء الدین حسن بہمنی شاہ" کی وفات کو صرف ۵۹ سال کا عرصہ گزرا تھا۔

اس تاریخی پس منظر میں اب مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" کو دیکھیے۔ اس میں کہیں تاریخ تصنیف درج نہیں ہے لیکن مثنوی میں یہ دو مقامات قابلِ توجہ ہیں۔

۱۔ "نعت رسول" کے بعد "مدح سلطان علاء الدین بہمنی نوراللہ مرقدہٗ" کے عنوان کے تحت مثنوی میں مدحیہ اشعار آتے ہیں جس کا پہلا شعر یہ ہے۔

بڑا شاہ وہ شاہ جس شاہ جگ	رہیں سیو تے جس نم تس پائے لگ	(شعر ۵۲)

۲۔ بارہ اشعار کے بعد ایک "مدح" میں یہ شعر ملتے ہیں۔

شہنشہ بڑا شاہ احمد کنوار	پرت پال سنسار کرتار ادھار	۶۴
دھنیں تاج کا کون راجا اجنگ	کنور شاہ کا شاہ احمد بھجنگ	۶۵
لقب شہ علی آل بہمن ولی	ولی تھی بہت بدھ تدآ گلی	۶۶
جہانگیر توں شاہ گڑوا کبیر	سمندر منوکت سمندر سریر	۶۷

ان اشعار سے نصیر الدین ہاشمی مرحوم نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ "علاء الدین بہمنی کا انتقال ہو چکا تھا اور اشعار ماقبل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ احمد شہزادہ تھا۔"[2] پھر آگے چل کر لکھتے ہیں کہ "مثنوی علاؤالدین بہمنی کے انتقال کے بعد لکھی گئی ہے اور اس کا ولی عہد احمد تھا۔ خاندانِ بہمنی کے سلسلے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ سوائے گیارھویں حکمران علاء الدین ہمایوں شاہ کے کوئی ایسا حکمران نہیں ہوا جس کا لقب علاء الدین ہو اور احمد شاہ اس کے ولی عہد کا نام ہو۔ یہ احمد شاہ ثالث ۸۶۵ھ ــــ ۸۶۷ھ تک حکمراں رہا ہے۔ اس لئے اس مثنوی کی تصنیف بھی اسی زمانہ میں قرار دینی چاہیئے۔"[3] پھر خود ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ "اگرچہ تاریخ فرشتہ میں احمد شاہ ثالث

---

[1] خاتمۂ مرآۃ احمدی مصنفہ مرزا محمد حسن علی محمد خان بہادر ص ۲۴ مطبوعہ بیپٹسٹ مشن پریس کلکتہ ۱۹۲۸ء

[2] دکن میں اردو ص ۳۴ اردو اکیڈیمی سندھ' کراچی ۱۹۶۰ء

[3] ایضاً ۳۵

www.taemeernews.com

کا لقب نظام شاہ بہمنی لکھا ہے مگر جو سکے ۸۶۵ھ سے ۸۷۰ھ تک مضروب ہوئے ہیں ان پر بادشاہ کا نام احمد شاہ مسکوک ہے[۱] مولوی عبدالحق کا بھی یہی خیال ہے[۲]

سخاوت مرزا صاحب کا خیال یہ ہے کہ "بہر حال نظامی کا علاء الدین احمد شاہ ثانی (۸۳۸ تا ۸۶۲ھ) کا معاصر ہونا قطعی ہے۔ علاء الدین حسن گنگو بہمنی کے دور سے اس کا تعلق نہیں اس لئے کہ حسن گنگو بہمنی کے بیٹوں میں احمد شاہ نامی کوئی شہزادہ نہیں تھا البتہ احمد شاہ ولی البہمنی اس کا پوتا اور اس سلسلہ کا نواں بادشاہ تھا[۳]"

جناب افسر صدیقی امروہوی کا خیال یہ ہے کہ "نظام شاہ صرف دو سال بادشاہ رہا..... اور اس دو سال کی مدت میں دو جنگیں ہوئیں..... بادشاہ اور اس کے حواریوں کو اتنی فرصت کہاں ملی ہوگی کہ علمی و ادبی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ نظام شاہ کی خُرد سالی میں اس کی والدہ مخدومۂ جہاں اور خواجہ محمود گاواں تمام امورِ سلطنت کے منتظم و مہتمم تھے۔ نظامی اگر اس عہد میں ہوتا تو یہ کس طرح ہو سکتا تھا کہ وہ بادشاہ کا ذکر تو کرتا اور ان شخصیتوں کو نظر انداز کر دیتا جو در اصل مُہماتِ ملکی کی سربراہ تھیں۔ تاریخِ فرشتہ کا آغاز ۹۹۸ھ میں بیجاپور میں ہوا۔ کیا اتنی سی مدت میں بہمنی سلاطین کے سکے اس قدر نایاب ہو گئے تھے کہ فرشتہ کو ایک بھی نہ مل سکا جس کے سہارے وہ نظام شاہ کا نام احمد شاہ تحریر کرکے غلط فہمی کی بنیاد چھوڑ جاتا[۴]" اور یہ نتیجہ نکالا ہے کہ "ایک وہ احمد شاہ جیسے بڑا شہنشاہ اور ولی کہا گیا ہے۔ دوسرا وہ احمد شاہ جیسے بادشاہ کا کمزور ظاہر کیا گیا ہے[۵]"

اس ساری بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کسی کو اس بات سے اختلاف نہیں ہے کہ یہ مثنوی بہمنی دور میں لکھی گئی ہے۔ البتہ اختلاف اس بات میں ہے کہ یہ کس بادشاہ کے دور میں لکھی گئی۔ ہاشمی صاحب اور عبدالحق صاحب اس مثنوی کی تصنیف کا زمانہ ۸۶۵ھ اور ۸۶۷ھ کا درمیانی عرصہ بتاتے ہیں اور افسر صدیقی صاحب ۸۲۵ھ اور ۸۳۸ھ کے درمیان کا زمانہ بتلاتے ہیں[۶] فرق صرف چالیس سال کا ہے۔ آیئے اب ہم دیکھیں کہ نئی معلومات کی روشنی میں اصل حقیقت کیا ہے؟

۱۔ افسر صدیقی صاحب کی یہ دلیل کہ نظامی اگر اس عہد میں ہوتا تو یہ کس طرح ہو سکتا تھا کہ وہ بادشاہ کا ذکر تو کرتا

۱۔ دکن میں اردو ص۳۵ اردو اکیڈیمی سندھ کراچی ۱۹۶۰ء

۲۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد دوم ص۳۳۵ طبع اول ۱۹۶۶ء

۳۔ سہ ماہی اردو ادب علی گڑھ ۱۹۶۲ء شمارہ ۲ صفحہ ۴۴

۴۔ مخطوطات انجمن ترقی اردو جلد اول ص۳۶۵ مطبوعہ انجمن ترقی اردو پاکستان۔ کراچی ۱۹۶۵ء

۵۔ ایضاً ص۳۶۵

۶۔ ایضاً ص۳۶۷

www.taemeernews.com

اور ان شخصیتوں کو جو منتظم و مہتمم تھیں یعنی ملکہ مخدومۂ جہاں اور خواجہ محمود گاواں کو نظر انداز کر دیتا اس لیے زیادہ قابلِ قبول نہیں ہے کہ مثنوی ناقص الاوسط ہے۔ مخطوطہ کے ص۱۱ کے بعد ہی جس پر مدحیہ اشعار ملتے ہیں، تسلسل قائم نہیں رہتا۔ اس نامکمل مدح کے پیشِ نظر یہ فیصلہ کرنا کسی طرح مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

۲۔ ہاشمی صاحب کا یہ کہنا کہ سوائے گیارھویں حکمران علاء الدین ہمایوں شاہ کے کوئی اور ایسا حکمران نہیں ہوا جس کا لقب علاء الدین اور احمد شاہ اس کے ولی عہد کا نام ہو اس لیے قابلِ قبول نہیں ہے کہ وہ اپنی تردید بھی یہ کہہ کر خود ہی کر دیتے ہیں کہ "اگرچہ تاریخِ فرشتہ میں احمد شاہ ثالث کا لقب نظام شاہ بہمنی لکھا ہے" اور وہ قریب ترین معاصر تاریخ کو چھوڑ کر صرف سکّوں کو دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ

۱۔ اس دَور کے قریب ترین مورخ فرشتہ کو صرف سکّوں کی بنیاد پر کیوں اور کیسے رد کر دیا جاتا ہے؟

۲۔ برہانِ مآثر کا مصنف سید علی طباطبائی، جو فرشتہ کا ہم عصر ہے کہیں نظام شاہ کو احمد شاہ ثالث نہیں لکھتا بلکہ "سلطان نظام شاہ ابن سلطان ہمایوں شاہ"[۱] لکھتا ہے۔ پھر سلطان نظام شاہ کو احمد شاہ ثالث کیسے مان لیا جائے؟

۳۔ بہمنی سلطنت کا پہلا بادشاہ علاء الدین حسن بہمن شاہ (۷۴۸ھ — ۷۵۹ھ) ہے۔ اس کے چار بیٹے تھے — محمد شاہ اول (۷۵۹ — ۷۷۶ھ)، داؤد شاہ (۷۷۹ — ۷۸۰ھ)، احمد خان اور محمود خان۔ علاء الدین بہمنی کے بعد محمد شاہ اول تخت نشین ہوا۔ اس کے بعد محمد شاہ کا بیٹا مجاہد شاہ (۷۷۶ھ — ۷۷۹ھ) اور پھر محمد شاہ کا بھائی داؤد شاہ۔ اس کے بعد شمس الدین ۷۹۹ھ پھر غیاث الدین ۷۹۹ھ، پھر آٹھواں بادشاہ فیروز شاہ ہوا جو احمد خاں کا بیٹا تھا اور علاء الدین بہمنی، بانیٔ سلطنت کا پوتا تھا۔ احمد خاں کے دو لڑکے تھے — ایک فیروز شاہ اور دوسرا احمد شاہ ولی بہمنی جو فیروز شاہ سے سلطنت حاصل کر کے بادشاہ بنا اور جس پر خواجہ بندہ نواز گیسو دراز بہت مہربان تھے۔[۲]

اب ان معلومات کی روشنی میں وہ شعر پڑھیے جو مثنوی میں "مدح سلطان علاء الدین بہمنی" کے تحت لکھے گئے ہیں اور جو اوپر نقل کیے جا چکے ہیں۔ ان اشعار میں دو احمد بیان ہوئے ہیں۔ ایک وہ احمد شاہ جسے بڑا شہنشہ ظاہر کیا گیا ہے اور دوسرا وہ احمد جسے بادشاہ کا کنور ظاہر کیا گیا ہے اور جس کا لقب احمد ولی بہمنی بتایا گیا ہے۔[۳] اس لحاظ سے تاریخ کی ورق گردانی کیجیے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی احمد شاہ ولی البہمنی ہے جو احمد خاں کا بیٹا اور علاء الدین حسن بہمنی، بانیٔ سلطنت کا پوتا ہے۔ تذکرہ سلاطین دکن[۴] میں مذکور ہے کہ:۔

۱؎ برہان مآثر۔ ص۲۶ مجلس مخطوطات فارسیہ حیدرآباد دکن۔

۲؎ تاریخ فرشتہ (ترجمہ اردو) ص۴۹۵ و ص۵۰۳ جلد اول۔ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔

۳؎ مخطوطات انجمن ترقی اردو جلد اول ص۳۶۸ مرتبہ افسر صدیقی امروہوی۔

۴؎ تذکرۂ سلاطینِ دکن از عبدالجبار خاں ص۵۳۴ مطبوعہ فخر نظامی حیدرآباد۔

www.taemeernews.com

"چونکہ احمد شاہ بہمنی ولی مشہور تھا۔ زندگی میں تمام اس کی ولایت کو مانتے تھے۔ مرنے کے بعد زندگی سے زیادہ اس کی ولایت کی قدر کرنے لگے۔"

ان تمام شواہد کی روشنی میں اب یہ کہا جاسکتا ہے کہ اسی احمد شاہ ولی البہمنی کے دورِ حکومت (۸۲۵ھ / ۱۴۲۱ء — ۸۳۹ھ / ۱۴۳۵ء) میں اردو زبان کی یہ پہلی معلوم مثنوی کدم راؤ پدم راؤ لکھی گئی۔

مخطوطہ کے مٹے پر بانیٔ سلطنت "سلطان علاء الدین بہمنی نوراللہ مرقدہٗ" کی مدح میں اشعار لکھے گئے ہیں اور ساری الجھن اس بات سے پیدا ہوتی ہے کہ یہ مدح بھی پوری نہیں ہے۔ بیچ کے صفحات مخطوطے سے غائب ہیں لیکن جتنے اشعار موجود ہیں ان میں بھی بانیٔ سلطنت کی تعریف کرتے کرتے احمد شاہ ولی البہمنی اور اس کے والد کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یہ اشعار اس امر کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ آئندہ اس بادشاہ کی تعریف میں اشعار آئیں گے۔

گمانِ غالب ہے کہ یہ مثنوی بیدر میں لکھی گئی ہو اس لئے کہ احمد شاہ ولی نے ۸۳۴ھ / ۱۴۳۰ء میں اپنا دارالسلطنت گلبرگہ کے بجائے بیدر کو بنایا تھا۔ اگر یہ بیدر میں لکھی گئی تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ نظامی نے اسے ۸۳۴ھ / ۱۴۳۰ء اور ۸۳۹ھ / ۱۴۳۵ء کے درمیانی عرصہ میں تصنیف کیا۔ یہ علاقہ کنڑی کا علاقہ ہے لیکن مرہٹی کا اثر بھی اس علاقے کی زبان پر موجود ہے۔

مثنوی کا نام

اس مثنوی کا اصل نام کیا تھا یہ بھی اس وجہ سے معلوم نہیں ہے کہ مثنوی کے ابتدائی اور آخری صفحات غائب ہیں۔ مثنوی کے دو کردار ہیں۔ ایک کدم راؤ جو راجہ ہے۔ دوسرا پدم راؤ جو وزیر ہے۔ مولانا نصیر الدین ہاشمی نے انہی کرداروں کی مناسبت سے اس کا نام مثنوی کدم راؤ پدم راؤ رکھ دیا ہے اور یہ مثنوی اب اسی نام سے مشہور ہے۔ ہاشمی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ "ایک مثنوی جو کدم راؤ پدم راؤ سے موسوم تھی ہم نے لطیف الدین ادریسی مرحوم تاجرکتب کے پاس دیکھی تھی اور اسی زمانہ میں اسکے نوٹ اخذ کئے تھے ممکن ہے نواب سالار جنگ مرحوم کے مخطوطات میں موجود ہو[1]" لیکن کتب خانہ سالار جنگ کی وضاحتی فہرست کی اشاعت کے بعد اب یہ بات صاف ہوگئی ہے کہ وہاں بھی اس مثنوی کا کوئی نسخہ موجود نہیں ہے۔ ہاشمی صاحب کے اس بیان سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خود تاجر کتب نے اس مثنوی کا "نام کدم راؤ پدم راؤ" رکھ دیا تھا۔ اور یہی نام ہاشمی صاحب نے قبول کرلیا۔ اس کا بھی امکان ہے کہ کتب خانۂ خاص انجمن ترقی اردو پاکستان کا یہ نسخہ وہی ہو جسے نصیر الدین ہاشمی نے لطیف الدین ادریسی کے پاس دیکھا تھا۔

---

[1] دکن میں اردو ص ۳۳

www.taemeernews.com

نام و حالاتِ مصنف

مخطوطہ کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کے مصنف کا نام فخر دین اور تخلص نظامی تھا۔ مثنوی میں کئی جگہ اس نے اپنا نام اور تخلص ساتھ ساتھ استعمال کیا ہے اور التزام یہ رکھا ہے کہ پہلے ایک شعر میں وہ خود کو اپنے پورے نام فخر دیں سے مخاطب کرتا ہے اور ایک یا دو شعر کے بعد وہ اپنا تخلص لاتا ہے۔ کئی جگہ اس نے صرف اپنا نام فخر دین استعمال کیا ہے مثلاً ص۲۲ کا یہ شعر دیکھیے:

کہے فخر دیں ایک سا چا بچن۔ + پہلے پڑ کھنے جے کرے کوئی کن

اسی طرح ص۹ پر بھی وہ صرف فخر دیں لاتا ہے۔

کرجے فخر دیں گیان ہے دیہہ سدھ + پدم مکھ باچے کدم کون بدھ۔

ص۱۰ پر پہلے شعر میں فخر دیں اور اس کے فوراً بعد دوسرے شعر میں اپنا تخلص لاتا ہے۔ وہ اشعار یہ ہیں۔

تہیں فخر دیں دیکھ انیاد راد + کرین دوس دھن پر ہری ڈکھ لاد

نظامی دھر ڈکھ کیوں راو دے + کرپت ورت گن بات دھن سوکے

ص۵ پر بھی نام اور تخلص دو اشعار میں اوپر نیچے آئے ہیں۔

سنور فخر دیں اب کسی سنورے + الولا مرا اپنا اُسی سنورے

نظامی جس اوپر پھری ایک چک + رتن لال موتی بھرے تس مکھ

ص۳ پر یہ دو شعر ملتے ہیں:

سنوے فخر دیں توں بسرا نکھیا + محمد نبی خاتم انبیا

نظامی کہنہار جس یار ہوئے + سُنہار سن نغز گفتار ہوئے

یہ انداز تخاطب آج بھی پنجاب میں رائج ہے اور اکثر قدیم شعرائے پنجاب اپنے کلام میں خود کو اسی طرح مخاطب کرتے ہیں۔

اسی طرح فخر دیں قسم کے نام آج بھی پنجابی مسلمانوں میں عام ہیں۔ پرت نامہ (قبل ۹۰۳ھ) کے مصنف فیروز کا نام بھی قطب دین تھا جیسا کہ خود اسنے ایک شعر میں ظاہر کیا ہے:

مجے ناؤں ہے قطب دیں قادری + تخلص سو فیروز ہے بیدری

ان شواہد کی روشنی میں کہ جب مصنف نے خود اپنا نام بار بار فخر دیں لکھا ہے اسے "فخر الدینؒ" لکھنا صحیح نہیں ہے۔[1]

---

[1] بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم نے خود اپنے قلم سے اس مخطوطہ پر مصنف کا نام فخر الدین لکھا ہے اور اپنے مضمون "اردو" مطبوعہ دائرۂ معارف اسلامیہ ص۳۲ مطبوعہ لاہور میں بھی یہی لکھا ہے کہ "مصنف کا نام فخر الدین نظامی تھا" جو یقیناً صحیح نہیں ہے۔

www.taemeernews.com

نظامی کی زندگی کے حالات کسی تذکرہ و تاریخ میں نہیں ملے۔ مثنوی کی داخلی شہادت کے پیشِ نظر صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ احمد شاہ ولی البہمنی کے زمانہ میں بیدر میں تھے۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ وہ دربار سے وابستہ تھے یا نہیں۔ وہ فارسی داں ضرور تھے اس لئے کہ مثنوی کے سارے عنوانات فارسی میں لکھے گئے ہیں۔ قدیم شعرا میں بھی کسی اور شاعر کا نام نظامی نہیں ملتا سوائے ایک نظامی کے جس نے "خوفنامہ"[1] تصنیف کیا تھا جس میں روزِ قیامت اور میدانِ حشر کے حالات کو بیان کر کے درسِ اخلاق دیا گیا ہے۔ "خوفنامہ" کے زبان و بیان کو دیکھتے ہوئے بلا خوفِ تردید کہا جا سکتا ہے کہ یہ خوفنامہ اس نظامی کا نہیں ہے جس نے مثنوی کدم راؤ پدم راؤ لکھی ہے۔ "خوفنامہ" اس دَور کی تصنیف ہے جب اُردو زبان ہندی روایت کے سارے امکانات جذب کر کے، فارسی روایت کے راستے پر چل چکی تھی۔

اشعار کی تعداد

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کی اشاعت کے بعد یہ بات اب اختلافی نہیں رہتی کہ مثنوی میں اشعار کی تعداد کتنی ہے؟[2] جیسا کہ متن سے ظاہر ہے اس مثنوی میں اشعار کی تعداد ۱۰۳۲ ہے اور ۱۰۳۳ واں شعر نامکمل ہے۔ اس کے بعد کے اشعار ضائع ہو گئے ہیں۔

مثنوی اور اس کا خلاصہ

مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" اپنی ہیئت کے اعتبار سے فارسی مثنوی کی مقررہ ہیئت اور "فعولن فعولن فعولن فعل" کے وزن میں لکھی گئی ہے۔ آخری رکن کہیں کہیں "فعل" کی جگہ "فعول" ہو گیا ہے۔ یہ تبدیلی قانونِ اوزان و بحور کے مطابق ہے۔ حسبِ قاعدہ پہلے حمد آتی ہے۔ پھر نعت رسول اور اس کے بعد بانیٔ سلطنت بہمنی کی مدح آتی ہے۔ چونکہ مدح کے اشعار بھی مخطوطہ میں پورے نہیں ہیں اور مدح کے بعد کے بھی کئی صفحات کم ہیں اس لیے فوراً قصہ شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کیا سوال تھے جو راجہ کدم راؤ نے اپنے وزیر پدم راؤ سے پوچھے تھے۔ مخطوطے کے صفحات بیچ بیچ میں غائب ہونے کی وجہ سے قصہ کا تسلسل بھی بار بار ٹوٹ جاتا ہے۔

قصہ یہاں سے شروع ہوتا ہے کہ کدم راؤ (راجہ) اپنے وزیر (پدم راؤ) سے کہ رہا ہے کہ بغیر سوچے سمجھے بات کرنا

---

[1] خوفنامہ (قلمی) مخزونہ انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی

[2] ہاشمی صاحب نے اشعار کی تعداد ۱۰۲۵ بتائی ہے (دیکھیے مقالاتِ ہاشمی) سخاوت مرزا صاحب نے ۱۰۴۹ بتائی ہے (دیکھیے سہ ماہی اردو ادب علی گڑھ ۱۹۶۲ ص۳۱)۔ افسر صدیقی صاحب نے ۱۰۳۹ بتائی ہے (دیکھیے مخطوطات انجمن ترقی اردو جلد اول ص۲۶۳)۔

www.taemeernews.com

اچھا نہیں ہے۔ میں نے جو کچھ تجھ سے کہا ہے (وہ کیا کہا تھا اشعار کے بیچ میں سے ضائع ہو جانے کے باعث معلوم نہیں کیا جاسکتا) اس پر اچھی طرح غور کر کے مجھے جواب دے۔ اگر تو اپنی خطا بخشوانا چاہتا ہے اور بعد میں پچھتانا نہیں چاہتا تو صحیح صحیح جواب دے۔ یہ بات کہہ کر راجہ محل میں چلا گیا۔ وہ اتنا غصہ میں تھا کہ اسنے یہ بھی نہیں دیکھا کس نے سلام کیا اور کس نے سلام نہیں کیا۔ میں بھرا ہوا راجہ محل میں جا کر سنگھاسن پر بیٹھ گیا۔ اس کی اس حالت کو دیکھ کر محل کی رانیاں اور کنیزیں گھبرا گئیں۔ پہر رات گئے تک اس کی یہی حالت رہی۔ کوئی عورت اُسے رام نہ کر سکی۔ جب رانی نے اس کا ہاتھ ڈرتے ڈرتے پکڑا تو راجہ کدم راؤ نے کہا کہ اور باتیں چھوڑ اور یہ بتا کہ ناگن نے کیا چھند کیا تھا۔ کدم راؤ نے رانی سے یہ بھی کہا کہ کسی غیر عورت کے ساتھ بُرا کام کرنے سے زیادہ بُرا دنیا میں کوئی اور کام نہیں ہے۔ اُسی کا نام دونوں جہاں میں روشن ہوتا ہے جو پرائی عورت کو اپنی ماں بہن سمجھتا ہے۔

"پھر گفتن کدم راؤ با ناگنی" کی سُرخی آتی ہے جو کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ قصے کے لحاظ سے گفتن پدم راؤ با ناگنی" ہونا چاہیئے۔ ناگنی سے بات کر کے پدم راؤ کدم راؤ کو ختم کرنے کے لیے دبے پاؤں جاتا ہے۔ اسنے دیکھا کہ اس کے سرہانے پان پھول رکھے ہیں۔ وہ اس خیال سے اس میں جا بیٹھا کہ جیسے ہی راجہ پھول پان کی طرف رُخ کرے گا وہ اُسی وقت اُسے کاٹ کھائے گا۔ پدم راؤ ابھی اسی خیال میں تھا کہ اتنے میں رانی کدم راؤ کے پاس گئی اور اس کے پاؤں دبانے لگی۔ پاؤں دبانے سے راجہ کی آنکھ کھُل گئی۔ وہ ڈری ہوئی تو تھی ہی۔ کہنے لگی کہ ہماری زندگی تمہاری محبت پر قائم ہے۔ اگر راجہ کھُل کر بات کرے تو میں اس کا صحیح جواب دوں۔

کدم راؤ نے رانی سے کہا ــــ سُنا تھا کہ عورت بہت فریب جانتی ہے۔ ایسا فریب آج پہلے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا۔ میں اس وقت سے بہت حیران و پریشان ہوں۔ بھلا کہاں اچھی ذات کی ناگن اور کہاں ادنیٰ ذات کا سانپ۔ لیکن میں نے دیکھا کہ ناگن کوڑیال سے "میل کھا رہی" ہے۔ خدا نے مجھے حاکم بنایا ہے۔ میں اس بات کو برداشت نہ کر سکا۔ اور تلوار لے کر اسی وقت سانپ کو مار ڈالا لیکن ناگن جان بچا کر بھاگ گئی اور میری تلوار سے اس کی دُم کٹ گئی۔ یہ واقعہ دیکھ کر مجھے عورت پر بھروسا نہیں رہا۔ اس واقعہ کے بعد سے اے رانی! مجھے تیرا اعتبار بھی نہیں رہا۔ سونے کی چھُری بھی پیٹ میں نہیں ماری جاتی۔ سانپ کا ڈسا ہوا رسّی سے بھی ڈرتا ہے۔ اور دودھ کا جلا چھاچ کو بھی پھونک مار مار کر پیتا ہے۔ رانی نے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ اگر راجا سُنے تو میں کچھ عرض کروں۔ جو کچھ تو نے کہا ہے وہ بالکل سچ ہے۔ اگر میرا کوئی قصور ہے تو میں جان دینے کو تیار ہوں۔ لیکن دوسرے کا قصور مجھ پر نہ ڈالا جائے۔ بُرائی بھلائی دنیا میں ساتھ ساتھ ہے۔ چاند اتنا حسین ہے لیکن اس میں بھی داغ ہے۔ کون سا مرد ہے جس کا پاؤں نہیں ڈگمگاتا اور کون سا درخت ہے جو ہوا سے بچ رہتا ہے۔ تمام پتھر ایک قیمت کے نہیں ہوتے۔ سب عورتوں کو ایک جیسا نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر تُو اُداس رکھے گا تو رعایا بھی بھوکوں مرے گی اور محل بھی فاقہ کرے گا۔ کیا تو نے نہیں سُنا کہ جان خوش تو جہان خوش۔ نہ تیرا کوئی عقلمند بیٹا ہے اور نہ کوئی دوست ہے۔ آخر تیرا راج کون سنبھالے گا؟

www.taemeernews.com

جو کچھ تو نے دیکھا وہ گزر چکا اور جو نقش و نام ہیں وہ بھی نہیں رہیں گے۔ لوگوں کے ساتھ بھلائی کرنی چاہیئے جس کے بدلے میں بھلائی حاصل ہو۔

کدم راؤ نے کہا کہ اے رانی! تو نے شوہر پرستی کی جو بات کہی وہ بالکل سچ ہے لیکن ٹوٹے ہوئے دل کا کوئی علاج نہیں ہے۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ کو کانپ (پتلی سی بانس کی لکڑی) سے باندھا جا سکتا ہے لیکن ٹوٹے ہوئے دل کو کسی چیز سے بھی سہارا نہیں دیا جا سکتا۔ پاپ اگر میرا باپ بھی کرے تو مجھے پسند نہیں۔ مجھے سکھ اس وقت حاصل ہوتا ہے جب کسی کو سچائی پر چلتا ہوا دیکھتا ہوں۔ عورت اسی وقت تک عقلمند رہتی ہے جب تک وہ کسی دوسرے مرد کو نہ دیکھے۔ مرد عورت کے چھل فریب سے واقف نہیں ہے۔ وہ ظاہر میں محبت جتاتی ہے مگر دل میں دشمنی رکھتی ہے۔ اس عورت کا مر جانا بہتر ہے جو اپنے شوہر کے سوا کسی دوسرے مرد کا تختۂ مشق بنے۔ رانی نے کدم راؤ کی بات سنی ...... (یہاں تسلسل ٹوٹ جاتا ہے)

کدم راؤ نے پدم راؤ سے کہا کہ آج میرا تماشا دیکھ۔ اس وقت وہاں کدم راؤ اور پدم راؤ کے سوا دوسرا کوئی نہیں تھا۔ کدم راؤ نے اپنے وزیر سے کہا کہ میں دوست اس شخص کو جانتا ہوں کہ جو لالچ کے بغیر دوستی نبھائے۔ تیرا ایک فقرہ بھی میرے لیے سوا لاکھ کے برابر ہے۔ تو سیانا اور عقلمند ہے اس لیے یہ بات اگر میں تجھ سے نہ کہوں تو پھر کس سے کہوں۔ گنوار آدمی سے بات کہنے کی وہی صورت ہے جیسے پنجرے میں سے ہوا اور چھلنی میں سے پانی نکل جاتا ہے۔

پدم راؤ کدم راؤ کی زبان سے یہ باتیں سنکر خوش ہوا اور کہا کہ اگر راجہ مجھ پر پورا بھروسا اور اعتماد رکھتا ہے تو میرے ماتھے پر کستوری ملے تاکہ میں اپنے گھرانے میں عزت کے ساتھ واپس جاؤں اور دنیا میں میرا نام روشن ہو۔ کدم راؤ نے اسکی پیشانی پر کستوری ملی اور اسکے سر پر ہاتھ پھیرا۔ پہلے ناگ کے سر پر پدم نہیں تھا۔ یہ اسی وقت سے پیدا ہوا جب کدم راؤ نے اپنا ہاتھ پدم راؤ کے سر پر رکھا۔

پدم راؤ کھڑا ہوا اور راجہ سے عرض کی کہ سنا ہے کل سے آپ فاقہ کشی (اُپاس) کرنے والے ہیں۔ اگر آپ ایک دن بھی کسی رنج سے بھوکے رہیں گے تو ملک خراب اور "بیرانگر" (کدم راؤ بیرانگر کا راجہ تھا) برباد ہو جائے گا۔ اگر آپ بھوجن کرینگے تو مجھے سکھ ہوگا۔ آج برت رکھنا اچھا نہیں ہے اور جو اس بات کو اچھا کہتا ہے وہ آپ کا دشمن ہے۔ اگر آپ خوشی کے ساتھ کھانا نہیں کھائیں گے تو میں اپنے گھر نہیں جاؤں گا۔

کدم راؤ نے کہا کہ اے پدم راؤ! تو اگر سچ مانے تو کہوں کہ میں اب تک پردیسیوں کی خدمت سے محروم ہوں۔ حالانکہ ہمیشہ سے ہمارا یہی قاعدہ رہا ہے۔ ساسان و جم بھی اسی ریت پر چلتے رہے ہیں۔ کسی پردیسی کو لے کر آؤ کہ میں اس کی خدمت کروں اور دان دوں۔

پدم راؤ نے عاجزی سے کہا کہ دنیا کے چلنے پھرنے والوں کو اپنے پاس مت بلاؤ کہ یہ آس دے کر نراس کر جاتے ہیں۔ ان لوگوں کی عادتیں خراب ہوتی ہیں۔ میں یہ بات ہمدردی کی وجہ سے کہہ رہا ہوں۔ کدم راؤ یہ بات سنکر بگڑ گیا اور کہا کہ

www.taemeernews.com

تو مسافروں اور پردیسیوں کو بُرا کیوں کہتا ہے۔ اُن سے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے۔ میرے سامنے اُن کی کیا حقیقت ہے۔ تو اس کی فکر نہ کر اور ایک مسافر کو بلا کر لا۔

پدم راؤ چھت تک اونچا ہوا اور پہر رات تک عاجزی کرتا رہا۔ اسنے بار بار یہی کہا کہ اے راجہ میری بات مان لے۔ یہ لوگ تیرے سامنے تجھے چاند سورج قرار دیتے ہیں لیکن دل میں کچھ اور ہوتا ہے۔ کسی سادھو کو اپنے پاس نہ بلا۔ جوگی لوگ بغیر شراب اور گوشت کے نہیں رہتے۔ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تجھے بھی اسی راہ پر نہ ڈال دیں۔ اس میں گھڑی بھر کا سُکھ ہے لیکن اسکے خمار کا دُکھ زیادہ بھاری ہوتا ہے۔

پدم راؤ نے کہا کہ میں ایک عرض اور کرتا ہوں۔ کدم راؤ نے جواب دیا کہ تیری بات کو اسی طرح چھپاؤں گا جس طرح سمندر میں موتی پوشیدہ ہوتے ہیں۔ پدم راؤ نے کہا ہمیں دُنیا سے کیا غرض ہے۔ ہمیں تو صرف آپ سے کام ہے۔ آپ کے سوا ہمیں کون پال سکتا ہے۔

کدم راؤ اس بات سے بہت خوش ہوا اور اپنے وزیر کو بڑا قیمتی لباس عطا کیا۔ کدم راؤ نے کہا کہ پورے خاندان کو بلا کر انھیں خلعت دیا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ پدم راؤ نے سارے خاندانِ شاہی کو بلایا اور ہر ایک کو مرتبے کے موافق سرفراز کیا۔

اس کے بعد کدم راؤ نے کہا کہ کسی پردیسی کو بلا کر مہمان داری بھی کرنی چاہیے۔ اہلِ دربار میں سے ایک نے کہا کہ باہر سے مچھندر کا بیٹا اگھورناتھ آیا ہوا ہے۔ بہت بڑا جوگی ہے اور بہت سے علوم سے واقف ہے۔ وہ یقیناً آپ کے دربار کے لائق ہے۔ راجہ نے یہ سنکر جواب دیا کہ اسے فوراً حاضر کیا جائے۔ وہ آدمی اسی وقت اگھورناتھ کے پاس گیا اور کہا کہ جلدی چل۔ تجھے راجہ نے طلب کیا ہے۔ اگھورناتھ راجہ کے دربار میں حاضر ہوا تو راجہ نے پوچھا کہ تو نے کون کون سے ملک دیکھے ہیں۔ اگھورناتھ نے اس بات کے جواب میں بے حد لاف زنی کی اور راجہ کو ایسا مسحور کیا کہ وہ اس کا گرویدہ ہو گیا۔ چند ہی روز میں راجہ کا یہ حال ہو گیا کہ اسے جوگی کے بغیر چین نہ پڑتا تھا۔ جب جوگی نے راجہ سے کہا کہ میں لوہے کو سونا بنا سکتا ہوں تو کدم راؤ نے لوہے کا ڈھیر جمع کر دیا جسے اگھورناتھ نے سونا بنا دیا۔ کدم راؤ اس کا اور بھی گرویدہ ہو گیا۔ اب وہ جوگی کے بغیر ایک دن بھی نہیں رہ سکتا تھا۔ اگھورناتھ نے اس کے بعد راجہ کو "دھنوربید" کی تعلیم دی جسے کدم راؤ نے ایک مہینے میں سیکھ لیا۔ اُدھر رعایا حیران تھی کہ آخر راجہ نے ایک جوگی کی صحبت کیوں اختیار کر لی ہے۔

ایک دن اگھورناتھ نے کہا کہ اے راجہ! "دھنوربید" تو معمولی بات ہے۔ میں تو آپ کو "امربید" بھی سکھا سکتا ہوں مگر مجھے قول دینا ہوگا کہ کسی دوسرے کو آپ نہیں بتائیں گے۔ یہ کہہ کر اگھورناتھ نے راجہ سے کہا کہ اگر عجائبات دیکھنے ہیں تو ایک جانور لے کر آیئے۔ راجہ محل میں گیا اور وہاں سے ایک طوطا لے کر آیا جسے رانی نے بڑی محبت سے پالا تھا۔ راجہ اُسے پھل کھلاتا، اپنے ہاتھ میں لیے جوگی کے پاس آیا۔ اگھورناتھ نے کہا کہ اے راجہ اب اس کا گلا چبا ڈال۔ میں ابھی کرامات دکھاتا ہوں۔ راجہ نے ایسا ہی کیا طوطا مر گیا اور سادھو نے اپنی روح طوطے کے جسم میں داخل کر دی اور اڑ کر راجہ کے ہاتھ پر آ بیٹھا۔ طوطے نے کہا کہ راجہ! بتاؤ میں کون ہوں۔ کچھ دیر کے بعد وہ پھر اپنے جسم میں واپس آ گیا اور طوطا بھی زندہ ہو گیا۔ یہ دیکھ کر راجہ

www.taemeernews.com

ششدر رہ گیا اور جوگی کا پہلے سے بھی زیادہ قائل اور گرویدہ ہو گیا پھر کہا کہ یہ عمل مجھے بھی سکھاؤ۔

اگھورناتھ نے پہلے راجہ سے قول لیا اور پھر اسے امر بید سکھا دیا۔ راجہ نے جیسے ہی اس کے منتر سیکھنے شروع کیے محل کا کلس ٹوٹ گیا۔[1]

اگھرنات منتر سکھایا رہس + یکایک پڑیا ٹوٹ مندر کلس

لوگوں نے راجہ کدم راؤ سے بہت کہا کہ یہ بدشگونی کی بات ہے مگر راجہ نے پرواہ کی اور علم سیکھتا رہا۔ جو لوگ غور و فکر کے بغیر کام کرتے ہیں وہ دھن مال راج پاٹ جس چیز کے بھی مالک ہوں گنوا دیتے ہیں۔ جب راجہ نے امر بید بھی سیکھ لیا تو ایک دن جوگی نے کہا کہ اب اس کا تجربہ کر کے دیکھو۔ چنانچہ جیسے ہی راجہ نے اپنی روح کو طوطے کے جسم میں داخل کیا اگھورناتھ جوگی نے اپنی روح کو راجہ کدم راؤ کے جسم میں داخل کر دیا۔ اب راجہ طوطا بن گیا اور جوگی راجہ بن گیا۔

لیکن جوگی کدم راؤ کے روپ میں آ کر بہت پچھتایا کیونکہ نہ وہ محلات کی تفصیلات سے واقف تھا اور نہ محل کے آدمیوں میں سے کسی کو جانتا پہچانتا تھا۔ آخر اُسے ایک تدبیر سوجھی۔ اس نے دربار عام کیا اور اس طرح سب سے متعارف ہونا چاہا۔ ایک دن پدم راؤ نے راجہ (جو دراصل جوگی تھا) سے پوچھا کہ آخر اس کی کیا وجہ ہے کہ جب تک اگھرناتھ آپ کے دربار میں نہیں آیا تھا راج پاٹ کا سب کام ٹھیک چل رہا تھا۔ اب یہ سب کام آپ نے چھوڑ رکھا ہے۔ "راجہ" نے کہا کہ جوگی نے میرے ساتھ بڑا دھوکا کیا ہے۔ اور میں نے اُسے مار ڈالا ہے۔ دیکھ یہ اس کی لاش ہے۔ لاش کو دیکھ کر لوگ حیران ہوئے کہ آسمان میں تھگلی لگانے والا جوگی کیسے مر گیا؟

جوگی نے سوچا ہوگا کہ اگر راجہ جو طوطے کے بھیس میں ہے زندہ رہا تو پھر اپنے روپ میں آ سکتا ہے اس لئے اسے مروا دینا چاہیے۔ یہ سوچ کر ایک دن "راجہ" نے پدم راؤ سے کہا کہ طوطا مجھے بُرا بھلا کہہ کر گیا ہے۔ منادی کرا دو کہ جو اُسے پکڑ کر لائے گا اُسے انعام و اکرام سے سرفراز کیا جائے گا۔

ڈھنڈو ڈھیرائے گلیاں کو چریاں + کہ راواں گیا راؤ دے کالیاں

کہ جے بار دی کوئی آنے تے + ستر نگرداں دیوں اسے

پدم راؤ نے سمجھایا کہ اس طرح بدنامی ہوگی۔ چونکہ کدم راؤ کے روپ میں جوگی نہ محلات کو جانتا تھا اور نہ کسی کنیز باندی کو پہچانتا تھا نہ اُسے صحیح طریقے سے بات کرنے کی تمیز تھی۔ اس لیے جب وزیر نے بار بار اس سے اس کی وجہ دریافت کی تو وہ بہت ناراض ہوا اور تلوار لے کر اُسے مارنے کے لیے دوڑا۔ لیکن پدم راؤ اس کا وار بچا گیا اور اسے اپنی گرفت میں

---

[1] یہی بدشگونی اس وقت ہوئی تھی جب محمد بن قاسم کی فوجیں راجہ داہر کی فوجوں کا محاصرہ کئے پڑی تھیں کہ ایک تیر سے شہر کے سب سے بڑے مندر کا کلس ٹوٹ گیا۔ اسکے بعد شہر کے لوگوں کو اپنی شکست کا یقین ہو گیا۔ (جمیل جالبی)

www.taemeernews.com

لے کر اس کی نگرانی شروع کردی۔ وہ ابھی تک اُسے کدم راؤ ہی سمجھے ہوئے تھا حالانکہ وہ تو کدم راؤ کے بھیس میں اگھورناتھ تھا۔

اب اصلی راجہ کدم راؤ کا حال سنیے۔ وہ طوطا بنا ہوا اُڑتا رہا اور اپنی جان بچاتا اِدھر اُدھر مارا مارا پھرتا رہا۔ کبھی شکاری پرندوں سے اپنی جان بچاتا۔ کبھی دھوپ کی شدت سے بچنے کے لئے ایک پیڑ سے دوسرے پیڑ پر جاتا۔ ایک دن وہ طوطوں کا ایک غول دیکھ کر ان کی طرف جارہا تھا کہ اچانک اس کی نگاہ اپنے محل پر پڑی اور وہاں اُسنے پدم راؤ کو بھی دیکھا۔ یہ دیکھ کر وہ نیچے اترا۔ اور وہاں گیا جہاں اس کا وزیر پدم راؤ تھا۔ کدم راؤ طوطے نے پدم راؤ سے بات کی اور کہا کہ اے پدم راؤ! کیا تونے مجھے پہچانا۔ پدم راؤ نے انکار کیا۔ بڑے لیت و لعل اور باہمی گفتگو کے بعد کدم راؤ نے جو طوطے کے روپ میں تھا پدم راؤ کو وہ واقعہ یاد دلایا جب ان دونوں کے سوا وہاں کوئی تیسرا نہیں تھا۔ اس پر پدم راؤ نے پوچھا۔

۶ کدم راؤ توں کیوں ہوا، کھول کہہ

اسکے بعد طوطے نے سارا واقعہ جوگی کے دھوکا دینے اور اپنے طوطا بن جانے کا سنایا۔ یہ سُنکر پدم راؤ نے کہا۔

تُوئیں ساچ میرا گساں ئیں کدم + پدم راؤ تجہ پاؤ کیرا پدم

کہ تو سچ مچ میرا آقا کدم راؤ ہے اور میں پدم راؤ تیرے پیر کی خاک ہوں۔ اور کہا کہ اے بنکھ راؤ! مجھے زبان دے کہ یہ بات جو میرے تیرے درمیان ہوئی ہے اُسے تو ویسے ہی چھپا کر رکھے گا جیسے سیپی موتی کو چھپا کر رکھتی ہے۔ کدم راؤ نے زبان دی۔ پھر پدم راؤ نے جوگی کی ساری باتیں بتائیں۔ اسکے بعد رات کے وقت پدم راؤ چپکے سے سیدھا اس جگہ گیا جہاں جوگی کدم راؤ کے روپ میں سو رہا تھا۔

چلیا ساندھرے ساندھرے ناگ راؤ + کہ جیوں نیر سدھن چلے اپ کھاؤ

اور سوتے میں اس کے پاؤں کی انگلی میں کاٹ لیا۔ کاٹتے ہی زہر اس کے جسم میں چڑھنے لگا۔ اور اگھورناتھ کی روح کدم راؤ کے جسم کو چھوڑ کر پرواز کرگئی۔ اسکے بعد وہ دوڑ کر طوطے کے پاس آیا۔ طوطا اُڑ کر وہاں آیا اور پھر مرید کی مدد سے وہ دوبارہ اپنے جسم میں داخل ہوگیا۔ پدم راؤ نے راجہ کو یہ بھی بتایا کہ جوگی ایک دن بھی چین سے نہیں بیٹھا۔ نہ محل میں گیا اور نہ رانی سے ملا۔ یہ بات سنکر کدم راؤ بہت خوش ہوا۔ خوش ہوکر اُسنے پردھان پدم راؤ کی عزت افزائی کی اور حکم دیا کہ ساری دُنیا کو دان اور خیرات دو۔ ہر طرف خوشی کے شادیانے بجنے لگے۔

۶ طبل ڈھول برغوں نفیراں اُٹھے

جشن منانے کا یہ سلسلہ چھ مہینے تک جاری رہا۔ پھر راجہ اپنے محل میں گیا اور سنگھاسن پر بیٹھا۔ اس کے بعد کا حصہ مخطوطے میں نہیں ہے ضائع ہوگیا۔

یہ خلاصہ ہے مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا۔ کدم راؤ انسان ہے۔ اور بیدر نگر کا راجہ ہے جیسا کہ مثنوی کے شعر ۲۸۲ اور ۴۲۴ سے ظاہر ہوتا ہے۔

www.taemeernews.com

رہیا بھوک ن لیں توں گھنٹ ملیپر ✦ تل اوپر ہوا لوک بہرا نگر
اکایک کیوں لیں ناؤ ہوں ✦ کدم راؤ ہیرا نگر کا سو ہوں

پدم راؤ اس کا وزیر ہے جو "ناگ راجہ" ہے۔ یہ بات بار بار مثنوی میں آئی ہے۔ پدم راؤ ارادہ کرتا ہے کہ کدم راؤ کو مار ڈالے تو یہ شعر آتے ہیں۔

چلیا سانڈیے سانڈیے ناگ وات ✦ سلاون کدم راؤ تب ناگ جات
بچارن گیا جیو سوں ناگ راؤ ✦ کہ جب بھول لے راؤ تب دیوں گھاؤ

ایک اور جگہ جب کدم راؤ خوش ہوتا ہے تو پدم راؤ کہتا ہے کہ اے راجہ میرے سر پر کستوری مل تاکہ میں عزت سے گھر جاؤں اور میرے سر پر ہاتھ پھیر۔ جیسے ہی کدم راؤ نے ہاتھ پھیرا پدم راؤ کے سر پر پدم ظاہر ہوگیا۔ اس سے پہلے ناگ کے سر پر پدم نہیں تھا۔

تھا آدھ تھیں ناگ کے سر پدم ✦ تدھاں تھیں ہوا جد دھریا ہت کدم

پدم راؤ بہت لمبا ناگ تھا۔ جب کدم راؤ اصرار کرتا ہے کہ وہ مسافروں اور جوگیوں کی خدمت کرے گا تو پدم راؤ اتنا اونچا اُٹھتا ہے کہ چھت سے لگ جاتا ہے۔

پدم راؤ ادبھا ہوا چھات لگ ✦ بناتی گئی تن مہہ رات لگ
کہیا راؤ دھر ناگ رادہ ڈروں ✦ کہ جے راؤ انگھیں بیناتی کروں

ایک اور جگہ جب پدم راؤ کو معلوم ہوا کہ طوطا تو اصل میں کدم راؤ ہے تو اسے کپن زمین پر بچھا دیا۔

سنیا راؤ یہ بول اکھوڑ کر ✦ بچھا دیا پدم راؤ کپن کیہہ پر

"عذر خواہی کردن پدم با کدم" کے عنوان کے تحت یہ شعر پڑھیے:

پدم راؤ اٹھیا ہبا کردین ✦ کنڈل پھیر ادبھا ہوا سر دین
کھڑا تیر ہو جیوں رہیا تھا اڈھل ✦ کماں ہو پڑیا پنکھ کے پائے تل

غرض کہ یہ بات مثنوی سے بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ پدم راؤ ناگ راجہ تھا اور کدم راؤ کا وزیر تھا۔ ایسی کہانیاں جن میں انسان کے وزیر یا مشیر جانور یا چرند پرند ہوتے تھے ہم نے آپ نے سب نے سنی اور پڑھی ہیں۔ اور یہ بھی ایسی ہی کہانیوں میں سے ایک ہے۔

مماثلات

حضرت سلیمانؑ نہ صرف جن و انس کے بادشاہ تھے بلکہ چرند پرند بھی اُن کے مطیع تھے۔ الف لیلہ میں بھی جانوروں کے قصے اس انداز سے آتے ہیں کہ وہ انسان معلوم ہوتے ہیں۔ انوارِ سہیلی میں بھی جانور انسان کی طرح چلتے پھرتے بولتے چالتے

www.taemeernews.com

نظر آتے ہیں۔ تمثیلی کہانیاں عام طور پر اسی انداز میں مشرق و مغرب میں ملتی ہیں۔ خارجی روح کا قصہ مختلف صورتوں میں برصغیر سے لے کر میبریڈیز تک آریائی نسل کی تمام قوموں میں ملتا ہے[1] عقلی مذاہب کے آنے سے پہلے جادو اور سحر ہی انسان کے لئے مذہب کا درجہ رکھتے تھے۔ جادو یا سحر کے اثرات ساری مقدس کتابوں میں نظر آتے ہیں۔ سحر سامری، معجزات اور عصائے موسوی سب ذہنِ انسانی کے اسی اندازِ فکر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ جادو، مذہب اور پھر سائنس۔ ان تین درجوں سے انسان نے اب تک سفرِ ارتقاء طے کیا ہے۔

روح کی تبدیلی اور ایک روپ سے دوسرے روپ میں منتقل ہو جانے کے قصے اُس دَور سے تعلق رکھتے ہیں جب انسان طلسم، سحر اور جادو پر ایمان رکھتا تھا اور اس معاشرے میں جادوگر کا وہی درجہ ہوتا تھا جو آج ایک عالم یا ڈاکٹر کا ہوتا ہے۔ سر جیمس فریزر نے اس موضوع پر جو مواد جمع کیا ہے وہ قابلِ توجہ ہے۔ ہیڈا کے طلسم گر کے اوزاروں میں ایک ہڈی شامل ہوتی ہے جس میں وہ رخصت ہونے والی روحوں کو بند کر لیتا ہے۔ اور جن لوگوں کے جسموں سے وہ نکلی ہوں ان میں واپس ڈال کر انہیں دوبارہ زندہ کر دیتا ہے[2] روحوں سے متعلق ان تصورات نے جب قصہ کہانیوں کے روپ دھارے تو وہاں بھی یہی طلسم[3] نظر آنے لگے۔ قصہ کہانیاں کسی قوم کے عقیدہ اور فکر کا اظہار ہوتی ہیں۔ اس سلسلے میں سر جیمس فریزر نے چند مثالیں دی ہیں۔ ایک ہندوستانی قصہ میں ایک راجہ اپنی روح کو ایک برہمن کی لاش میں منتقل کر دیتا ہے اور خود اس کے خالی جسم میں ایک کُبڑا اپنی روح کو داخل کر دیتا ہے۔ اس طرح کُبڑا راجہ اور راجہ برہمن بن جاتا ہے۔ تاہم کُبڑے کو اس بات پر آمادہ کیا جاتا ہے کہ وہ ایک مرے ہوئے طوطے میں اپنی روح ڈال کر اپنی مہارت کا ثبوت دے۔ ادھر راجہ جو موقع کی تاک میں رہتا ہے اپنے جسم پر دوبارہ قبضہ کر لیتا ہے۔ اسی قسم کی ایک کہانی فروعی اختلاف کے ساتھ ملایا والوں کے ہاں بھی ملتی ہے۔ کسی بادشاہ نے بلا کسی وجہ کے اپنی روح ایک بندر میں منتقل کر دی۔ اس پر چالاک وزیر نے جھٹ اپنی روح بادشاہ کے جسم میں پہنچا دی اور اس طرح سلطنت اور ملکہ پر قبضہ کر لیا۔ اس دوران میں اصلی بادشاہ بندر کے روپ میں پڑا غم کھاتا رہا۔ لیکن ایک دن نقلی بادشاہ، جو جوا کھیلا کرتا تھا، مینڈھے لڑوا رہا تھا کہ وہ مینڈھا جس پر اس نے بازی لگائی تھی مارا گیا۔ اس میں جان ڈالنے کی بہتیری کوششیں کی گئیں لیکن ایک بھی کارگر نہ ہوئی۔ تاآنکہ بنے ہوئے بادشاہ نے ایک سچے کھلاڑی کی طرح اپنی جان مینڈھے میں ڈال دی اور وہ جی اٹھا۔ اتنے میں اصل بادشاہ جو موقع کی تلاش میں تھا بڑی ہوشیاری سے اپنے پرانے جسم میں منتقل ہو گیا جسے وزیر بے سوچے سمجھے چھوڑ گیا تھا۔ اس طرح بادشاہ تو اپنے اصلی روپ میں آ گیا اور غاصب وزیر مینڈھا بنا کیفرِ کردار کو پہنچ گیا۔ ایسا ہی،

---

[1] شاخِ زریں مصنفہ سر جیمس فریزر ترجمہ سید ذاکر اعجاز جلد دوم ص ۴۵۹، مجلس ترقی ادب لاہور۔

[2] ایضاً جلد اول ص ۳۶۵

[3] ایضاً ص ۳۹۳-۳۹۴

www.taemeernews.com

ہرموٹس کلے زومنے نامی ایک شخص کا یونانی قصہ ہے جس کی روح اپنے جسم کو چھوڑ کر دُور دُور کی خبریں لاتی تھی جنھیں وہ اپنے دوستوں کو سنایا کرتا۔ ایک دن اتفاق سے جب اس کی روح گھومتی پھر رہی تھی دشمنوں نے اس کے جسم پر قبضہ کر لیا۔ اور اُسے جلا ڈالا۔ مثنوی گلزار نسیم میں بھی تبدیلی جسم کی مثال موجود ہے۔ اپی لیس (APELIUS) کا زریں گدھا (GOLDEN ASS) یورپ کا پہلا طویل قصہ کہا جاتا ہے۔ یہ قصہ یونان کے آخری دَور سے تعلق رکھتا ہے۔ اس میں بھی ایک لڑکے کی روح ایک گدھے میں ڈال دی جاتی ہے اور وہ اس روپ میں مارا مارا پھرتا ہے۔

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا قصہ بھی فردکی تبدیلی کے ساتھ ہندوستان اور طایا کے ان ہی قصوں سے مماثل ہے اور مزاجاً اسی دَور کے تصورات کا حامل ہے جب انسان جادو اور سحر پر ایمان رکھتا تھا۔ "دھنور بید" اور "امر بید" جو جوگی نے کدم راؤ کو سکھائے ہیں جادو کے انتہائی مدارج ہیں اور نقلِ روح اسی کا ایک حصہ ہے۔ اسی وجہ سے پردیسیوں کے ساتھ میل جول سے گریز کی احتیاط بھی کی جاتی تھی۔ اس دَور کے انسان کا خیال تھا کہ پردیسی عام طور پر جادوگر ہوتے ہیں۔ اسی لیے بادشاہوں کو پردیسیوں سے دُور رکھا جاتا تھا۔ بادشاہ چونکہ اپنی قوم کا محافظ ہوتا تھا اس لیے اُس کی حفاظت ساری قوم سے زیادہ ضروری بھی جاتی تھی۔ اس دَور کے تصورات میں جو چیز سب سے زیادہ خطرناک ہو سکتی تھی وہ جادو یا سفلی علم تھا۔ کدم راؤ پردیسیوں سے ملنے پر اصرار کرتا ہے۔ پدم راؤ اسے منع کرتا ہے اور سمجھاتا ہے کہ پردیسی اچھے نہیں ہوتے۔ یہ سامنے تھے چاند سورج قرار دیتے ہیں لیکن ان کے دل میں کچھ اور ہوتا ہے۔ اور آخر میں ہوا بھی یہی کہ بادشاہ منع کرنے کے باوجود جوگی سے ملا اور جوگی نے اُسے اپنا گرویدہ بنا کر طوطا بنا دیا اور خود بادشاہ بن کر تخت پر بیٹھ گیا۔ اجنبیوں کے مضر اثرات کے خلاف پیش بندی اس زمانہ میں اسی لیے ضروری سمجھی جاتی تھی۔ چنانچہ جب وہ سفیر جنھیں مشرقی روما کے شہنشاہ جسٹن دوم نے ترکوں کے ساتھ صلح کے شرائط طے کرنے کے لیے بھیجا تھا، اپنی منزل مقصود پر پہنچے تو انھیں لینے کے لیے شامن (آئمۂ مذہب) وہاں موجود تھے جنھوں نے ان سفیروں کے مضر اثرات دُور کرنے کے لیے باضابطہ ایک رسم تزکیہ ادا کی[1] جیمس فریزر نے لکھا ہے کہ ایک سیاح جس نے وسطی بورنیو کا سفر کیا تھا بیان کیا کہ آس پاس بسنے والی خبیث روحوں سے زیادہ لوگ ان روحوں سے ڈرتے ہیں جو دُور دراز ملکوں سے سازوں کے ہمراہ آتی ہیں[2] یہ جادو کے دَور کے انسان کا ایک عام رویہ اور طرزِ فکر تھا اور وہ واقعی ان پر اسی طرح ایمان رکھتا تھا جیسا آج کا انسان اپنے عقلی مذہبی عقائد پر رکھتا ہے۔ کدم راؤ پدم راؤ کے قصے کی بنیاد بھی انسان کے اسی فکری و تہذیبی مزاج پر قائم ہے۔

املا اور کاتب

ترقیمہ نہ ہونے کی وجہ سے کاتب کے نام کا پتا نہیں چلتا۔ انجمن ترقی اُردو میں اسی کاتب کے قلم سے لکھا ہوا ایک اور

---

[1] شاخِ زریں ص ۲۹۲ جلد اول
[2] ایضاً ص ۲۹۳

www.taemeernews.com

نسخہ "سیف الملوک بدیع الجمال" ہے لیکن ترقیمہ اس کے آخر میں بھی نہیں ہے۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا رسم الخط اور املا اصل میں ساری مشکلات کا ذمہ دار ہے۔ دکن میں نسخ کو ایران کی پیروی[1] میں اختیار کیا گیا تھا اور کم و بیش سارے قدیم دکنی مخطوطات اسی رسم الخط میں ہیں لیکن مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا نسخ کچھ اتنا عجیب اور مسخ ہے کہ بس ظاہراً شباہت میں اسے نسخ کہا جا سکتا ہے۔ املا کے سلسلے میں یہ چند باتیں قابلِ ذکر ہیں۔

۱۔ املا کا کوئی معیار کاتب کے پیشِ نظر نہیں ہے وہ ایک ہی حرف کو مختلف طریقے سے لکھتا ہے۔ کاتب بدخط ہے اُسے اپنے فن پر قدرت حاصل نہیں ہے۔

۲۔ وہ آوازیں جو عربی و فارسی کے علاوہ صرف اردو زبان سے مخصوص ہیں ان کے لئے بھی کوئی اصول وضع نہیں ہوئے ہیں۔ کاتب نے اپنی مخصوص علامتوں سے ان آوازوں کو ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے۔ طُرفہ یہ کہ کہیں ان علامتوں کو ظاہر کر دیا ہے اور کبھی انھیں پڑھنے والے کی عقل و ذہانت کے امتحان کے لئے چھوڑ دیا ہے۔

۳۔ اعراب کا استعمال بڑی کثرت سے کیا گیا ہے اور اس میں بھی احتیاط نہیں برتی گئی جس کی وجہ سے پڑھنے والا غلط فہمیوں کے جال میں پھنس جاتا ہے۔

۴۔ جزم کے لیے "ہ" کا نشان ہے اور ایسے سہ حرفی الفاظ کے تیسرے حرف کو جن کا صرف پہلا حرف متحرک ہو زیر کے ساتھ ظاہر کیا گیا ہے۔ مثلاً "درد" اس طریقے کے مطابق "دَرْدِ" لکھا جانا چاہیے۔ یہ طریقہ اس وقت بھی سندھی زبان کے رسم الخط میں موجود ہے۔ یائے معروف و مجہول میں کوئی امتیاز روا نہیں رکھا گیا۔ اکثر ہائے دو چشمی کو الفاظ کے شروع میں استعمال کیا ہے اور ہائے ہوز کو درمیانِ ابیات ہائے مخلوط کی جگہ لکھا ہے[2]

۵۔ قدیم مخطوطات میں اکثر "ٹ" "کو "ت" کی شکل میں لکھا جاتا تھا۔ اسی طرح گ کے لئے ک لکھ کر اس کے نیچے تین نقطے لگا دیتے تھے[3] یہی اصول اکثر الفاظ میں کدم راؤ پدم راؤ میں بھی برتا گیا ہے۔ مثلاً "ناکینی" (ناگنی)۔ لیکن یہ اصول بھی یکسانیت کے ساتھ نہیں برتا گیا۔ سارا کام پڑھنے والے پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے اس مخطوطے میں عیسیٰ لکھ کر موسیٰ پڑھنے کے امکانات روشن ہو جاتے ہیں۔ انہی نقائص کی وجہ سے اسے پڑھنا جوئے شیر لانے کے مترادف بن گیا۔

۶۔ اب ہم ذیل میں کچھ الفاظ کی فہرست پیش کرتے ہیں تاکہ اس سے اندازہ ہو سکے کہ مخطوطے کا املا متن میں کس طرح ظاہر کیا گیا ہے۔

---

[1] مقالات حافظ محمود شیرانی جلد اوّل ص۲۰۴

[2] مخطوطات انجمن ترقی اردو حصہ اوّل ص۴۴۳

[3] علمی نقوش۔ غلام مصطفیٰ خان ص۱۱ اعلیٰ کتب خانہ ناظم آباد کراچی ۱۹۵۷ء

www.taemeernews.com

نمبر شعر	املائے مخطوطہ	املائے متن
۱	کپساآ ہیں	گُسا میں
۱	ماتہ منہ	منہ۔ میں
۱۰	تھار تھار	ٹھار ٹھار
۱۱	جگ مگاتا	جگمگاتا
۱۳	نہ	ن
۱۵	کر	کرے
۲۸	آن کی یا	آنکھیاآنکھیاں ہی کہا
۳۴	دیتیا	دیتا
۴۰	پتھاونہ	پتھادیں
۴۲	تھا	تہا
۴۴	نیہ	نہ یہ
۸۳	جنہ	جگہیں
۸۷	کجوری	کجورا
۱۰۰	دُنی	دُنیا
۱۹۶	کاتنہ	کاٹھ دکاٹھ ولکڑی
۱۸۹	تھاسں	تھاسنا
۲۰۹	کاسں نہ	کاسنا
۲۶۳	تھوئی	تھوئے
۲۹۳	حمت	ہمت
۲۸۸	جھرتی	جھڑی
۳۲۳	کھری تھے	کھڑا تھا
۳۲۸	جان	جان

www.taemeernews.com

۴۴۸	آندھلا بتر	آدھلا بشر
۴۵۵	اکھوڑ راتی	آگھور راتے
۴۵۶	پو پتنہ	پوپتاں
۵۷۸	سَو	سواد
۵۸۲	مجکوں	مجکوں
۶۳۱	ڈرِ	ڈرے
۶۴۹	مڑ	مرد
۶۵۸	پگڑ ریا	کڑ ریا
۶۶۹	آن نا	آننا

اسی طرح شعر ۲۱۴ لیجئے۔ اس میں "گن" کو ایک مرکز سے لکھا ہے۔ "نہ بولے" کو یائے معروف و مجہول کا فرق کئے بغیر "ہوں" لکھا ہے۔ "کسی سوں" کو ملاکر لکھا ہے۔ "پن" میں پ کے نیچے صرف ایک نقطہ لگایا ہے جو بن پڑھا جاتا ہے۔
شعر ۴۰۹ کے پہلے مصرع میں اکھر کو کاف سے لکھا ہے دوسرے مصرع میں اکھر کے کاف کے نیچے تین نقطے لگا کر گاف بتایا ہے۔

شعر ۴۲۸ کے پہلے مصرع میں "جب" کی جگہ "جن" لکھا ہے اور "سکھی" کو "سکی" کی صورت میں تحریر کیا ہے۔

اسی طرح کاتب نے لکھتے ہوئے بھی بہت سی غلطیاں کی ہیں خلاً

شعر ۳۵۹ کے پہلے مصرع میں لفظ "بجا" دوبار لکھ دیا ہے۔

شعر ۳۸۰ میں یہ مصرع یوں لکھا ہے ــ کرچ جاجانے آ جیسے کسی پنک پاس۔ اس میں بھی ایک "جا" زیادہ ہے۔ میں نے اپنے متن میں مصرع یوں لکھا ہے۔ کرج جائے جیسے کسی پنکھ پاس۔

شعر ۳۷۲ کے دوسرے مصرع میں "پیچھے" کے لفظ کو دوبار لکھ دیا ہے جب کہ ایک بار لکھنا چاہیئے تھا۔

شعر ۴۳۴ کے دوسرے مصرع میں "جے" کو مصرع کے آخر میں لکھ دیا ہے جب کہ قافیہ کے لحاظ سے بھی اور وزن کے اعتبار سے بھی "جے" "کر" کے بعد آنا چاہیئے تھا۔ آد کا قافیہ واد درست ہے نہ کہ "جے"۔ مخطوطہ میں شعر یوں ہے۔

کہیا راؤ کوں دھات بنیاد آد ✦ کر زور کس نہ کیے دھات واد جے

میں نے اپنے متن میں اس طرح کر دیا ہے۔

کہیا راؤ کوں دھات بنیاد آد ✦ کر جے زور کس نہ کیے دھات واد

پدم راؤ میں کہیں "کے" کو "کر" کے معنی میں استعمال کیا ہے اور کہیں اسکے برعکس "کر" کو "کے" کے معنی میں استعمال

www.taemeernews.com

کیا ہے۔ یہ دو مثالیں دیکھیے :

سنیا تھا کے ناری دھرے بہت چھند
سومیں آج دیٹھا تری چھند بند ۱۵۵

یہاں "کے" "کہ" کے معنی میں استعمال ہوا ہے اب دوسری مثال دیکھیے :

جو کرتار مجکوں کیا ہوئے راؤ
اسنگت کر کیوں دیکھ سکوں انیاؤ ۱۵۶

غرض کہ اس قسم کی الجھنوں اور تضاد سے اس مخطوطہ میں قدم قدم پر واسطہ پڑتا ہے اور پڑھنے والا رسم الخط کی بھول بھلیوں میں گم ہو جاتا ہے۔ میں نے جتنی کوشش اور محنت اس مخطوطہ کو پڑھنے میں کی ہے اس کا اندازہ اہلِ علم اس مخطوطہ کے عکس پر ایک نظر ڈالنے سے لگا سکتے ہیں۔ اس سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ مجھے ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے کی خوشی حاصل ہو گئی اور اُردو زبان کی تاریخ گیارھویں صدی ہجری سے نکل کر نویں صدی ہجری تک پھیل گئی۔ اور اب اُردو زبان کے ارتقا، اس کی ساخت اور اس کی لسانی تبدیلیوں کا مطالعہ بھی آسان ہو گیا۔

اُردو زبان کی پہلی تصنیف

اس سوال کے جواب کے لیے کہ مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" کو اُردو زبان کی پہلی باقاعدہ تصنیف کیسے کہا جا سکتا ہے اس مثنوی سے پہلے کی تحریروں کا جائزہ لینا ہوگا۔ یہ مثنوی جیسا کہ میں اس سے پہلے لکھ چکا ہوں، ۸۲۵ھ اور ۸۳۹ھ کے درمیانی زمانے میں لکھی گئی۔ اس سے فوراً پہلے کی جو تصانیف ہمارے سامنے آتی ہیں اُن میں ایک مختصر "رسالہ" ہے جسے سید محمد اکبر حسینی (م ۸۱۲ھ) سے منسوب کیا جاتا ہے اور دوسری تصنیف "معراج العاشقین" ہے جس کے مصنف خواجہ بندہ نواز گیسو دراز بتائے جاتے ہیں۔ نویں صدی ہجری میں ہمیں شیخ باجن کی "جکریاں" ملتی ہیں اور اُن سے پہلے امیر خسرو کی "خالق باری" کے علاوہ دوہرے، کہ مکرنیاں اور پہیلیاں بھی ملتی ہیں۔ امیر خسرو سے پہلے ہماری نظر بابا فرید گنج شکر کے کلام پر پڑتی ہے اور اُن سے پہلے کتبِ تواریخ میں مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ) کے "دیوان ہندوی" کا ذکر ملتا ہے۔ آئیے اب ایک ایک کر کے "ان تحریروں" کا جائزہ لیں۔

مسعود سعد سلمان (۴۳۸ھ — ۵۱۵ھ) کے دیوانِ ہندوی کے وجود کا پتہ دو ذرائع سے چلتا ہے۔ ایک

www.taemeernews.com

امیر خسرو کے "دیباچہ غرۃ الکمال" سے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

"پیش ازیں شاہانِ سخن کسے راسہ دیوان نبودہ مگر مرا کہ خسرو ممالک کلامے مسعود سعد سلمان را اگر ہست اما آں سہ دیوان در عبارتِ عربی و فارسی و ہندوی است و در پارسی مجرد کسے سخن را سہ قسم نکردہ جز من" [۱]

اور دوسرے عوفی کی "لباب الالباب" سے جس کے الفاظ یہ ہیں:

"او را سہ دیوان ست۔ یکے بتازی و یکے بپارسی و یکے بہندوی" [۲]

لیکن ان مستند حوالوں کے باوجود یہ "دیوانِ ہندوی" اب ناپید ہے اور جب تک یہ دستیاب نہ ہو جائے اس وقت تک اظہارِ افسوس کے ساتھ اس کا ذکر تو کیا جا سکتا ہے لیکن اولیت کا سہرا اس کے سر نہیں باندھا جا سکتا۔

شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر (۵۶۹ھ ــــ ۶۶۴ھ) کے کلام کا کچھ حصہ سکھوں کی مقدس کتاب "گرو گرنتھ" میں محفوظ [۳] ہے۔ ان کے دو چار دوہرے اور اقوال "خزائن رحمت اللہ" [۴] میں بھی ملتے ہیں۔ لیکن ان متفرق اور بکھرے ہوئے تبرکات کو باقاعدہ تصنیف کے ذیل میں نہیں لایا جا سکتا۔

اس بات کا پورا ثبوت موجود ہے کہ امیر خسرو (۶۵۱ھ ـ ۷۲۵ھ) نے ہندوی میں بھی طبع آزمائی کی تھی خود غرۃ الکمال کے دیباچے میں امیر خسرو نے لکھا کہ "جزوے چند نظم ہندی نذر دوستاں کردہ شدہ است" [۵] لیکن اس زمانے کی سِوا اور تھی۔ فارسی منہ چڑھی تھی اور اردو گری پڑی۔ لکھنے والے نے تفننِ طبع کے لئے لکھا اور پڑھنے والوں نے وقتی طور پر اس سے لطف اٹھایا۔ پھر لکھنے والا بھی بھول گیا اور لطف اٹھانے والے بھی۔ لیکن عوام نے جن کی زبان میں یہ لکھا گیا تھا، اسے سینے سے لگایا اور سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل کرتے رہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ ہوا کہ اس کلام کی نہ صرف شکل بدل گئی بلکہ اس میں اضافہ بھی ہو گیا۔ اور پھر جب اُردو کے بھاگ پھرے تو یہ جتانا مشکل ہو گیا کہ اس میں امیر خسرو کا کلام کتنا ہے اور الحاقی عنصر کتنا ہے۔ "خالق باری" امیر خسرو کی تصنیف ضرور ہے لیکن اولاً تو یہ لغت کی کتاب ہے۔ ثانیاً ان کے دوسرے ہندوی کلام کی

---

[۱] دیباچہ غرۃ الکمال: امیر خسرو، ص ۲۲ مطبع قیصریہ۔ دہلی

[۲] لباب الالباب، جلد دوم ص ۲۳۶ مطبوعہ کیمبرج ۱۹۰۲ء

[۳] اورینٹل کالج میگزین میں موہن سنگھ دیوانہ کے مضمون کی پہلی قسط فروری ۱۹۳۰ء میں شائع ہوئی اور آخری قسط فروری ۱۹۳۹ء میں۔

[۴] خزائن رحمت اللہ (فارسی) قلمی مخزونہ انجمن ترقی اردو پاکستان۔ کراچی۔

[۵] دیباچہ غرۃ الکمال

www.taemeernews.com

طرح اس میں بھی الحاقی عنصر اتنا شامل ہو گیا ہے کہ اب یہ کہنا مشکل ہے کہ اس میں خود امیر خسرو کا کلام کتنا ہے اور الحاقی کلام کتنا ہے۔

شیخ بہاء الدین باجن (۷۹۰ھ ـــ ۹۱۲ھ) سے ایک فارسی تصنیف "خزائن رحمت اللہ" یادگار ہے جس میں صوفیائے کرام کے اقوال کے علاوہ اُن کے اپنے پیر و مرشد شیخ رحمت اللہ کے ملفوظات و اقوال جمع کئے گئے ہیں۔ ساتھ ساتھ شاہ باجن نے اس کے باب ہفتم میں اپنے دوہرے اور جکریاں[۱] بھی جمع کر دیئے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ فارسی کی کتاب ہے۔ اس سے اُردو زبان کے قدیم ترین نمونے تو اخذ کئے جا سکتے ہیں لیکن اسے اُردو زبان کی پہلی باقاعدہ تصنیف کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔

سید محمد اکبر حسینی (م ۸۱۲ھ) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے بڑے صاحبزادے تھے جو اُن کی زندگی ہی میں وفات پا گئے تھے۔ عمر یافعی مرحوم نے تین صفحات پر مشتمل ایک رسالہ دریافت کیا تھا جس میں پندرہ سطریں نثر میں اور اٹھتیس ابیات ہیں۔ رسالے کے شروع میں یہ الفاظ[۲] ملتے ہیں۔

"ہذا رسالہ بندہ نواز گیسو دراز"

اور خاتمے پر

"من تصنیف سید محمد اکبر حسینی بندہ نواز"

کے الفاظ ملتے ہیں۔ عمر یافعی نے لکھا کہ "حضرت سید محمد بندہ نواز گیسو دراز کو اُردو کا مصنف تسلیم کر لیا جاتا ہے تو پھر یہ تصنیف ان کی یا اُن کے بڑے صاحبزادے سید محمد اکبر حسینی کی تسلیم کر لینی پڑے گی۔ لیکن بندہ نواز گیسو دراز کے نام سے جو معراج العاشقین شائع کی گئی ہے اس سے اس کی زبان صاف معلوم ہوتی ہے۔"[۳] رسالے پر نہ سالِ تصنیف درج ہے اور نہ سالِ کتابت۔

---

[۱] "خزائن رحمت اللہ" (قلمی) "خزینۂ ہفتم" میں شیخ بہاء الدین باجن نے "جکری" کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے۔

"در ذکر اشعار کہ مقولۂ این فقیر است بزبان ہندوی جکری خوانند قوالان ہند آں را در پردہائے سرودی نوازندگی سرایند۔ بعضے در مدح پیر دستگیر در صفت روضۂ ایشاں در صفت وطن خود کہ گجرات است و بعضے در ذکر مقصد خود و مقصود ذات مریدان و طالبان و بعضے در ذکر عشق و محبت۔"

[۲] ۔ مجلۂ مکتبہ جلد ۱، شمارہ ۱ اپریل ۱۹۲۸ء ص ۲۳ ۔ حیدرآباد دکن

[۳] مجلۂ مکتبہ جلد ۱، شمارہ ۱ اپریل ۱۹۲۸ء ص ۲۳ حیدرآباد دکن

www.taemeernews.com

آغاز اور خاتمے کی عبارتوں میں بھی تضاد ہے۔ پھر اس امر کا اعتراف سب نے کیا ہے کہ اکثر مریدان گرامی اپنی تصنیف کو اپنے پیر و مرشد کے نام نامی سے منسوب کرتے رہے ہیں۔ اہل دکن نے دکنی ادب کی تلاش و جستجو کے جوش میں بلا تحقیق تین صفحوں کے اس مختصر رسالے کو نویں صدی ہجری کے دکنی ادب کے دامن میں ٹانک کر یقیناً "تحقیقی ستم ظریفی" کا ثبوت دیا ہے۔ یہی صورت معراج العاشقین کے ساتھ پیش آئی۔

"معراج العاشقین" کو پہلی بار مولوی عبدالحق مرحوم نے ۱۳۴۳ھ میں شائع کیا۔ اس کے بعد اہل علم و ادب نے اُڑے اور کاہ کو "کوہ" بنا دیا پھر کسی نے یہ زحمت گوارا نہ کی کہ یہ تصنیف جسے گیسو دراز سے منسوب کیا گیا ہے دراصل ان کی ہے بھی یا نہیں۔ اللہ دے اور بندہ لے۔ اب تو ایم اے کے طالب علموں کو بھی اساتذۂ کرام یہی بتاتے ہیں کہ یہ اُردو زبان کی پہلی تصنیف ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ معراج العاشقین کو مرتب کرتے وقت خود مولوی عبدالحق مرحوم بھی تذبذب کا شکار تھے۔ ان کی تحریر میں ایک طرف قیاس آرائی ہے اور دوسری طرف بے یقینی۔ اُن کے الفاظ یہ ہیں۔

"چونکہ حضرت (خواجہ بندہ نواز گیسو دراز) کو تصنیف و تالیف کا خاص شوق تھا اور آپ کے قلم سے ایک سو سے زائد چھوٹی بڑی کتابیں نکلی ہیں اس لئے یہ قیاس کچھ بے جا نہیں کہ عام لوگوں کو سمجھانے کے لئے آپ نے بعض رسالے دکھنی اردو میں بھی تصنیف کئے ہوں"[۱]

آگے چل کر لکھتے ہیں:

"میرے پاس حضرت کے متعدد رسالے اس زبان میں تصنیف کئے ہوئے موجود ہیں لیکن مجھے ان کے شائع کرنے کی جرأت نہیں ہوتی اس لئے کہ ہمارے یہاں قدیم سے یہ دستور رہا ہے کہ لوگ اپنی تصنیف کو بعض مشاہیر اور نامور بزرگانِ دین سے منسوب کر دیتے ہیں۔ چنانچہ حضرت معین الدین چشتی اجمیری، غوث الاعظم حضرت عبدالقادر جیلانی کے نام سے فارسی دیوان شائع اور رائج ہیں..... اس بنا پر مجھے ہمیشہ یہ شبہ رہا کہ جو رسالے میرے پاس موجود ہیں وہ حقیقت میں حضرت بندہ نواز کی تصنیف ہیں یا نہیں کیونکہ بعض رسالے جن کی نسبت متعدد ذرائع سے اور متواتر روایتوں سے یہ معلوم ہوا تھا کہ حضرت نے دکھنی میں لکھے تھے تحقیق کرنے سے ثابت ہوا کہ اصل فارسی میں موجود ہیں اور یہ اُن کا ترجمہ ہیں"[۲]

اسی لئے انہوں نے ڈرتے ڈرتے "معراج العاشقین" کو خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے نام سے شائع تو کر دیا لیکن زندگی بھر

---

[۱] معراج العاشقین مرتبہ مولوی عبدالحق ص۳ (بمبئی باہتمام غلام محمد انصاری دفا مدیر تاج) ۱۳۴۳ھ

[۲] معراج العاشقین مرتبہ مولوی عبدالحق ص۵ (بمبئی باہتمام غلام محمد انصاری وفا مدیر تاج) ۱۳۴۳ھ

www.taemeernews.com

اصرار نہیں کیا۔ آیئے اب دیکھیں کہ "معراج العاشقین" خواجہ بندہ نواز کی تصنیف ہے یا نہیں؟ اس امر کی تلاش و تحقیق میں جب ہم نکلتے ہیں تو ہماری نظر "سیر محمدی" نامی ایک تصنیف پر پڑتی ہے جسے شاہ محمد علی سامانی نے، جو خواجہ بندہ نواز کے مرید و خادم تھے، ۸۳۱ھ میں تالیف کیا تھا۔ گویا یہ کتاب خواجہ بندہ نواز کی وفات کے چھ سال بعد تالیف ہوئی۔ اس تالیف کے باب پنجم میں خواجہ بندہ نواز کی ۳۶ چھوٹی بڑی، اہم و غیر اہم تصانیف کا ذکر ملتا ہے جن میں ایک بھی کتاب دکنی اردو میں نہیں ہے۔ حتیٰ کہ معراج العاشقین نام کی بھی کوئی کتاب نہیں ہے۔ اب اس کے بعد یہ کہنا کہ خواجہ صاحب کی عمر ۱۰۵ سال تھی اور ان کی تصانیف کی تعداد بھی ۱۰۵ ہے یا ان کے "قلم سے ایک سو سے زائد چھوٹی بڑی کتابیں نکلی ہیں" یقیناً نیاز مندانہ خوش فہمی ہے۔ شاہ محمد علی سامانی نے حضرت گیسو دراز کی جن "تصانیف" کا ذکر کیا ہے ان کی تفصیل[1] یہ ہے۔

"در تصانیف حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بدانکہ تصانیف حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بسیار است۔ ملتقط تفسیر[1] در قالب سلوک و تفسیر[2] دیگر آغاز کردہ بودند بر طریق کشاف۔ موازنہ پنج سپارہ شدہ بود، بلشتر تمام شدہ بود۔ حواشی[3] کشاف، شرح[4] مشارق در قالب سلوک، ترجمہ[5] مشارق، معارف[6] شرح عوارف ترجمہ[7] عوارف، شرح[8] تعرف، شرح[9] آداب المریدین، عربی[10] و پارسی شرح[11] فصوص، شرح[12] تمہیدات قاضی عین القضاۃ[13] ترجمہ[14] رسالہ قشیری، و آں کتابے بزرگ است۔ خطائر[15] القدس و آں را عشقنامہ[16] ہم میگویند، رسالہ[17] استقامت الشریعۃ بطریقۃ الحقیقۃ۔ ترجمہ[18] رسالہ شیخ محی الدین ابن عربی[19]، رسالہ[20] سیر النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، شرح[21] فقہ اکبر دو مجلد یکے عربی[22]، دوم[23] فارسی، حواشی[24] قوت القلوب، اسمار[25] الاسرار، حدائق[26] الانس۔ ضرب[27] الامثال، شرح[28] قصیدہ امالی، شرح[29] عقیدۂ حافظیہ[30]، عقیدۂ[31] چند ورق، رسالہ[32] در بیان آداب سلوک، رسالہ[33] در بیان اشارت محبان، رسالہ[34] در بیان ذکر، رسالہ[35] در بیان معرفت، رسالہ در بیان رؤیت ربی فی احسن صورۃ، رسالہ در بیان پود و بست دباشند، و خلافت[32] نامہ مخصوص برائے خدمت مولنا علاء الدین گوالیری نویسانیدہ بودند و خلافت نامہ برائے قاضی اسحاق چہترہ خلافت نامہ برائے خدمت قاضی سلیمان برادر قاضی اسحاق و خلافت[35] نامہ مخصوص بجہت شیخ صدر الدین خواندمیر و خلافت[36] نامہ بجہت خدمت مولانا ابو الفتح علاء الدین گوالیری نویسانیدہ بودند۔ کاتب ایں سیر محمدی راجی برحمت ربانی محمد علی سامانی در فترت منزل برابر حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ در گوالیری بود۔"

خواجہ بندہ نواز کی یہ تصانیف سب کی سب فارسی، عربی میں ہیں۔ ربط و تعلق اور زمانی اعتبار دونوں سے شاہ محمد علی سامانی سے زیادہ مستند ماخذ اور کیا ہو سکتا ہے؟ اب جب کہ یہ بات واضح ہو گئی کہ

---

[1] سیر محمدی مولفہ شاہ محمد علی سامانی، مطبوعہ یونانی دواخانہ پریس سبزی منڈی الہ آباد ۱۳۴۷ھ ص ۲۲ تا ۲۳

www.taemeernews.com

معراج العاشقین خواجہ بندہ نواز کی تصنیف نہیں ہے بلکہ آپ کے پروانوں نے جوشِ عقیدت میں آپ سے منسوب کردی ہے تو سوال سامنے آتا ہے کہ آخر پھر یہ تصنیف کس کی ہے اور کس زمانے میں لکھی گئی؟

"معراج العاشقین" دراصل "تلاوۃ الوجود" کا خلاصہ[1] ہے اور یہ رسالہ اور اس کا خلاصہ دونوں مخدوم شاہ حسینی بیجاپوری کی تصنیف ہیں۔ مخدوم شاہ حسینی، پیر اللہ حسینی کے مرید و خلیفہ تھے جو میراں جی خدانما کے مرید و خلیفہ تھے۔ میراں جی خدانما کا سالِ وفات ۱۰۷۰ھ ہے۔ یہ حضرت امین الدین اعلیٰ کا سلسلہ ہے اور "تلاوۃ الوجود" میں، جس کا خلاصہ "معراج العاشقین" ہے، "سلسلۂ امینیہ" کے مخصوص تصوف کو بیان کیا گیا ہے۔ اس طرح یہ تصنیف گیارھویں صدی ہجری کے اواخر اور بارھویں صدی ہجری کے اوائل کی تصنیف ہے جبکہ حضرت گیسو دراز کا سالِ وفات ۸۲۵ھ یعنی تقریباً پونے تین سو سال پہلے کا ہے۔

اس جائزہ کے بعد اب لے دے کر "مثنوی کدم راؤ پدم راؤ" رہ جاتی ہے جسے اردو زبان کی پہلی تصنیف ہونے کا شرف حاصل ہے اور جب تک کوئی اور تصنیف سامنے نہ آجائے اولیت کے تختِ سلطنت پر "کدم راؤ پدم راؤ" کی حکمرانی رہے گی۔

۳

لسانی مطالعہ

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کی اولین اہمیت یہ ہے کہ یہ اردو زبان کا قدیم ترین ادبی و لسانی نمونہ ہے جسے ۱۴۲۱ء اور ۱۴۳۵ء کے درمیانی عرصے میں، آج سے تقریباً پونے چھ سو سال پہلے، بہمنی دورِ حکومت میں فخر دین نظامی نے تصنیف کیا۔ اس وقت شمال سے دکن پہنچے ہوئے اردو کو تقریباً سوا سو سال ہو چکے تھے اور مغل شہنشاہ بابر کے ہندوستان آنے میں ابھی سوا سو سال کا عرصہ باقی تھا۔ یہ مثنوی اس زبان کا نمونہ ہے جو شمال سے دکن گئی اور وہاں بازار ہاٹ کی عام زبان بن کر پھلی پھولی۔ یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ شمال سے کوئی ایک بولی دکن نہیں پہنچی بلکہ علاء الدین خلجی کی فوجوں کے ساتھ، پھر امیرانِ صدہ اور ان کے لواحقین و متوسلین کے ساتھ اور اس کے بعد محمد تغلق کے زمانے میں، جب دارالحکومت دِلّی سے دولت آباد منتقل ہوا اور دِلّی خالی ہو گئی، جو لوگ دکن پہنچے وہ مختلف بولیاں بولتے تھے۔ بھانت بھانت کی بولیوں کے درمیان یہ زبان ہی ایک ایسی زبان تھی جو ان کے اور مقامی آبادی کے درمیان ربط، اشتراک، اتحاد اور ابلاغ کا ذریعہ تھی۔ اسی لیے وہ زبان جو کدم راؤ پدم راؤ میں ملتی ہے اس میں نہ صرف ضمائر اور افعال کی شکلوں میں تنوع پایا جاتا ہے بلکہ ایک ہی اسم کے لیے مختلف الفاظ اور مختلف املا بھی ملتے ہیں۔ یہ اثرات اس مثنوی میں خصوصیت کے ساتھ اس لیے زیادہ اور واضح ہیں کہ ابھی تک دکنی، جو اردو کے ایک علاقائی روپ کا نام ہے، اپنا معیاری رنگ قائم نہیں کر سکی تھی۔ اس مثنوی میں بیک وقت کھڑی، پنجابی، راجستھانی، برجی، گجری، سندھی، سرائیکی اور مرہٹی کے اثرات واضح طور پر نظر آتے ہیں۔ میں نے جب پنجابی، سندھی، کھڑی، راجستھانی، برجی

---

[1] معراج العاشقین کا مصنف از ڈاکٹر حفیظ قتیل۔ نیشنل پرنٹنگ پریس چارکمان حیدرآباد ۱۹۶۳ء

www.taemeernews.com

اور گجراتی بولنے والوں کو الگ الگ اس مثنوی کے اشعار پڑھ کر سنائے تو انھوں نے جہاں اور کئی باتیں کہیں وہاں یہ بات مشترک تھی کہ یہ زبان ان کی اپنی زبان سے قریب ہے اور آج بھی اس کے بہت سے الفاظ ان کے گھروں میں بولے جاتے ہیں۔ اس تجربے سے میں اس نتیجے پر پہنچا کہ وہ قدیم زبان، جو اس مثنوی میں استعمال ہوئی ہے، اس میں صدیوں کے میل جول سے متعدد زبانوں کا خون شامل ہے اور اسی خاندانی مشابہت کی وجہ سے مختلف زبانیں بولنے والے اسے اپنی زبان سے قریب تر پاتے ہیں۔ معاشرتی، تہذیبی اور سیاسی حالات کے ساتھ اردو کا ذخیرۂ الفاظ، لہجے اور اسالیب تو بدلتے رہے لیکن یہ ہمیشہ سب ہند آریائی زبانوں کی ایک زبان بن کر پروان چڑھتی رہی۔ اسی لیے میں اس زبان کو برصغیر کی ساری ہند آریائی زبانوں کا عادِ اعظم مشترک کہتا ہوں۔

دوسری قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ اس مثنوی میں جو زبان استعمال ہوئی ہے اس میں روزمرہ اور محاورے کی ایسی رچاوٹ ہے کہ اسے دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ یہ مثنوی اس زبان کا پہلا نمونہ نہیں ہے بلکہ اس سے قدیم تر نمونے بھی ہوں گے جو یا تو ضائع ہو گئے یا ابھی تک ہماری نظروں سے اوجھل ہیں۔ پروفیسر محمود شیرانی نے احمد دکنی (گجراتی) کی "لیلیٰ مجنوں" کا تعارف کراتے ہوئے لکھا تھا کہ "احمد کے ہاں جو نظم کی حالت دیکھی جاتی ہے اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ مثنوی کا ابتدائی نمونہ نہیں ہے بلکہ ایک ایسے وقت کی یادگار ہے جب کہ نظم نے معتدبہ حد تک ترقی کر لی تھی۔ اس لئے ضروری ہے کہ سلاطین بہمنیہ کے دور میں بھی اردو شعرا موجود ہوں[1]" یہی بات کدم راؤ پدم راؤ کی زبان کی حالت دیکھ کر کہی جا سکتی ہے۔ "کدم راؤ پدم راؤ" میں فارسی عربی کے اثرات لہجے میں، اسلوب میں، ذخیرۂ الفاظ میں آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ اس مثنوی میں تقریباً بارہ ہزار الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ اور ان میں سے صرف سوا سو کے قریب الفاظ عربی و فارسی کے ہیں۔ ان میں بھی بہت سے الفاظ بگڑی ہوئی شکل میں آئے ہیں۔ مثلاً یہ چند مثالیں دیکھیے۔

شعر ۲	؏	مثالا ادک سو را اُچایا سرشت	(مثالا = مشعل)
شعر ۵	؏	کہ جو زا دھرے بہت دُرباش کر	(دُرباش = دُورباش)
شعر ۲۳۵	؏	ہری بیکھ کا نون جگ تھیں اُچاؤ	(کانون = قانون)
شعر ۲۰۳	؏	کہ بہت بن ہوئے اور جنّت بن ہوئے	(جنّت = جنّت)
شعر ۹۲۲	؏	پڑیا یوں دسے جیوں طبیلا ترنگ	(طبیلا = طویلہ)

ان کے علاوہ عربی و فارسی کے یہ الفاظ بھی ملتے ہیں۔

قلم، سرشت، فلک، فرشتے، توحید، نغز گفتار، نور، بنیاد، شرع، کسری وکے، درویش، خدا، باصفا، اولوالامر

---

[1] مقالات حافظ محمود شیرانی جلد اول ص ۲۱۶ مجلس ترقی ادب۔ لاہور۔

www.taemeernews.com

نعت، مدح، سلطان، شاد، شاد، عطارد، مُسخّر، عَلَم، یغوں، طَبل، جوزا، بارگ، شہ، گنج، دُر، تُکا، تاج، شہنشہ، آل، دل، لقب، جہانگیر، سبق، دُوں، تفنگ، گشتہ سر (یعنی سرگشتہ)، وعے، برائے، سلام، دُنیا، ذکر، اردگان، زنب، راہ رو، دل، بَد، نابات، نقش، قضا، خر، فاخت (فاختہ)، جفت، عدل، قبا، وزارت، شہر، نقش باز، بائے بند، باذنی، اُمت، انشاءاللہ تعالیٰ، فرزانش، سقا، مطبخ، سخی، حلال، جلال، میزبانی۔

ایک آدھ جگہ پورا کا پورا مصرع فارسی کا آگیا ہے۔ مثلاً

شعر ۴۲۱ ۶ مُرصّع مکلّل قبا سر کلاہ

لفظ "برائے" (کے لیے) کا یہ استعمال بھی دیکھیے:

۳۹۲ ۶ ہمارے رب راسے ترقی برائے

اُردو زبان اپنے ارتقا کے دوران' اسلوب' لہجہ اور ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے دو منزلوں سے گزری ہے۔ اس کی پہلی منزل خالص ہندوی روایت ہے۔ اس دَور میں' اور یہ دَور مسلمانوں کی آمد اور ان کے تہذیبی اثرات کے ساتھ شروع ہوتا ہے' اس نے اپنے اظہار کے لیے پراکرت و سنسکرت کے علاوہ شورسینی اپ بھرنش کی بولیوں سے فیض حاصل کیا اور عربی و فارسی کے الفاظ خال خال استعمال کیے۔ اس دَور کی زبان' فکر اور تصوف پر ہندوی اسطور کا رنگ گہرا ہے۔ امیر خسرو کا کلام ہو' بابا فرید یا شاہ باجن کا وہاں ہمیں یہی رنگ دکھائی دیتا ہے۔ وہ اہلِ علم و ادب جو اُردو ادب و شاعری کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ اس نے صرف فارسی و عربی ادب اور اسلامی اثرات کو اپنایا اور ہندوی روایت و فکر کو نظر انداز کیا یہ بھول جاتے ہیں کہ اُردو شاعری کی پہلی روایت خالص ہندوی اسطور' اصناف اور اوزان پر قائم ہوئی۔ اور ہندوی تصوف کے اسی رنگ کو قبول کیا جو برِصغیر میں ناتھ پنتھیوں' بھگتی کال اور نرگن واد کی شکل میں رائج تھا۔ اس دَور کی شاعری کی اصناف وہی ہیں جو برِصغیر میں بھی' گیت اور دوہروں کی شکل میں زمانۂ قدیم سے چلی آرہی تھیں۔ لیکن جب اس روایت کو استعمال میں آتے آتے تقریباً پانچ صدیاں گزر گئیں اور اس روایت میں نئی نسلوں کے نئے ذہنوں کی تخلیقی پیاس بجھانے کی صلاحیت باقی نہیں رہی اور اس روایت سے تخلیقی سطح پر جو کچھ لیا جاسکتا تھا لیا جاچکا تو نئے ذہن نے نئے راستوں کی تلاش شروع کی۔ بدلے ہوئے معاشرتی و تہذیبی حالات کے پیشِ نظر انہوں نے اب اُس ادب کی طرف دیکھا جو دربار سرکار میں پسندیدہ نظروں سے دیکھا جاتا تھا۔ اور جو نہ صرف اُن سے قریب تھا بلکہ ادب و شعر کی پختہ قدیم روایت کا بھی حامل تھا۔ اسی کے ساتھ فارسی ادب کی طرف رجحان بڑھنے اور پھیلنے لگا۔ ہمارے زمانے میں جو حیثیت نئے تخلیقی راستوں کی تلاش میں انگریزی و مغربی ادبیات کو حاصل ہے وہی حیثیت پہلے ہندوی روایت' اصناف و فکر کو حاصل رہی۔ اور پھر پانچ سو سال بعد یہ حیثیت فارسی ادب' اصناف کو حاصل ہوگئی۔ رد و قبول کا یہ فطری عمل ہے۔ امیر خسرو سے لے کر شاہ باجن اور نظامی تک اور نظامی سے لے کر میراجی شمس العشاق برہان الدین جانم بلکہ ابراہیم عادل شاہ ثانی جگت گرو تک ہندوی روایت ہی کا دَور دورہ رہتا ہے۔ نویں صدی ہجری میں فارسی

www.taemeernews.com

اثرات بہت دبے دبے داخل ہونا شروع ہوتے ہیں اور فارسی بحور و اصناف بھی خال خال استعمال میں آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ لیکن اسلوب، لہجہ اور ذخیرۂ الفاظ پر اب بھی ہندوی چھاپ گہری بلکہ غالب رہتی ہے۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ فارسی مثنوی کی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ اس کی بحر بھی "فعولن فعولن فعولن فعول" فارسی ہے لیکن بحیثیت مجموعی اسلوب و ذخیرۂ الفاظ پر ہندوی رنگ اتنا غالب ہے کہ فارسی بحر اور فارسی و عربی الفاظ کے وجود کا احساس مشکل سے ہوتا ہے۔ دسویں صدی ہجری کے اواخر اور گیارھویں صدی ہجری کے ابتدائی پچیس سال فارسی اثرات کے پھیلنے، بڑھنے اور مقبول ہونے کے سال ہیں۔ اس وقت فارسی ادب سے خوشہ چینی کرنے کا رجحان اتنا بڑھا کہ گیارھویں صدی ہجری کے ختم ہونے تک یہ واحد ادبی رجحان بن گیا۔ اور اسی کے ساتھ یہ طے ہوگیا کہ اُردو زبان کا نیا اسلوب اب اسی اسلوب و روایت سے مل کر پیدا ہوگا۔ اسی رجحان کے ارتقا نے آگے چل کر اُردو زبان کے اس عالمگیر معیار کو جنم دیا جسے آج ہم "ریختہ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور جس کا سب سے بڑا نمائندہ "ولی دکنی" ہے۔ اسی کے ساتھ اردو زبان کا یہ نیا اسلوب برصغیر کے سارے علاقوں میں یکساں طور پر مقبول ہوگیا اور اُردو زبان کے علاقائی روپ مثلاً گجری و دکنی وغیرہ اسی کے ساتھ تاریخ کی جھولی میں جا گرے۔ کدم راؤ پدم راؤ میں یہ رجحان اپنی ابتدائی شکل میں نظر آتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ اس مثنوی میں جو زبان استعمال ہوئی ہے اس کا بنیادی ڈھانچہ، فاعل، فعل، مفعول کی ترتیب، مصرعوں کی ساخت، ضمائر اور افعال کا استعمال وہی ہے جو آج بھی اردو زبان کا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ یہ مثنوی اردو زبان کی پہلی روایت کی نمائندہ ہے جس کا ذخیرۂ الفاظ، اسلوب، لہجہ آج کی زندہ اور بولی جانے والی زبان سے مختلف ہے۔ لیکن اگر اس کا مقابلہ آج کی اس زبان سے کریں جو ہندوستان کی ادبی کتابوں میں نظر آتی ہے اور جسے "ہندی"[1] کا نام دیا جاتا ہے اور جس میں سنسکرت کے تت سم الفاظ دوبارہ زندہ کئے جا رہے ہیں تو اس کا اسلوب جدید ہندی اسلوب سے مشابہ نظر آتا ہے۔ لیکن سوائے اس کے اس کی زبان وہی ہے جو آج ہم بولتے ہیں اور جسے اُردو کے نام سے پکارتے ہیں مثلاً جب ہم یہ شعر پڑھتے ہیں تو ہمیں یہ احساس نہیں ہوتا کہ ہم کسی بالکل مختلف زبان کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

جو کچ کال کرنا سو توں آج کر + نہ گھال آج کا کام توں کال پر
بھلے کوں بھلائی کرے کچ نہ ہوئے + بُرے کوں بھلائی کرے ہوئے توئے
نکھے کی نکھی بُدھ مانے نہ کوئے + نکھاں سو نکھاں جے نبی پوت ہوئے

---

[1] ڈاکٹر شری رام شرما نے لکھا ہے کہ "حالیہ زمانے میں انقلابی تغیر یہ ہوا کہ تمام آریائی زبانوں میں پھر سے قدیم ہند آریائی الفاظ (سنسکرت کے تت سم الفاظ سے مراد ہے) کا چلن ہوا"۔ دکنی زبان کا آغاز اور ارتقا ترجمہ غلام رسول ص ۹ مطبوعہ آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈیمی حیدر آباد۔

www.taemeernews.com

کدم راؤ کہیا پدم راؤ سُن + کہ جے ساچ مانے کہوں آپ گُن
نہ اگلا سنبھالے کہ پچھلا کہاں + نہ پچھلا سنبھالے کہ اگلا کہاں
کہ جے بول میرا سُنے تیں کہوں + کہ جے نہ سُنے تِل گھڑی نہ رہوں
کہیا راؤ سُن دشٹ پڑھاں ابول + اٹھیا گرج یوں جیوں اُٹھے گرج ڈھول
جے جیبے کا جو ہوئے سو کر سکے + نہ بڑھی کیسرا کام باندر سکے
دھریں دھر پھیرے لوک کہنا پکار + دودنا ہوا راؤ آکھور مار
نہ رووے کدھیں چور کی ماں پکار + رووے گھال کُرمکھ کو کھٹی منجھار
کدم راؤ جب بھول راداں ہوا + ہوا ڈر ہوا ہو گیا باد ہوا
بچاریا ہری پنکھ کیتا اڑول + کہاں لگ اڑوں جانے کیدھر پڑوں
ہری پنکھ دیٹھا پدم راؤ ہوئے + پدم راؤ جانے نہ یہ کون کوئے
اکایک کہوں کیوں اپس ناؤ ہول + کدم راؤ ہیرا نگر کا سو ہنل
جو جس گنگے کا دُودھ پیوے سو گنگے + ہوئی دیکھ باکھرا سے کاٹ کھائے
نہ فراش سقا نہ توں مطبخی + سکی ناؤ دھر کیوں کہاوے سکی
دوچتا نگر ساچ یک بول کہہ + کدم راؤ توں کیوں ہوا کھول کہہ
سبھی کھیل اس کے کرن ہار دہ + کرنہار جوگی نہ کرتار دہ
پدم راؤ من میں دھریا ایک بات + کہ جس بات تجھے چڑھیا ناگ ذات
جو نیت کرے کام جے کچھ کوئے + اُسی کا بھلا بھی اُسی سات ہوئے

اس زبان میں اتنی خلیج بھی حائل نہیں ہے جتنی انگلش اور اولڈ انگلش میں حائل ہے۔

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں روزمرہ اور محاورہ کا استعمال کثرت سے ہوا ہے جس سے زبان کے ارتقاء اور جاذبیت کا اندازہ آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

ٹھکائی کرنا ــــ کہیں ہیں تجھے دیوں بار جگ + ٹھکائیں کروں جو کرے جگ ٹھگ ۵۰۹
گانٹھ باندھنا ــــ ستم ایکے گانٹھ باندھے جیکوئے + کہ اس بُدھ تھیں کیوں ..... ہوئے ۵۰۳
کان پڑی لگی دھرنا (دینا) ــــ جو آکھور کیرے بھوں کھول گُن + تہیں کان انگل دھرے بات سُن ۵۵۲
پھول پھل ہونا ــــ بھلا دیکھ سنبھل پڑا دیکھ جھانٹ + کہ پھر پھول پھل ہوئے کتی کانٹ کانٹ ۹۰
باد ہونا ــــ گیا باد ہوا جیو تن چھوڑ بوجھ + کھونداچلیا کرن لاگا اسوجھ ۷۳۶

www.taemeernews.com

ہوا ہونا ــــــ کدم راؤ جب بھول راواں ہوا + ہوا ڈر ہوا ہو گیا باد ہوا ۷۳۵

آنکھ بھر دیکھنا ــــــ جو بونٹ اس دکھادے ..... + جو بھر آنکھ دیکھے کہوں آنکھ پھوڑ ۸۴۴

میاں میں منھ ڈالکر دیکھنا ــ نہ پڑ آج تھیں توں اس ابھمان منھ + تہیں دیکھ مکھ کھال کر میاں منھ ۸۶۰

بول اٹھنا ــــــ گیا راج تجہ جب اُٹھیا بول یہ + جو سیوٹ اٹھیا لوگ یہ بول کہہ ۷۹۰

جوگ پڑنا ــــــ نجانوں کہ تجہ جوگ یہ کیوں پڑے + کہ یہ جوگ تجہ راؤ راجن اڑے ۷۹۶

باسی تواسی ــــــ سو جوگی نہ ہوں ہوں جو باسی دھروں + نہ باسی دھروں نہ تواسی دھروں ۳۹۴

کِل کِل ہونا ــــــ جہاں سُولیں پُرکھ کِل کِل نہ ہوے + تہاں ہوے کِل کِل جہاں نار دوے ۲۴۳

سب کو ایک لکڑی سے ہانکنا ــ نہ سر باد کر دُود کوں ہین تاک + سبھی استریاں ایک لکڑی نہ ہاک ۲۰۶

آسمان کے تارے توڑ لانا ــ گھرا بھی بہت جھونٹ نہ بول جوڑ + جنگل دھرت آکاس تارے نہ توڑ ۸۵۸

آنکھ پھوڑنا ــــــ ؍ جو بھر آنکھ دیکھے کہوں آنکھ پھوڑ ۸۵۴

کھول کر کہنا ــــــ ؍ کدم راؤ توں کیوں ہوا کھول کہہ ۸۹۴

ناک کاٹنا ــــــ ؍ بتولی دیا پو پچھتے کاٹ ناک ۸۷۰

سر چڑھنا ــــــ ؍ سو کبیں آج منج سر چڑھیا پاے دھر ۸۷۴

ناک اونچی کرنا ــــــ ؍ جناں ناک اونچی کرے باؤ بل ۷۶۱

یہ صرف چند مثالیں نمونے کے طور پر میں نے پیش کی ہیں۔ ورنہ اس قسم کے سینکڑوں روزمرہ محاورات کے موتی پوری مثنوی میں بکھرے پڑے ہیں۔ یہی صورت ضرب الامثال اور کہاوتوں کی ہے۔ کچھ کہاوتیں ایسی ہیں جو فارسی سے ترجمہ ہو کر عام ہوگئی ہیں اور کچھ کہاوتیں ایسی ہیں جو صدیوں سے سینہ بہ سینہ چل کر ہم تک پہنچی ہیں۔ ذیل میں جو مثالیں میں دوں گا وہ آج بھی کم و بیش اسی طرح بولی جاتی ہیں۔

۱۔ آج کا کام کل پر مت چھوڑ

جو بگے کال کرناں سو توں آج کر + نہ کھال آج کا کام توں کال پر ۱۲۲

۲۔ چھری سونے کی بھی ہو تو کوئی پیٹ میں نہیں مار لیتا

چھُری ات کندن سی کہ جے ہوے + اسنگت نہ تس کھال لے پیٹ کوے ۱۶۰

۳۔ سانپ کا کاٹا رسّی سے بھی ڈرتا ہے۔

ڈُودھا سانپ کا ہوے جے کا دڑی + ڈرے کیوں نہ وہ دیکھ پھاندا اڑی ۱۶۱

www.taemeernews.com

۴۔ دودھ کا جلا چھاچھ کو بھی پھونک مار مار کر پیتا ہے

بڑے سیانے کہہ کر گئے بول اچوک ✦ دودھا دُودھ کا چھاچھ پیوے پھوک ۱۶۲

۵۔ چور کی ماں کوٹھی میں منھ ڈال کر روتی ہے۔

نہ رووے کدھیں چور کی ماں پکار ✦ رووے گھال کر مُکھ کوٹھی منجھار ۶۱۷

۶۔ کُتے کی دُم کبھی سیدھی نہیں ہوتی۔

جنتر گھال چھاس کھینچے جو کوئے ✦ نہ سیدھی کدھیں کوتری پُوچھ ہوئے ۱۹۸

۷۔ پانچوں انگلیاں کبھی ایک سی نہیں ہوتیں۔

منہو سی کدھیں پانچ اُنگل سمان ۲۰۲

۸۔ بِلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا

جیسا اوچتا دیہہ دے پیٹ بھر ✦ لہے بِلّی پھل چھینکا پڑیا ٹوٹ کر ۴۴۹

۹۔ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پستا ہے۔

بڑے سیانے کہہ گئے گُن سُگن ✦ گہیوں پیسے پیسیا جائے گُھن ۴۷۵

۱۰۔ سانپ بھی اپنے بل میں سیدھا چلتا ہے۔

سبھی ٹھانوں جے سانپ کوڈھا چلے ✦ اپس ٹھانو دہ بھی سو سیدھا چلے ۵۶۲

۱۱۔ بغل میں چھری منھ پر رام رام

مردود و دنگی جو ہتے دھرستیں ✦ شکر در دہاں اُستُرہ آستیں ۶۲۵

۱۲۔ (۱) چھوٹا منھ بڑی بات (۲) چادر دیکھ کر پیر پھیلانا

ننھیں منھ بڑا نہ نوالا اُچھاڑ ✦ پسار آپنا اوڑنا دیکھ پاؤ ۸۳۶

۱۳۔ تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا

کھڑگ ماریا اوبری کے مرے ✦ سبد ماریا جنم تپیا کرے ۸۶۶

۱۴۔ ایک در بند دس در کھلے

سنیا ہے کہ کرتار جس دیہہ جس ✦ تسے دوار بند ایک تے کھول دس ۸۹۲

۱۵۔ اپنا ہی سکہ کھوٹا تو پرکھنے والے کو کیا دوش

جب اپنا ہوا دام کھوٹا کپنگ ✦ کہیا پارکھی دوس دینا کا ڈھنگ ۹۰۶

www.taemeernews.com

۱۶ ۔ جن کا منہ نہ دیکھا تھا اُن کے پاؤں دیکھنے پڑے۔

۸۷۳ جنھیں مُکھ دیٹھا تھا اب راج + تھن پائے دکھین پڑے منجہ آج

۱۷۔ سب کھیل اُس (اللہ) کے ہیں۔

۸۷۵ سبھی کھیل اس کے کرنہار وہ + کرنہار جوگی نہ، کرتار وہ

۱۸۔ دُور کے ڈھول سہانے

۸۹۹ بھلی جانے دورتھیں ڈھول ناد + برا وہ جو نیڑے کرے ڈھول ساد

۱۹۔ مٹی میں ہاتھ ڈالے تو سونا بن جائے

۷۷۲ جسے دیبہ سربھاگ تو تس سرے + جو ماٹی پکڑ ہت سُنا کرے

۲۰۔ بھاری پتھر تھا چوم کر چھوڑ دیا

۹۷۹ جو پاتھر اپس تھی اُٹھے تس اُٹھائے + اپس جو اُٹھے نا، تسے چوم جائے

ضرب الامثال اور کہاوتوں کی ایسی چند مثالیں جو فارسی سے جوں کی توں یا ذرا سی تبدیلی کے ساتھ اردو زبان کا حصہ بن گئی ہیں اور مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں ملتی ہیں۔

(۱) خشتِ اول گر نہد معمار کج + تا ثریا می رود دیوار کج

۱۹۷ جو نیکا اُٹھے ترن بن رُکھ کوئے + سو سیدھا نہیں رُکھ بدھ سن نہ ہوئے

(۲) جان خوش تو جہان خوش

۲۱۴ نہ سینا او ننگ کر اس و رمان + سُکھی آپنا جیو تو سب جہان

(۳) کند ہم جنس با ہم جنس پرواز + کبوتر با کبوتر باز با باز

۲۳۱ پنکھیرو اڑے دیکھ کر آپ ونس + چڑی ل چڑی را و رل، ہنس ہنس

(۴) خلق خدا تنگ نیست + پائے مرا لنگ نیست

۲۵۵ نکل جاؤں سر ہانڈ منج تنگ نہ + جہاں جاؤں سینسار تو تنگ نہ

(۵) نیکوئی با بداں کردن چنان است + کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

۸۴۹ بھلے کوں بھلائی کرے کچھ نہ ہوئے + بُرے کوں بھلائی کرے ہوئے توئے

(۶) چاہ کندن را چاہ در پیش۔

۸۷۸ کرے کوئی کس تا بکھوٹے جے کود + بی پڑ مرے کود تس گرد وہ

www.taemeernews.com

تلمیحات

جیسا کہ میں لکھ آیا ہوں کہ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں ہندو اسطور کا رنگ غالب ہے لیکن تلمیحات میں جہاں ہندو اسطور سے فیض اٹھایا گیا ہے وہاں اسلامی تلمیحات بھی موجود ہیں۔ ذیل کی یہ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

کھلے تیں کہیا آج راماں منجہ ✦ کہیا دیکھ توں کال ہنماں منجہ ۱۴۲

براہیم ادھم کہ جیوں چھوڑ راج ✦ گیا راج تھل دے سنور آپ کاج ۲۱۵

کہ جے رام کے یار ہنونت تھا ✦ نہ تجہ سار کا اود ہنونت تھا ۵۸۰

نہ منجہ دھیر ایوب نہ نوح ناؤ ✦ نہ منجہ ذرب قارون رکھوں کت پاؤ ۶۸۵

دھرم بھیم سہدیو ارجن چنچل ✦ اکتل کردں پانچ پانڈو کھکل ۹۷۱

کردں بن کتک توں سوکچ تجہ کام ✦ نہ ہنونت سے نہ لکھن نہ رام ۹۹۸

مرہٹی زبان کے اثرات

"چ" تاکیدی اور حرفِ انکار "نکو"

شمال سے جب اردو زبان اپنی قدیم شکل میں دکن پہنچی اور وہاں کی مقامی زبانوں سے اس کا واسطہ پڑا تو اس میں ان زبانوں کے الفاظ اور لسانی خصوصیات بھی در آئیں۔ اس پر سب سے زیادہ اثر مرہٹی کا پڑا اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ مرہٹی ہند آریائی زبان تھی اور اس کے الفاظ اس میں آسانی سے گھل مل کر ایک ہو سکتے تھے۔ "چ" کا لاحقہ (ہی کے معنوں میں) مرہٹی میں استعمال ہوتا ہے۔ وہاں سے اردو میں آگیا اور دکنی اردو کی پہچان بن گیا۔ کدم راؤ پدم راؤ میں مجھے دو شعروں میں یہ لاحقہ "چ" تاکیدی نظر آیا۔

گھرے کوئی اپچارنا چار پاپ ✦ نہ بھاوے مجھے وہ جو میراچ پاپ ۲۲۸

اکایک کہیا تو تجہ میراچ سیکھ ✦ دھتور بدیا میں دیا تدہ بھیک ۵۵۴

اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ دکن میں قدیم اردو نے "چ" کے لاحقے کو اپنے ابتدائی دور ہی میں قبول کر لیا تھا۔ اسی طرح لفظ "نکو" جو حرفِ انکار ہے، مرہٹی سے اردوئے قدیم میں آیا اور آگے چل کر "چ" تاکیدی کی طرح دکنی اردو کا کلیدی لفظ بن گیا۔ نظامی کے ہاں بھی یہ ایک جگہ ملتا ہے۔

ڈھٹائی نکو کر..... جیو دھیٹ ✦ نہ جیو تے بہن ڈرنپٹ جتے ایٹ ۸۳۵

مرہٹی کے اور بھی بہت سے الفاظ اس مثنوی میں موجود ہیں۔ ایک جگہ نظامی نے مرہٹی سبد کا حوالہ بھی دیا ہے۔ دو

شعر ہے۔

سبد مرتن جے کیبا ایک چیت ۔ کرجے آپ سے داس راوان گت ۳۰

پنجابی کا اثر

اُردو اور پنجاب کا تعلق ابتدا سے نہایت گہرا رہا ہے بلکہ پنجاب اردو کا پہلا گہوارہ ہے۔ اسی لئے پنجابی کا اثر قدیم اُردو پر بہت نمایاں ہے۔ نہایت اسماء افعال وغیرہ پر یہ اثر واضح ہے بلکہ اردو کے پہلے بنیادی لہجہ کی تشکیل میں بھی پنجابی نے سب سے اہم کردار ادا کیا ہے۔ کدم راؤ پدم راؤ میں بھی یہ اثرات گہرے اور نمایاں ہیں۔ ذیل میں چند مثالیں ملاحظہ ہوں جن سے اردو، پنجاب اور پنجابی کے قدیم رشتے پر روشنی پڑتی ہے۔

آنیں ــ آنا ، لانا	۶	ہتیں ساکھ ہو کر نہ آنیں دولی	۲
	۶	بڑا دُکھ آنیا شرع کی ادان	۳۴
دِیسے ۔ دکھائی دے	۶	جو تجہ انک دِیسے سو مندان تجہ	۹
سنوئے ۔ پنجابی طرزِ تخاطب	۶	سنوئے فخر دیں تو بسر آنکھیا	۳۸
کیتا ۔ ماضی مطلق کی شکل	۶	بنی بیر منہ دند کیتا ہنار	۳۸
لوڑے ــ لوڑنا ، ضرورت ہونا ، تلاش کرنا	۶	فلک بیچ لوڑے جے سر سنجری	۱۰۴
	۶	بھلا لوڑیے کوئی جے دے ادھار	۱۲۳
نیکا ، چھوٹا	۶	جو نیکا اُٹھے تن بن دُکھ کرے	۱۹۷
چھوڑسی	۶	نہ تھک تھک پنا چھوڑسی جگت لگ	۲۰۰
ہنوسی	۶	ہنوسی کدھیں پانڈر پنک لگ	۲۰۰
کدھیں	۶	ہنوسی کدھیں پانچ انگل سمان	۲۰۲
رہسی ۔	۶	نہ رہسی جو دیسے کچھو نقش نانو	۲۱۷
اگ ، آگ	۶	کپٹ بھاؤ تھیں جو اُٹھے سیس اگ	۲۲۹
دوجا ، دوسرا	۶	جو دوجا نہ دیکھے پُرکھ تب لگ	۲۳۰
آکھے	۶	کدم راؤ آکھے سنی بات دھن	۲۵۱
آن	۶	کوئی جے ہے بھوک گر آن روس	۲۸۱
سوں ، قسم	۶	نرادھار کی سوں اُدھر نہ کھول	۳۳۷

www.taemeernews.com

بھر ۔ باہر	۶	نہ آؤں بھر مکھ تجہ مکہ بول	۳۳۷
آدسی	۶	نہ پرگور میں توں رہن آدسی	۳۹۷
بدل ۔ بادل	۶	پڑے کیوں نہ بجلی بدل سیر ٹوٹ	۵۲۱
نکرسوں	۶	نکرسوں تدر دان دیوں اتال	۵۹۰
جاسوں	۶	ترے پائے تیوں چھوڑ جاسوں کہیں	۶۲۸
بارسی	۶	رہے راج توں دیکھ کیوں بارسی	۶۹۲
پچھیں	۶	اُچاسیس پچھیں سریاد وے پلٹے	۸۰۹
گراس	۶	جو اکاس لاگے دہی منجہ گراس	۸۷۵
اکھیاں ۔ آنکھیں	۶	جو اکھیاں تجے ہوئے آکھوں سیجے	۸۴۶
ویل ۔ وقت	۶	سہاروں تسی ویل کے سب بچن	۹۱۵

یہ میں نے یہاں چند مثالیں دی ہیں ورنہ مثنوی کے مطالعے سے ان اثرات کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ اثرات شاعری کے مزاج میں، لہجہ میں، ذخیرۂ الفاظ میں کثرت سے نظر آتے ہیں۔

گجراتی اثرات

اسی طرح اس مثنوی کے زبان و بیان پر افعال و ضمائر، واحد جمع کے طریقوں پر مختلف زبانوں مثلاً کھڑی بولی، برج بھاشا، ہریانی، راجستھانی وغیرہ کے اثرات واضح طور پر نظر آتے ہیں جن پر ماہرین لسانیات کو کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اردو زبان پر مختلف زبانوں کے اثرات اور ارتقا کی تصویر سامنے آسکے لیکن یہاں میں صرف گجراتی، سرائیکی اور سندھی کے اثرات کی نشاندہی کروں گا۔ ذیل میں گجراتی اثرات کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

جے	۶	تری ایک میں جے لکھوں سو تی	۲۳۹
سہدیس نا		جو کچھ میں کہا بھید سہدیس نا	۳۱۸
پردیس نا		کہوں اب کچھ بھید پردیس نا	
انے	۶	بجرانگ انجن انے بندھار	۳۸۴
ماہنہ	۶	کھلیں جانیا راؤتس ویل ماہنہ	۹۰۷
باپڑا ۔ غریب بیچارہ	۶	کہیں باپڑا نا رہوں سیں کال	۶۵۰
بیجو ۔ دوسری، دیگر، بعدہ		نہ بیجو کرا ہیں جھنجر دھروں	۶۷۱

www.taemeernews.com

پونگڑا = لڑکا، بچہ	؏	پچھو پونگڑا کھاتے جن بیچ مائے	۹۵۰

اسی طرح 'ترت' 'ددجے' 'پچھو اور بہت سے دوسرے الفاظ اس مثنوی میں ملتے ہیں۔

سرائیکی، سندھی اثرات

اس مثنوی میں آخری حرف پر "زبر" عام طور پر لگایا گیا ہے یعنی آخری حرف متحرک آواز دیتا ہے۔ اردو زبان نے اس قاعدہ کو بعد کے دور میں ترک کر دیا اور اب "ہندی" میں بھی اسے تیزی سے ترک کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے لیکن سندھی میں یہ قاعدہ آج بھی رائج ہے۔ سندھی اثرات کی یہ چند مثالیں دیکھیے:

کے (سندھی کھے) بمعنی کو =	؏	گلن کے کیا اونچ تل بھیسر تھئیں	۲۱۰
گھرے بمعنی مانگے، چاہے =	؏	گھرے کوئی اُپچار ناچار باپ	۲۲۸
	؏	دھنی راج کوں بھیناں تد گھرے	۳۲۵
کے بمعنی سے	؏	اکھرنات پرمان سے راد کے	۴۷۲
اچھ بمعنی ہو، آؤ	؏	سکھی راج توں اَچھ بھتر راج کر	۶۰۷
منجھار = میں، درمیان میں	؏	رددسے گھال کرمکھ کوں منجھار	۶۱۷
تَرلی	؏	تَرلی کیوں کرے وہ دوانا کبھال	۸۴۰
تلہار = نیچے	؏	نہ منجہ سُدھ اوپر نہ تلہار سُدھ	۹۴۰
منجھار	؏	تدھاں تھیں رہیا راؤ چھجے منجھار	۱۰۱۷
باہ = آگ	؏	کُمک بھول دسے جیئے باہ بہول	۲۹۵
گال = بات، گالی	؏	کر راواں گیا آج منجہ دیہہ گال	۵۱۱
ہئین = دل	؏	نہ میرے ہئیں سُدھ نہ سیس بدھ	۹۴۰
ادبھا = سندھی میں اُبھا	؏	کنڈل بھیر ادبھا ہوا سرو بن	۹۳۳
اُچاپہ = اوچو، اونچا کیا	؏	اُچاپسیس باہر کئی یک نہ بات	۹۳۵

کدم راؤ پدم راؤ کا ایک مصرع ہے

؏ نہ چنتا کریں ناگ اُس بھاؤ توں

"کریں" یہاں صیغۂ امر ہے اور "کر" کے معنی دے رہا ہے۔ کریں بمعنی کر آج بھی سندھی میں مستعمل ہے۔

جس طرح ان زبانوں سے، جن کی مثالیں میں نے اوپر دی ہیں، اردو کا تعلق قدیم رہا ہے اسی طرح برج بھاشا

www.taemeernews.com

کھڑی بولی، ہریانی، راجستھانی اور دوسری بہت سی زبانوں کے اثرات بھی اس مثنوی میں ملتے ہیں۔ اب جب کہ یہ مثنوی شائع ہو رہی ہے اور آسانی کے ساتھ سب تک پہنچ سکتی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل علم اور ماہر لسانیات اردو زبان وادب کے اس قدیم ترین نمونے کا تجزیہ کرکے اردو زبان کے ارتقا کی داستان سنائیں۔ اس کے تجزیہ اور مطالعہ سے زبان کے ارتقا کی بہت سی گم شدہ کڑیاں مل سکیں گی۔

اسم فاعل

قدیم اردو میں مصدر پر "ہار" یا "ہارا" لگانے سے اسم فاعل بناتے ہیں۔ اس کی سب سے پہلی شکل کدم راؤ پدم راؤ میں ملتی ہے۔ سندھی و پنجابی میں اب بھی یہ صورت رائج ہے جیسے منگہارو یا منگہار، دینہارو یا دینہار۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

دینہار = دینے والا	؏	بر دبر دنہ جگ تہیں دینہار	۱
رچنہار = بنانے والا، خالق	؏	رچنہار انجھے جینہار توں	۳
رہنہار = رہنے والا	؏	رہنہار بجھیں رہنہار توں	۳
کہنہار = کہنے وا..	؏	نظامی کہنہار جب یار ہوئے	۲۸
سنن ہار = سننے والا	؏	سنن ہار سن نغز گفتار ہوئے	
کرنہار = کرنیوالا	؏	کرنہار توں، باج تجہ کس کہوں	۸۳
		سبھی کھیل اس کے کرنہار دو	
		کرنہار جوگی نہ کرتار دو	۸۵

لاحقے

اردو نے سابقوں اور لاحقوں کے سلسلے میں فارسی کے علاوہ برصغیر کی بہت سی زبانوں سے فیض حاصل کرکے اپنے دامن کو وسیع کیا ہے۔ اس مثنوی میں "پن" لگا کر بہت سے لاحقے بنائے گئے ہیں۔ بعض علما کا خیال ہے کہ پن سنسکرت سے آیا ہے لیکن اردو میں یہ سنسکرت سے نہیں بلکہ اپ بھرنش کے ذریعہ داخل ہوا ہے۔ کدم راؤ پدم راؤ میں اس کی یہ شکلیں ملتی ہیں۔

بھاؤپن	؏	کہیا ناگ دھرتن گیت بھاؤپن	۱۰۷
دھنورت پنی	؏	کرے گھات کا کام دھنورت پنی	۳۱۱
ترن پن	؏	ترن پن گیلا کچھ جگ چت ہوئے	۳۹۳

www.taemeernews.com

ٹھک ٹھک پنا	=	نہ ٹھک ٹھک پنا چھوڑ سی جگت ٹھگ	۲۰۰
سنگت پنی	=	ملاوے سمجھا وک سنگت پنی	۳۱۲
میتر پنا (دوستی)	=	سرب نول میتر پنا جد گھرے	۳۲۵
جان پن	=	جو انکھان کوں دیبہ توں جان پن	۱۰۰۳
بال پن	=	سو کوئی جان جانے نہ بُجھ بال پن	۱۰۰۳

سابقے

قدیم اُردو میں "سابقوں" کی کئی شکلیں ملتی ہیں۔ بعض الفاظ پر "پر" لگا کر، بعض پر "نر" لگا کر، بعض پر صرف "ن" لگا کر، بعض پر "ک" لگا کر بامعنی لفظ بنائے جاتے ہیں۔ یہ طریقہ سنسکرت میں بھی رائج رہا ہے اور پراکرتوں اور اپ بھرنشوں میں بھی۔ ان کی چند شکلیں جو مجھے مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں ملیں، یہ ہیں:۔

"پر" لگا کر

پرنار	=	دُنیا میں بُرا کام پرنار سنگ	۱۰۰
پروار	=	کہوں آن پروار کہلا کروں	۸۶
پرمکھ	=	نہ پرمکھ کھائیں کوئی تن اگھلے	۵۹۴
پرچال	=	جو چال آپنی چھوڑ پرچال جائے	۷۴۳
پردیس	=	کہوں اب پچ بھید پردیس نا	۳۱۸

"ک" لگا کر

کڈھنگ	=	کر اس تھیں بُرا گھنا ہیں کڈھنگ[1]	۱۰۰

"ن" لگا کر

نروپ	=	نروپ یوں دیا رائے پردھان کوں	۷۴
نرس	=	سوا جتر کھیلا کد نہ دیسیں نرس	۶۱۴
ننگ	=	مناتی کئی پنکھ طوطے ننگ	۸۲۰
نکھنڈ	=	پرن دیبہ مُک آج نکھنڈ رات	۱۳۲

"نر" لگا کر

نردھار	=	جسے ایا گوسائیں نردھار ہوئے	۸۹۵

[1] مزید مثالوں کے لیے دیکھیے زینب حرف "ک"

www.taemeernews.com

نراسی ۔ سو یہ باؤ آندھی نراسی کب ان ۸۸۴

نرجیو ۔ گھڑی کھانڈ ٹک دیکھ نرجیو کر ۹۹۳

نرملا ۔ سدا..... ہتا بول تج نرملا ۶۳۹

"کو" لگا کر

کوبنگ ۔ جب اپنا ہوا دام کھوٹا کوبنگ ۹۰۶

کوبھیس ۔ کر دیس آپنا دیکھ ہنڈوں کوبھیس ۸۹۶

"الف" لگا کر (نفی کے لئے)

اوگھڑ بغیر گھڑا ہوا، ناتراش ۔ پر اوگھڑ مسند بہ نشی کیوں رہوں ۶۲۷

اچل ۔ نہ چلنے والا ۔ اچل ہے ..... رائے تج رائے پر ۶۹۹

اجاگ ۔ بدقسمتی ۔ تہیں دیہ اجاگ توں دیہ بھاگ ۷۷۱

اکھاناں ۔ نہ کھانا ۔ اکھاناں رہے تیوں نہ تج سنور کر ۷۷۰

اسی طرح اوچتا، اچیت، اپار، اچوک، اڈھل، اسنگت، اکھاڈ، اوشگن وغیرہ الفاظ بھی مثنوی میں آئے ہیں۔

نون غنہ کا استعمال

اس مثنوی میں فعل، حرف، اسم وغیرہ کے آخر میں ن کا استعمال کثرت سے ملتا ہے۔ زبان کے ارتقا کے ساتھ ساتھ یہ استعمال کم ہوتا گیا (نہ صرف ولی دکنی اور سراج اورنگ آبادی کے ہاں نون غنہ کا استعمال دگر دور قدیم کے مقابلہ میں بہت کم) ملتا ہے بلکہ محبت خان کی مثنوی اسرار محبت" تک یہ استعمال نظر آتا ہے۔ جدید اردو میں اسے ترک کر دیا گیا ہے اس سے الفاظ کی ادائیگی نسبتاً آسان ہوگئی اور بولنے میں روانی پیدا ہوگئی۔ کدم راؤ پدم راؤ سے یہ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

۶۸ ۔ سوں توں شاہ گھنبیر گڑدا اگبھیر

۶۹ ۔ اچنتیں نوئیں بولناں بُدھ نہ

۱۲۹ سو بولیا بچے جو نہ تھا بولناں ۔ اناں ایک سنجری رہیا کھولناں

۱۵۲ کہی بات رانیں کہ تج چھاؤ بل ۔ ہمیں جیوناں جسرم تج چھاؤ تل

۱۹۵ ذاب ہمیں کسی نار ہتپاؤ ناں ۔ نہ ہتپاؤناں نہ تسے راؤ ناں

۳۴۳ گھڑی کھانڈ کا سکھ مد جیوناں ۔ تھا دی کیرا دکھ لے جیوناں

۱۸۵ اگر ہیں تن راؤ بچپاؤ ناں ۔ کرکت ڈھنگ اپ راج چلاؤناں

www.taemeernews.com

ہاں ایک اپکار کرناں لگے ۔ کہ جس تھیں سنبھال آپ رہناں لگے

اسی طرح انفی آوازیں بھی تلفظ کا حصہ بن کر استعمال میں آئی ہیں۔ کھڑی بولی، برج بھاشا، اودھی میں عوام کی زبان پر یہ آج بھی چڑھی ہوئی ہیں لیکن جدید اردو نے انفی آواز کو ترک کرکے تلفظ کو سہل کرلیا ہے۔ یہ چند مثالیں مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" سے ملاحظہ ہوں:

گھانس ۔ گھاس	؏	روئی گھانس تھیں اگ جھانپی نہ جائے	۱۸۳
اُڑنتا ۔ اُڑتا	؏	اُڑنتا پکھیرو دھرے دل اودس	۲۳۱
جھونٹ ۔ جھوٹ	؏	اُڑائے گئے دھر جری جھونٹ کر	۵۷۲
شنک ۔ شک	؏	نہ اس بھاؤ شنکا دھروں ہوں نہ شنک	۱۸۴
پونچھتے ۔ پوچھتے	؏	تتولی دیا پونچھتے کاٹ ناک	۸۷۰
ڈھانک ۔ ڈھاک	؏	نہ پرچھایک کا چند کوں آؤ ڈھانک	۲۰۷
منجھ ۔ مجہ، مجھ	؏	کہ اب تھیں تھیں منت منجھ لیہ بھاگ	۲۵۶
بونٹی ۔ بوٹی	؏	نہ جھاڑی نہ بونٹی ڈرے باؤ کوں	۳۱۶

جمع کی شکلیں

نظامی کے ہاں جمع بنانے کی ایک شکل تو وہی ہے جو قدیم اردو میں عام طور پر ملتی ہے یعنی اں لگا کر جمع بنائی جاتی ہے۔ اس کی چند مثالیں اس مثنوی سے درج کی جاتی ہیں۔

؏	جو اپڑے کچھو دیس جیلاں اکھائیں	۱۲۹
ڈھنڈورا پھراوے گلیاں کوچیاں ۔ کہ راواں گیا راؤ دے گالیاں		۵۸۷
پڑی کھلبلی سندریاں رانیاں ۔ تل اوپر ہویاں داسریاں چیریاں		۹۵

اس کے علاوہ چند شکلیں یہ بھی ملتی ہیں۔

کھیلتیں	؏	اسنگت دیٹھے کھیلتیں لانپ جھانپ	۱۵۸

قدیم اردو کے لحاظ سے یہاں جمع "کھیلتیاں" کے بجائے بالکل اسی انداز سے ملتی ہے جیسے آج بھی اردو میں رائج ہے۔

ایک اور شکل یہ ہے کہ "گنوار" (جاہل، گاؤدی) کی جمع "گنواریں" بنائی گئی ہے۔

؏	گنواریں کرے کن میں بدھ کوں	۲۶۵

www.taemeernews.com

اس کے علاوہ ایک شکل یہ ہے کہ "ن" لگا کر جمع بنائی گئی ہے۔ مثلاً پردیسی کی جمع پردیسین:۔

۶ جو پردیسین کتی ڈرے وہ نڈان ۳۰۱

اسی طرح "اکھر" (لفظ) کی جمع "اکھرن" ملتی ہے۔

ایک اور جگہ "کاندھا" (کندھا / شانہ) کی جمع "کاندھے" ملتی ہے:

۶ چلیا پالکی جائے کھاندے کہار

زبان کا یہ وہ دور ہے جب مختلف زبانوں کے اثرات ایک ساتھ کام کر رہے تھے اور سب کے سب زبان میں رائج تھے۔ اسی لیے یہاں بھی پنجابی، راجستھانی، اکھڑی اور برج بھاشا وغیرہ کے اثرات ساتھ ساتھ نظر آرہے ہیں۔

ضمیر، اسم ضمیر اور دوسری شکلیں

یہی صورت ضمیر اور اسم ضمیر میں نظر آتی ہے یہاں بھی مختلف اثرات ساتھ ساتھ کام کر رہے ہیں۔ کدم راؤ پدم راؤ سے ضمائر کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

سوں (سو) = وہ ۶ سوں توں شاہ گنبھیر گرڈھا کہیر ۶۸

تیں، توں = تو ۶ قلم گیان سوں تیں لکھیا جگ جگ ۵

تجھن = تجھ ۶ تجھن ہت دے پان ہت آپ کر ۴۱۱

مَیوں، میں = میں ۶ نہ نایک ڈروں ہوں نہ پایک ڈروں ۸۶

۶ جو میں پائے دھر یا نتھا ہمیں اُپر ۸۶۴

ہمیں = ہم ۶ ہمیں کون مانس جو کارن ہمن ۳۴۴

چند اور مثالیں

تس ۶ پگھیٹیں پڑے پائے تس کا پتال ۲۹

تجھن ۶ جو میں سچ کہیا تو تجھن دور کر ۸۰

ہمن ۶ ہمن بل ہنے گا نبی بل سوا ۳۹

تجھوں ۶ کہ تجوں نہ تجھوں میں تجے لیکھیا ۸۹

ایہہ ۶ ہرا کر ذکر ایہہ کدم راے تے ۱۰۸

ہمن، تجھن ۶ کہ کارن ہمن بھوگ رہناں تجھن ۳۴۴

تن	ع	بناق کی تن بہسر دات گم	۳۰۲
تہاں	ع	تہاں باج ہم پال سکے سوکوں	۳۰۵
جے	ع	کر جے ولساں ہوتے نہ بوں دوں	۶۲

حرف کی چند مثالیں

لگ = تک	ع	سکا یا قلم بھاگ لکھ جرم لگ	۵
تھیں = سے تھی، تی = سے	ع	کیا جگ منگا تا اُدھک سور تھیں	۱۱
تے = سے	ع	نہ پورن لکھن تد توحید تے	۲۳
منے مانہ ماں = میں	ع	بنی جیبر منے دند کیتا جنار	۲۹
تے = پر	ع	بنی یار سکتے یار تے جھار جھار	۴۳

اسی طرح حرف کی اور بھی مختلف شکلیں ملتی ہیں۔

سیتی = سے	ع	چلو پیار سیتی جو پر کور دشٹ	۱۶۹
سیتیں = سے	ع	مرد وہ دو لسنگی جو ہوتے دھر سیتیں	۴۲۵
لگوں = تک	ع	رہیا پا لگوں کال ہو کر بجبار	۱۱۵
تد = تب بھی، پھر بھی	ع	نہ پورن لکھن تد توحید تے	۲۳
جد = جب	ع	تنرب نول میتر پہنا جد گھرے	۳۲۵
جدکد = جب کبھی	ع	کر ہنکار سی راؤ منجھ جد کد	۲۶۹
جدھاں = جب کہ	ع	جدھاں سمند سر جیانہ تھا تد تھیں	۲۸۱
سے = سے	ع	سنور فخر دیں اب کسی سنور سے	۵۰
کیرا = کا (مذکر)	ع	مچھندر کیرا پوت آکھور نات	۳۶۶
کیری = کی (مونث)	ع	ڈھنڈورے کیری شدھ چندگا و جاتے	۴۰۶

www.taemeernews.com

جتے ۔ جو، جن	جو ایک سیت پاکر بجانے جتے ۔	نہ کیا نہ پکا بجھانے جتنے	۴۰۷

صفتِ عددی (دکنی) کی یہ شکلیں ملتی ہیں جن میں سے بیشتر معمولی تغیر کے ساتھ آج بھی رائج ہیں :

یکس ۔ ایک	۶	یکس مبت کھنڈا، یکس بہت دان	۳۷

یکس کے علاوہ ایک اور یک بھی ملتے ہیں۔

دسن	۶	تیسے دوار بند ایک ٹے دس کھول	۸۹۳
سنتر ۔ ستر	۶	جو سنتر جگا لیہ اسی جگ بس	۸۸۳
سنتر ۔ ستتر	۶	سنتر نگر دان دیوں اسے	۵۹۹
سو ۔ ستو	۶	جو جوبن گئے ہیں لبے سو برس	۶۱۴
سہس ۔ ہزار	۶	کون جیو ساگر سہس رائے دے	۳۴۳
دس لاکھ		کھوں ایک نہ جے سنوں دس لاکھ	۷۰۰
دس لک ۔ دس لاکھ	۶	جہاں دس لک دھر..... کھتری	۶۴۵
سمسر ۔ ہزار	۶	سمسر پائے منہ جائے جے ایک پائے	۸۴

ایک اور جگہ لاکھوں کے لئے لکھاکوں آیا ہے :

	۶	تری ایک میں جے لکھا کھوں ہوئی	۲۳۹

فعل و متعلقاتِ فعل

جیسا کہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کدم راؤ پدم راؤ کی زبان سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہ زبان شمال سے گئی اور دکن میں پھیل کر عام زبان بن گئی۔ اور تقریباً سوا سو سال کے عرصے میں وہاں کی زبانوں کے اثرات کو اس طرح جذب کر لیا کہ وہ خود اس کا حصہ بن گئے۔ دوسرے یہ کہ یہ اثرات کدم راؤ پدم راؤ میں ایک ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ یہ صورت اسمار میں بھی نظر آتی ہے، حروف، ضمائر میں بھی اور یہی صورت فعل و متعلقاتِ فعل کے ساتھ ہے۔ اب اُردو مصدر کی عام پہچان یہ ہے کہ مادّہ سے مصدر بنانے کے لئے "نا" لگا دیتے ہیں جیسے کرنا، کھانا، پینا وغیرہ۔ کدم راؤ پدم راؤ میں مصدر "ناں" کے ساتھ ملتے ہیں۔ یہ شکل آج بھی پنجابی میں رائج ہے۔ چند مثالیں کدم راؤ "سے دیکھئے :

بولناں ۔ بولنا	۶	سو بولیا تجھے جو نہ تھا بولناں	۱۲۶
کھولناں ۔ کھولنا	۶	اتال ایک سنہری دہیا کھولناں	۱۲۶
کرناں ۔ کرنا	۶	اتال ایک اپکار کرناں لگے	۵۰۷

www.taemeernews.com

رہناں = رہنا	،	کہ جس تئیں سنبھال آپ رہناں لگے	۵۰۷

دوسری صورت مصدر کی یہ ملتی ہے کہ مادہ کے ساتھ صرف "ن" کا اضافہ ہوتا ہے۔ یہ شکل برج بھاشا میں بھی ملتی ہے۔ اور پنجابی وغیرہ میں بھی۔ مصادر کی یہ شکل مثنوی کدم راؤ میں کثرت سے نظر آتی ہے۔ اس صورت سے مصدر بھی بنائے جاتے ہیں اور مضارع وامر بھی۔ ملی جلی مثالیں یہ ہیں:۔

پڑھاون = پڑھانا	،	کوا کھیب راواں پڑھاون کنائے	۵۸۵
مرن = مرنا	،	ہری ہنکھ کا ہوئے کت گن مرن	۵۹۳
اُڑن = اُڑنا	،	نکل آج ہوں توں کر سُو دھیں اڑن	۵۹۳
کرن = کرنا	،	نہ مرباد توں چھوڑ ادگن کرن	۵۹۶
دھرن = دھرنا	،	کنک لے چلیا سات رداں دھرن	۵۹۷
گُن = جانا	،	نہ ہوں چھوڑ تجہ پائے کرسوں گُن	۶۲۴
بچارن = سوچنا	،	بچارن جتے راتے ایسا بچار	۵۹۸
ترن = تیرنا	،	کدم کون گندا جو سکے ترن	۷۸۱

اسی طرح "امر" ومضارع کے صیغہ کی یہ شکلیں ملتی ہیں:۔

ساکھ = قیاس کر	،	سیوا ساکھ اُس بول جو مبج کہیا	۲۹۶
دھرے	،	کھوندا دھرے من بہت ڈِشٹ بھاؤ	۲۹۳
کریں بمعنی کر	،	نہ چنتا کریں ناگ اُس بھاؤ توں	۳۰۵
بچھاویں = حاصل کریں	،	بچھاویں نبی مال دھر ردم رے	۴۰
پیویں کھائیں	،	ہمیں کیا جو اس کا نہ پیویں نہ کھائیں	۱۱۴
کر	،	گسائیں ہمیں جیب تجہ سنور کر	۲۵
دیہہ = دے	،	چلے جگ اس تئیں اپے دیہہ دھیر	۳۵
دیوں = دے	،	کہوں بول کا بول دیوں اُتر	۱۵۳
دکھلاؤ	،	کسی اوپخ دکھلاؤ تل کھینچ لے	۱۸۰

۔ "کدم راؤ پدم راؤ" میں سی کا استعمال کثرت سے ملتا ہے۔ یہ استعمال بعد کے دور میں کم ہو گیا۔ پروفیسر

www.taemeernews.com

محمود شیرانی کو سب رس میں "سی" مستقبل کا استعمال باوجود تلاش کے صرف چار جگہ مل سکا۔[1] ڈاکٹر ابواللیث صدیقی نے لکھا ہے کہ لاہوری پنجابی میں آج بھی "سی" بجائے مستقبل کے ماضی مطلق کے امدادی فعل "تھا" کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔[2]
مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں سی اور "سوں" کی چند یہ شکلیں ملتی ہیں۔ اس میں امر و مضارع کے صیغے بھی شامل ہیں اور فعل مستقبل بھی۔

چھوڑسی = چھوڑتا ہے، چھوڑے گا	۶	نہ تھک تھک بنا چھوڑسی جگ تھک	۲۰۰
رہسی = رہے گا	۶	نہ رہسی جو دلیسے کچھو نقش ناؤ	۲۱۷
دھکسی = بھڑکتا ہے، غصہ کرتا ہے۔	۶	کہ جے دھکسی راے دھن منجہ پہ	۲۶۶
سانچسی = سچ سمجھے	۶	نہ مد بھید کر کوئی دھن سانچسی	۳۲۹
کرسوں = کروں، کرسکتا ہوں۔	۶	نہ مون چھوڑ تجہ پاے، کرسوں گمن	۴۲۴
نکرسوں = نہ کروں گا۔	۶	نکرسوں تد ردان دیوں اتال۔	۵۹۰
نہوسی = نہ ہوگا۔ نہیں ہوتا۔	۶	نہوسی کدھیں ..... پنک کک	۲۰۰
ہنکارسی = بلائے۔ بلاوے گا، بلاتا ہے	۶	کہ ہنکارسی راؤ منجہ جد کد	۲۶۹
ہارسی = ہارتا ہے، ہارے۔	۶	رہے راج توں دیکھ کیوں ہارسی	۶۹۲

مضارع و امر کی دوسری شکلیں

لکھن = لکھیں		نہ پورن لکھن تد توحید تے	۲۳
سنن = اگر سنیں۔ اگر سنیں گے	۶	سنیں راے ڈھنڈ تجہ راے پن	۵۹۷
جلو = جلے (جلنا سے)	۶	جلو جیب منجہ جو برا تجہ کہوں	۶۳۷

فعل حال کی یہ شکل بھی عام طور سے ملتی ہے۔

کہوں = میں کہوں	۶	کہوں جے سنے راؤ اُن کا بچار	۱۷۷
کہوں = کہتا ہوں	۶	دلے ہوں کہوں دیکھ اُس کا نیاؤ	۱۷۸

فعل کی ایک اور شکل یہ ہے:

---

[1] مقالات حافظ محمود شیرانی جلد اول ص۲۳۳ مجلس ترقی ادب لاہور
[2] جامع القواعد (حصہ صرف) ص۲۹۵ مرکزی اردو بورڈ۔ لاہور

www.taemeernews.com

کہن نہ سکے	۶	کو کہوں .... مجلی کہن نہ سکے	۷۰۵
رہن نہ سکے	۶	اپس بھاؤ تے تیں رہن نہ سکے	۷۰۵
بولن سکے۔	۶	نہ بولیا جو ہے بول بولن سکے	۷۸

فعل جمع

اتھیں = اتھی کی جمع (بمعنی تھی)	۶	جو جوبن اتھیں پرت	۱۹۴
ابیں = اب کی جمع (بمعنی ہے)	۶	جہاں تجہ پیوا نکھ بہتے ابیں	۹۳۸

مرکب افعال

کدم راؤ پدم راؤ میں اس کی عام شکل یہ ہے کہ دیسی زبانوں کے الفاظ ـــ اسم، حاصل مصدر وغیرہ کے ساتھ فعلِ امدادی لگا کر مرکب فعل بنایا گیا ہے۔ مثلاً

دکھاون سکوں	۶	دکھاون سکوں بول دینہ منہ جود	۳۵۹
کرن لاگا۔	۶	بھوندا چپلیا کرن لاگا اسو جھ	۷۳۶
بنتی کرن۔	۶	بن انکھیں ہنکاریں نہ بنتی کرن	۶۱۰
بلندا کرن (دو منزلہ بنانا)	۶	بلندا کرن گھر کہن تس کٹاؤں	۸۴۰
دیکھن پڑے۔	۶	تخن پائے دیکھن پڑے مجہ آج	۸۷۳
ہنکارن کردل۔	۶	برس پانچ (لگ) ناہنکارن کرئں	۵۱۳
چپکن لگے۔	۶	چپکن لگے جب کتک بہت پہ	۵۶
اردگن کرن۔	۶	کہوں لوڑنے تھی اردگن کرن	۱۰۷
دیکھ سکوں۔	۶	اسنگت کرکیوں دیکھ سکوں اپاؤ	۱۵۹

لیکن ساتھ ساتھ ایسے مرکب افعال کی مثالیں بھی ملتی ہیں جن میں "اردو" فعل کو فارسی عربی الفاظ کے ساتھ ملایا گیا ہے۔ یہ رجحان آئندہ دَور میں بہت عام ہوا۔ سب رس میں ایسے مرکب افعال کی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں۔ اس عمل نے اردو زبان کی قوتِ اظہار کو بہت آگے بڑھایا ہے۔ اس سلسلے میں بھی کدم راؤ پدم راؤ کو اولیت کا درجہ حاصل ہے۔

مسخر ہوا۔		عطارد مسخر ہوا لے قلم	۵۴
مسخر کیا۔		مسخر کیا سور تے بہت علم	۵۴

www.taemeernews.com

ماضی مطلق

ماضی مطلق بنانے کے لئے مصدر کا "نان" گرا کر "یا" لگایا گیا ہے۔ یہ صورت بعد تک قدیم اردو میں رائج رہی۔ پنجابی میں آج بھی رائج ہے۔ کدم راو پدم راو سے چند مثالیں دیکھیے:

سریا = پیدا کیا	۶	تہیں اُنچ انبر سریا باج اُدھار	۱۰
سرجیا = پیدا کیا	۶	رتن سرجیا تیں جبلا نکور تھئیں	۱۱
کہیا = کہا	۶	کہیا ناگ دھرتن گپت بھاؤ پن	۱۰۷
ماریا = مارا	۶	کرن دوس منج کہہ کہ ماریا اچاتے	۱۰۸
رہیا = رہا	۶	رہیا پانگوں کال ہو کر بچار	۱۱۵
اٹھیا = اُٹھا	۶	گیا راجہ تجہ جب اُٹھیا بول یہ	۶۹۰

"کر" فعل کا استعمال

محمود شیرانی[1] نے لکھا ہے کہ "کر" دو فعلوں میں عطف کے لئے آتا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ فاعل نے پہلا فعل کر کے دوسرے فعل پر عمل کیا۔ اس کا دائرہ عمل بہت وسیع رہا ہے۔" اس کی چند مثالیں "مثنوی کدم راو پدم راو" سے ملاحظہ فرمایئے:

	۶	نسکے کوئی بدھ میں کر بچار	۱۸
	۶	سپت سمند پانی جو تس کر بھرے	۲۲
	۶	سرے دوئے تیں جگ توڑ آد کر	۳۰
	۶	کرتے ولی بلگت کرن راج کر	۳۱
	۶	تمن دور کر کر مجے دے اُتر	۶۰
لے دے کر	۶	گنی نماس ناگن پران آپ تے	۱۶۱

چند اور دلچسپ خصوصیات

۱۔ ایک جگہ "کر" بمعنی "یا" استعمال ہوا ہے جو اردو کا جدید استعمال ہے لیکن اس جدید کا قدیم ترین استعمال کدم راؤ

---

[1] مقالات حافظ محمود شیرانی جلد اول صفحہ ۲۳

www.taemeernews.com

پدم راؤ میں اس طرح ملتا ہے :

۶ کدم راؤ ہو کہ پدم راؤ ہو ۳۴۳

اسی طرح کئی مصرعوں میں "کہ" اور "کے" ساتھ ساتھ استعمال ہوئے ہیں مثلاً

۶ کہ کے یوں ہوا توں ددی بھاؤ سوں ۶۱۸

۶ نکل بیگ چل توں کہ کے راج کر ۶۳۷

۶ بھیتن کہ رادن کہ کے کنبھ کرن ۶۷۰

۲ ۔ دکنی اردو میں عام طور پر جب ایک ہی لفظ کو دوبار استعمال کیا جائے تو بیچ میں "ے" کا اضافہ کر لیا جاتا ہے۔ جیسے گھرے گھر، ردے ردم، چھنے چمن، تھاسے تھار۔ لیکن نظامی کے ہاں یہ شکلیں ملتی ہیں۔

دھک دھک	۶	نہ تیسا کچھو بولتے دھک دھک	۹۳۱
پھاٹ پھوٹ	۶	پون کی نہ کیتا بدل پھاٹ پھوٹ	۵۲۱
برسا برسیں	۶	سولادے کسی بھاگ برسا برسیں	۷۷۹
ٹھار ٹھار	۶	دھرت مارگ آسن دھرے ٹھار ٹھار	۱۰
تل تل	۶	سیوا سیو تل تل کرے دن مان	۳۷
جھار جھار	۶	نبی یار تھے یار تے جھار جھار	۴۳
کانٹ کانٹ	۶	کہ پھر پھول پھل ہوئے تھی کانٹ کانٹ	۹۰
گھر گھر		پھر ہیکیوں نہ سب لوگ گھر گھر بسار	۵۳۹

ایک جگہ یہ شکل بھی ملتی ہے۔ یہاں "ہی" کا اضافہ کیا گیا ہے :

۶ دھریا دھر بھرے لوک کہتا پکار ۶۸۸

۳ ۔ "ر" کے بجائے "ل" کے استعمال کی مثالیں :

دوال بمعنی دوار	۶	کھڑا آت تادے جو ربا دوال	۵۹۱
دِوال بمعنی دیوار	۶	کہ سرتھیں تھپا پائے لگ جیوں دِوال	۶۲۳

۴ ۔ "ل" کے بجائے "ر" کے استعمال کی مثالیں :

چیرا بمعنی چیلا	۶	نہ یوناں نہ تامن نہ چیرا کروں	۴۰۲
جرجر بمعنی جل جل	۶	بسادے اپس کیوں (نہ) جرجر مرن	۷۸۹

۵ ۔ ھکاری تلفظ ـــــ ان الفاظ میں ھ کا استعمال جن میں اب ھ استعمال نہیں ہوتی :

www.taemeernews.com

گاڈھ = گاڑ ۶ علم گاڈھ تھن شور جلی ستر اچاؤ ۵۵

لابھ = لاب (فائدہ) ۶ کہ جیتا کہوں لابھ نہ باج ہان ۳۳۰

لیکن ایک جگہ "لاب" بھی استعمال میں آیا ہے:

۶ کہ تس بول میں لاب ہن ہان ہوئے ۷۹

چھپتے = چھپتے (دور ہو، اترے) ۶ نہ باپ چھپتے کدھیں سیس تھیں ۵۰۴

مندھر = مندر ۶ کہ جد دھن اجاؤں مندھر راؤ اس ۳۹۱

بجلی = بجلی ۶ کہ کہوں بجیلی کہن نہ سکے ۷۰۵

جھار = جار (ہمیشہ) ۶ تہاں کیوں کرے راج .... جھار ۸۳۳

کنجال = کنجال (کائی) ۶ مکہ اچھا ہنیں سمند پکڑیا کنجال ۹۲۲

۶۔ وہ الفاظ جہاں "ہ" استعمال ہوتی ہے لیکن کاتب نے استعمال نہیں کی۔ مثلاً

کبی = کبھی ۶ کبی دو پہر رات رام اور رام ۱۳۷

لیک = لیکھ (لیکھ) ۶ کہ جے ہوتے پر تیو تو منجہ لیک ۴۰۹

مورک = مورکھ ۶ سو مورک نہوں جل جو لابھ آپ دیکھ ۹۹۵

لیکن لفظ "گانٹھ" ــــ گانٹ اور گانٹھ ــ کی دونوں شکلیں ملتی ہیں۔

گانٹ = گانٹھ ۶ رتن کوئی نہ مول لے گانٹ کھول ۲۰۵

گانٹھ ۶ گلی گانٹھ دیتا موا کت بسن ۵۰۷

۷۔ حرفِ رابطہ یا حرفِ اضافت کے بغیر دو لفظوں کو جوڑنا۔ نظامی کے ہاں اس عمل کی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں اور میرا خیال ہے کہ اسلوب میں اختصار کے لئے ضروری ہے کہ اس عمل کو پھر سے زندہ کیا جائے اور کثرت سے استعمال کیا جائے۔ نظامی نے اس عمل کو دیسی زبانوں کے الفاظ ملا کر کیا ہے بعد کے دور میں یہ عمل فارسی عربی کے الفاظ کے ساتھ بھی ملتا ہے۔ چند مثالیں دیکھئے:

بھگت جگ = دنیا کی تقدیر ۶ قلم گیان سوں تیں لکھیا بھگت جگ ۵

آپ بل = اپنی قوت سے ۶ بل اوپر تہیں کرسکے آپ بل ۴

نوردھر ۶ چھپایا امولک رتن نوردھر ۳۱

گلی ڈال تھان ۶ دھرت پیر پڑے گلی ڈال تھان ۳۰۶

بنی یار ۶ بنی یار سکتے یار تے جھار جھار ۴۳

پاؤ تل ۶ دوئی آن میں سردھرے پاؤ تل ۴۷

www.taemeernews.com

تبت حلم	۶	مسخر کیا سُود دے تبت حلم	۵۴
مُکھ پانی	۶	کدیں مکھ پانیں اپس نہ گنواوں	۸۹۸
بَن پت	۶	نخاں سو نخاں ہے بَن پت ہوئے	٦٩۴

۸ ۔ آج کل "لپیٹ" (لپٹنا ہے) کا لفظ استعمال میں عام ہے لیکن نظامی کے زمانہ میں اس لفظ کو "پلیٹ" کے تلفظ سے استعمال کیا جاتا ہے ۔ قرتیشی کی "بھوگ بل" میں بھی پلیٹ بمعنی لپیٹ استعمال ہوا ہے ۔ نظامی کے ہاں اس شکل میں یہ لفظ دوبارہ استعمال ہوا ہے ۔ ایک مثال یہ ہے :

۶	کہ جس بھینت تھیں راج سب ہے پلیٹ	۳۷۴

۹ ۔ حرف علت "نے" کا استعمال مجھے کدم راؤ پدم راؤ میں نہیں ملا ۔

مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" کی اشاعت سے بعد اردو زبان اور اس کے ارتقا کا مطالعہ کرنے والوں کے سامنے فکر و تحقیق کے نئے راستے کھل جاتے ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ اہل علم و ماہرین لسانیات اس موضوع پر جلد داد تحقیق دیں گے ۔ اس مثنوی سے زبان کا وہ بنیادی ڈھانچہ سامنے آتا ہے جس پر اردو زبان نے اپنی روایت کی دیوہیکل عمارت تعمیر کی ہے ۔ اس کے مطالعہ سے یہ بات بھی طے ہو جاتی ہے کہ اردو زبان ہمیشہ سے عوام اور معاشرے کے ہر طبقے کی مشترک زبان رہی ہے اور اس وجہ سے اُسے آج تک ساری سیاسی بدبختیاں بھی نہیں ہٹا سکی ہیں ۔ یہ دنیا کی وہ زبان ہے جو آج بھی دنیا کی ایک بہت بڑی آبادی کے لئے ابلاغ کا ذریعہ بنی ہوئی ہے اور جس میں آج سے تقریباً چھ سو سال پہلے ادب کی پیدائش کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا ۔ وہ لوگ جو دنیا کی مختلف زبانوں کی تاریخ سے واقف ہیں جانتے ہیں کہ یہ سعادت دنیا کی معدودے چند زبانوں ہی کو حاصل ہے ۔

جمیل جالبی

۳ / مارچ ۱۹۷۳ء

www.taemeernews.com

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

مُصنّفہ

فخر دینؔ نظامی

مرتبہ

ڈاکٹر جمیل جالبی

www.taemeernews.com

www.taemeernews.com

متن میں یہ علامات استعمال کی گئی ہیں:۔

۱۔ جہاں مصرع کو وزن میں لانے کے لیے کسی لفظ یا حرف کا اضافہ کیا گیا ہے وہاں یہ بریکیٹ استعمال کیا گیا ہے ( )

۲۔ جہاں مصرعے میں لفظ یا الفاظ زائد تھے وہاں ان زائد الفاظ کو اس بریکیٹ میں دکھایا گیا ہے۔ [ ]

۳۔ جہاں مصرع میں کاتب سے کوئی لفظ چھوٹ گیا ہے اور کوشش کے باوجود اس لفظ کا اضافہ نہیں کیا جا سکا وہاں سوالیہ نشان بنا دیا گیا ہے ؟

۴۔ جہاں کرم خوردہ یا مشکوک ہونے کی وجہ سے لفظ نہیں پڑھا جا سکا وہاں مصرع میں نقطے لگا دیے گئے ہیں ....

(جمیل جالبی)

www.taemeernews.com

۳ ۲۸۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کہاں میں تھیں ایک دن جگ آدا رد میں بود نہ جگ تھیں دینہار

الاس انجہ بازل دم رتی تھیں نہ جہان کیم ملکوتی تھان جی تھیں

رچنہار آلکھی دیکھنہار توں نہ دھنہار بچھیں تھنہار توں

تھیں رچیا جگ ابرار تل تل ماد پر تھیں اکر سکو آپ تک

قلم کیاں سوں تیں لکھیا بہک جگ لکھسگا یا قلم تبھاگ لاک جرم تک

سرآیتی تری جب النبی ہو تیں لاھمیں ساکہ ہو کر نہ آپنی دوئی

کون موتی بین ندائینی دی رخت مشالا آدھک سور اچایا سرشہ

دمرت سات روجندا کاس ساتہ رتی دیر جمیں فلک بوسنکھات

منوکت : روح ۔ باطن ۔ جو دل میں ہو

مَنہ : میں

موا : مرا

موت : مرنا

موٹ : مُشت ۔ مُٹھی

موٹھ : مُٹھی

مُورک : مُورکھ ۔ نادان

مول : قیمت ۔ مول ۔ جڑ

موہ : محبت ۔ لالچ

مہاں بل : بڑی طاقت والا

مہریا : کہاری

میالوپ : پوشیدہ مہربانی

میاں : مہربانی

میترپنا : دوستی

میراج : میراہی ۔ "ج" تاکیدی

میگ : بادل

مین : ادنیٰ ۔ ذلیل ۔ کم درجہ کا ۔

ن

ناات : (نات) مہری

نات : (ناتھ) مالک ۔ سوامی

ناد : آواز

ناگر : باشندہ ۔ ہوشیار

نانو : نام

نایک : سردار ۔ سرہنگ ۔ فوجی افسر

نِت : ہمیشہ

نچاہے : نہ چاہیے

نچھوڑی جیے : نہ چھوڑیے

نِدان : آخرکار ۔ انتہا ۔

نرادھار : بے سہارا

نراسی : ناامید

نرجیو : مُردہ

نردھار : بے سہارا

نرس : پھیکا ۔ بے مزہ ۔ خراب

نرک : دوزخ

نرملا : صاف

نرروپ : جس کا کوئی روپ نہ ہو

نس : رات

نسنگ : بے تعلق ۔ جُدا

نکت : (نکھت) آخرکار

نکرسوں : نہ کروں گا

نکو : نہیں

نکھ : ناخن

نکھنڈ : مکمل

نگھند : مطلق ۔ اطمینان کے ساتھ

www.taemeernews.com

نوکھنڈ : تمام دُنیا

نونو : غرور۔

ننھاں : ننھّا۔ چھوٹا

ننھیں : ننھّا۔ چھوٹا

نوار : نبیڑ۔ ختم

نواؤ : (نوانا۔ جھکانا) جھکاؤ

نوُل : عجیب۔ انوکھا

نھاس : (نھاسنا۔ بھاگنا) بھاگ

نہ سرمو کپاس : نہ سرروئی کی طرح سفید ہو

نہوسی : نہوگا۔ نہیں ہوتا

نیاؤ : انصاف

نیب : نیم

نیٹ : صاف۔ استقلال

نیر : پانی

نیڑے : نزدیک۔ پاس

نیکا : عمدہ

و

واج : تیزی

وارو : بات

وارتا : خبر۔ کیفیت۔ افواہ۔ بات

وِراس : بدمزہ۔ بے ذائقہ

وِرام : آرام

ورتمان : زمانۂ موجودہ۔ حال

ورشتی : بارش

وک : بگلا۔ سفید

وُندی : قیدی

ونس : جنس۔ خاندان

ویرا : جُدا

ویل : وقت۔ گھنٹہ

ہ

ہارسی : ارتا ہے۔ ارے

ہاک : (ہانکنا۔ شور کرنا) شور ہنگامہ

ہان : نقصان

ہانک : چھلنی

ہت : ہاتھ

ہت پن : ہمدردی

ہتو : ہمدردی

ہتونت : مہربان۔ دوست

ہری : لاج۔ شرم

ہست : ہاتھ۔

ہمیں : ہم

ہنڈول : (ہنڈنا۔ گھومنا مارا مارا پھرنا)۔ مارا مارا پھرول۔

ہنکار : (ہنکارنا۔ بُلانا) بُلا کر لا۔

ہنکارسی : بلاتا ہے۔ بلاوے

www.taemeernews.com

ہنکارن کردن: بُلاوَن

ہنکاریا: (ہنکارنا۔ بلانا۔ پکارنا) بلایا۔ پکارا

ہنگ: طریقہ

ہنمان: ہنومان جی۔ ہندوں کا ایک دیوتا

ہول: چتا

ہوں: میں

ہیاں: دِل

ہیم جات: سونا

ہین: ادنیٰ۔ حقیر

ہیوہ: شوق۔ محبت

ہیَں: دِل۔ باطن

ی

یتنی: اتنی

یتی: اتنی

یش: شہرت۔ ناموری

یکس: ایک

یکنگ: ایک ساتھ۔ ہم صحبت

یی: یہی

www.taemeernews.com

ضمیمہ نمبر ۱

تعارف
سلاطینِ بہمنی

پہلا بادشاہ: علاء الدین حسن بہمن شاہ ۷۴۸ھ / ۱۳۴۷ء ۷۵۹ھ / ۱۳۵۸ء

مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" میں جو اشعار "مدح سلطان علاء الدین بہمنی نور اللہ مرقدہٗ" کے عنوان کے تحت ملتے ہیں وہ اسی بادشاہ کی شان میں لکھے گئے ہیں۔ یہ بادشاہ بہمنی سلطنت کا بانی ہے۔ تاریخوں میں مذکور ہے کہ یہ علاء الدین خلجی کے مشہور سپہ سالار ظفر خاں کا بھانجا تھا جو ۱۲۹۸ء میں منگولوں سے لڑتا ہوا مارا گیا تھا اور خلجی خاندان کے خاتمے کے بعد اس کا خاندان افلاس کا شکار ہوگیا تھا۔ یہ خاندان ملتان میں آباد تھا۔ بھانجے کا نام بھی ظفر خاں تھا جو تلاش معاش میں ملتان سے دہلی آیا اور اپنی صلاحیت، محنت اور فہم و فراست سے ترقی کرتے کرتے امیر صدہ بن گیا۔ جب امیرانِ صدہ محمد تغلق کے ظلم و ستم کا شکار ہوئے تو اس کے خلاف بغاوت کرنے والوں میں ظفر خاں پیش پیش تھا۔ محمد تغلق کی شکست اور امیرانِ صدہ کی کامیابی کے بعد ۱۳۴۵ء میں پہلے اسمٰعیل مخ ناصر الدین شاہ کے لقب سے تختِ سلطنت پر متمکن ہوا لیکن دو سال بعد امیرانِ صدہ نے ظفر خاں کو بادشاہ منتخب کر لیا جو علاء الدین حسن بہمن شاہ کے لقب سے تخت پر بیٹھا اور بہمنی سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ علاء الدین حسن بہمن شاہ ایک علم دوست بادشاہ تھا۔ اس کے چار بیٹے تھے: محمد خاں، داؤد خاں، احمد خاں، محمود خاں۔

دوسرا بادشاہ: محمد شاہ ۷۵۹ھ / ۱۳۵۸ء ۷۷۶ھ / ۱۳۷۵ء

محمد شاہ ایک اچھا منتظم اور صاحبِ تدبیر بادشاہ تھا۔ اس نے نہ صرف سلطنت کے انتظام کو مستحکم کیا بلکہ دستورِ سلطنت بھی بنایا۔ اس کے وزیر اور خسر سیف الدین غوری نے "نصائح الملوک" کے نام سے ایک کتاب بھی لکھی۔ اس کے دو بیٹے تھے۔ مجاہد شاہ اور فتح خاں۔

تیسرا بادشاہ مجاہد شاہ ۷۷۶ھ / ۱۳۷۵ء ۷۷۹ھ / ۱۳۷۸ء

انیس سال کی عمر میں تخت پر بیٹھا۔ اس کی مدتِ سلطنت صرف تین سال ہے۔ داؤد شاہ نے سازش کر کے

www.taemeernews.com

اسے قتل کرادیا اور خود تخت پر بیٹھ گیا۔

چوتھا بادشاہ : داؤد شاہ ‏ ۷۷۹ھ/۱۳۷۸ء — ۷۷۹ھ/۱۳۷۸ء

چاہ کندن را چاہ در پیش۔ ابھی سلطنت کرتے ایک ماہ پانچ دن ہی گزرے تھے کہ مجاہد شاہ کی بہن روح پرور آغا نے اسے قتل کرادیا۔

پانچواں بادشاہ : محمد شاہ ثانی ‏ ۷۷۹ھ/۱۳۷۸ء — ۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء

یہ علاء الدین حسن بہمن شاہ کے بیٹے محمود خاں کا لڑکا تھا۔ اس کے دورِ حکومت میں بہمنی سلطنت نے بہت ترقی کی۔ امن و امان قائم رہا۔ فضل اللہ انجو اس کے استاد تھے۔ اس بادشاہ کے زمانے میں بہت سے علماء دکن میں جمع ہو گئے تھے۔ اسی کے زمانے میں حافظ شیرازی کو بھی دکن آنے کی دعوت دی گئی تھی۔ لیکن وہ سمندر کے طویل سفر کی وجہ سے نہ آئے۔ اور شکریہ کے طور پر ایک غزل لکھ کر بھیج دی جس کے صلے میں ایک ہزار اشرفیاں حافظ شیرازی کو بھجوائی گئیں۔ حافظ کی غزل کا مطلع یہ ہے :

دمے باغم بسر بردن جہاں یکسر نمی ارزد ✦ بمے بفروش دلقِ ما کزیں بہتر نمی ارزد

محمد شاہ ثانی کے دو بیٹے تھے۔ غیاث الدین اور شمس الدین۔

چھٹا بادشاہ : غیاث الدین ‏ ۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء — ۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء

سازش سے شراب پلا کر اسے اندھا کر دیا گیا۔ مدتِ سلطنت ایک ماہ بیس روز ہے۔

ساتواں بادشاہ : شمس الدین ‏ ۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء — ۸۰۰ھ/۱۳۹۷ء

پانچویں بادشاہ محمد شاہ ثانی کا دوسرا بیٹا۔ اسے فیروز شاہ نے اندھا کر کے قلعہ بیدر میں قید کر دیا۔

آٹھواں بادشاہ : فیروز شاہ ‏ ۸۰۰ھ/۱۳۹۷ء — ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء

یہ علاء الدین حسن بہمن شاہ کے لڑکے احمد خاں کا بڑا بیٹا تھا۔ اس کا دوسرا بھائی احمد شاہ ولی بہمنی ہے۔ محمد شاہ ثانی نے ان دونوں بھائیوں کی تعلیم کا بہترین انتظام کیا تھا۔ میر فضل اللہ انجو ان کے معلم تھے۔ خود بھی عالم تھا اور علماء کا قدردان بھی۔ شاعر بھی تھا اور عروجی و فیروزی تخلص کرتا تھا۔ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز ہی کے عہد میں (۸۱۵ھ / ۱۴۱۳ء) میں گلبرگہ تشریف لائے۔ ۱۴۰۱ء میں فیروز شاہ نے تقی الدین انجو کی قیادت میں تیمور لنگ کے پاس سفارت بھیجی۔ جواب میں تیمور نے

www.taemeernews.com

فیروزشاہ کو تحفے بھجوائے اور تحریری فرمان کے ذریعہ دکن، گجرات اور مالوہ فیروزشاہ کو عطا کئے۔ فیروزشاہ کے دو بیٹے تھے۔ حسن خان اور مبارک خان

نواں بادشاہ: شہاب الدین احمد شاہ ولی بہمنی ۸۲۵ھ / ۱۴۲۲ء ۸۳۹ھ / ۱۴۳۵ء

حضرت گیسو دراز نے فرمایا تھا کہ فیروزشاہ کے بعد احمد خاں بادشاہ ہوگا۔ فیروزشاہ اپنے بیٹے حسن خاں کو بادشاہ بنانا چاہتا تھا اور احمد خاں کو اندھا کر دینا چاہتا تھا۔ دونوں کے درمیان جنگ ہوئی۔ فیروزشاہ ہار گیا۔ احمد خان احمد شاہ کے نام سے تخت سلطنت پر بیٹھا۔ اسی مہینے فیروزشاہ کا انتقال ہوگیا۔ اسی سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے سخت قحط پڑا۔ دوسرے سال بھی قحط کے آثار نمودار ہوئے اور انسان و جانور بھوک سے مرنے لگے۔ سب نے دعائیں کیں جو بے اثر رہیں۔ بادشاہ نے ایک بلند ٹیلے پر چڑھ کر نماز استسقاء ادا کی اور گڑگڑا کر دعا مانگی۔ اسی وقت آسمان پر بادل چھا گئے۔ اور چھم چھم مینہ برسنے لگا۔ اس واقعہ کے بعد سے وہ عوام میں احمد شاہ ولی کے نام سے مشہور ہوا۔ زندگی میں سب اس کی ولایت کو مانتے تھے۔ مرنے کے بعد زندگی سے زیادہ اس کی ولایت کی قدر کرنے لگے۔ یہ ایک ذی علم بادشاہ تھا۔ اسی کے زمانے میں گلبرگہ کے بجائے بیدر کو ۱۴۲۹ء میں پائے تخت بنایا گیا اور اسی بادشاہ کے زمانے میں فخر دین نظامی نے اپنی مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" تصنیف کی۔ غالب گمان یہ ہے کہ یہ مثنوی بیدر ہی میں لکھی گئی۔ اس عہد کے ایک بڑے شاعر شیخ آذری نے "بہمن نامہ" لکھنا شروع کیا۔ احمد شاہ حضرت نعمت اللہ کا بھی معتقد تھا۔ اسی کی درخواست پر انہوں نے اپنے پوتے شاہ نوراللہ ابن شاہ خلیل اللہ بت شکن کو بیدر روانہ کر دیا اپنے والد کی وفات کے بعد شاہ خلیل اللہ بت شکن بھی تشریف لے آئے۔ بادشاہ نے ان کے بیٹوں شاہ نوراللہ اور شاہ حبیب اللہ سے اپنی بیٹیاں بیاہ دیں۔ اس کی مدت سلطنت ۱۴ سال ہے۔ احمد شاہ ولی بہمنی کے تین بیٹے تھے، علاء الدین، محمد خاں اور داؤد خاں۔

دسواں بادشاہ: علاء الدین احمد شاہ ثانی ۸۳۹ھ / ۱۴۳۵ء ۸۶۲ھ / ۱۴۵۸ء

اس بادشاہ کی مدت سلطنت سترہ سال ہے۔ دکنی و غیر دکنی کے درمیان کشمکش کا سلسلہ اسی بادشاہ کے زمانے میں شروع ہوا اور اسی تفرقہ کی بنا پر سلطنت میں ضعف پیدا ہو گیا جو آئندہ رنگ لایا اور یہ عظیم سلطنت پارہ پارہ ہو کر پانچ سلطنتوں میں تقسیم ہوگئی۔ اس کے تین بیٹے تھے۔ ہمایوں، حسن خان اور یحییٰ خاں۔

گیارھواں بادشاہ: ہمایوں شاہ ۸۶۲ھ / ۱۴۵۸ء ۸۶۵ھ / ۱۴۶۱ء

اس بادشاہ کی مدت سلطنت ۳ سال ہے۔ یہ بہت ظالم و جابر بادشاہ تھا۔ اس نے اپنے بھائیوں کو قید میں ڈال دیا۔

www.taemeernews.com

حیدر کی بغاوت میں کوتوال کو لوہے کے پنجرے میں بند کرکے ہر روز اس کا ایک عضو کاٹا گیا۔ دوسرے باغیوں کو درندوں کے سامنے ڈلوایا گیا۔ اپنے بھائی حسن خاں کو شیر کے سامنے ڈلوا دیا۔ اور خود محل کے بالا خانے پر بیٹھا تماشا دیکھتا رہا۔ اس نے بہمن شاہ کی تمام اولاد کو بھی ایک ایک کرکے قتل کرا دیا۔ شاہ حبیب اللہ اسی کے زمانے میں شہید ہوئے۔ اس کے مرنے پر لوگوں نے خوشیاں منائیں۔ کسی شاعر نے کہا،

ہمایوں شاہ مُرد و رَست عالم ✦ تعالیٰ اللہ زہے مرگِ ہمایوں

اس کے تین بیٹے تھے، نظام شاہ۔ محمد شاہ اور احمد شاہ

بارھواں بادشاہ: نظام شاہ ۸۶۵ھ / ۱۴۶۱ء — ۸۶۷ھ / ۱۴۶۳ء

تخت نشینی کے وقت اس کی عمر ۸ سال تھی۔ خواجہ جہاں تُرک اور خواجہ محمود گاواں، ہمایوں شاہ کی وصیت کے مطابق، اتالیق بنائے گئے اور اس کی بیوی مخدومہ جہاں (والدہ نظام شاہ) مشیر خاص مقرر کی گئی۔ اس بادشاہ کی مدت سلطنت صرف دو سال ایک ماہ ہے۔

تیرھواں بادشاہ: محمد شاہ لشکری ۸۶۷ھ / ۱۴۶۳ء — ۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء

اپنے بھائی نظام شاہ کی وفات کے بعد ۹ سال کی عمر میں تخت سلطنت پر بیٹھا۔ خواجہ جہاں، خواجہ محمود گاواں اور مخدومہ جہاں پہلے کی طرح کام کرتے رہے۔ اس کی تعلیم کا معقول انتظام کیا گیا تھا۔ اس کا دورِ سلطنت بہمنی سلطنت کا بڑا دور شمار ہوتا ہے۔ لیکن فرقہ وارانہ کشمکش زہر کی طرح ساری سلطنت کے رگ و پے میں سرایت کرتی رہی اور اس کے تدارک کے لئے کچھ نہیں کیا گیا۔ خواجہ محمود گاواں ساری سلطنت کو سنبھالے ہوئے تھا۔ سیف الدین غوری کے بعد محمود گاواں بہمنی سلطنت کا دوسرا بڑا وزیر تھا۔ مولانا عبدالرحمٰن جامی سے اس کی خط و کتابت تھی۔ محمد شاہ نے سازشیوں کے بہکانے پر محمود گاواں کو ۸۸۶ھ / ۱۴۸۱ء میں قتل کرا دیا اور اسی کے ساتھ بہمنی سلطنت کے در و دیوار بھی گرنے لگے۔

چودھواں بادشاہ: محمود شاہ ۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء — ۹۲۴ھ / ۱۵۱۸ء

محمد شاہ کا بیٹا محمود شاہ تقریباً بارہ سال کی عمر میں تخت پر بیٹھا۔ اس کے زمانۂ سلطنت میں صوبے دار طاقت پکڑنے لگے اور سلطنت کی مرکزیت کمزور پڑنے لگی۔ جگہ جگہ بغاوتوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس بادشاہ کی مدت سلطنت ۳۷ سال ہے لیکن آخری دنوں میں وہ صوبے داروں کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بن کر رہ گیا تھا۔

www.taemeernews.com

پندرھواں بادشاہ:	احمد شاہ ثالث	۹۲۴ھ / ۱۵۱۸ء	۹۲۷ھ / ۱۵۲۱ء
سولہواں بادشاہ:	علاء الدین شاہ سوم	۹۲۷ھ / ۱۵۲۱ء	۹۲۸ھ / ۱۵۲۲ء
سترھواں بادشاہ:	ولی اللہ	۹۲۸ھ / ۱۵۲۲ء	۹۳۱ھ / ۱۵۲۵ء
اٹھارواں بادشاہ:	کلیم اللہ	۹۳۱ھ / ۱۵۲۵ء	۹۳۴ھ / ۱۵۲۷ء

یہ سب کٹھ پتلی بادشاہ تھے۔ صوبے دار کم و بیش خود مختار ہو چکے تھے۔ ان کی مدتِ سلطنت علی الترتیب دو سال ایک ماہ، ایک سال تین ماہ، تین سال اور تین سال ہے۔

اور اس طرح وہ دریا جو علاء الدین حسن بہمن شاہ کے زمانے میں چڑھنا شروع ہوا تھا فرقہ وارانہ کش مکش و نفرت، ملکی و غیر ملکی کے جھگڑوں، بادشاہوں کی عیاشی، کردار کی پستی اور ظلم و جبر کے باعث ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خشک ہو گیا۔ ہمیشہ رہے نام اللہ کا۔

www.taemeernews.com

ضمیمہ نمبر ۲

شخصیات

(جن کا ذکر مثنوی میں آیا ہے)

۱- محمد صلی اللہ علیہ وسلم شعر نمبر ۳۳

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ آپؐ کے خاندان کا سلسلہ حضرت ابراہیمؑ سے ملتا ہے۔ آپ ان کے بڑے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی اولاد میں سے ہیں۔ آپؐ کا تعلق عرب کے معزز قبیلہ قریش کی ایک اہم شاخ بنو ہاشم سے تھا۔ آپؐ کے والدِ ماجد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ تھا۔ والد کی وفات کے چار ماہ بعد پیدا ہوئے۔ ابھی چھ سال کے تھے کہ والدہ ماجدہ کا انتقال ہوگیا اور جب آٹھ سال کے ہوئے تو دادا عبدالمطلب بھی وفات پاگئے۔ دادا کے انتقال کے بعد آپ کے چچا ابو طالب نے پرورش کی۔ پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہ سے عقد ہوا اور اسی زمانے میں آپ غارِ حرا میں جاکر شب و روز عبادات میں مصروف رہنے لگے۔ جب چالیس سال کے ہوئے تو رمضان کے مہینے میں حضرت جبرئیلؑ نے رسالت و پیغمبری کی بشارت دی۔ رسالت سے پہلے بھی آپ پاکباز، صادق اور امین مشہور تھے۔ چنانچہ صفا کی چوٹی پر کھڑے ہوکر جب آپ نے اہلِ قریش کو پکارا اور سب جمع ہوگئے تو اُن سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ "اے لوگو! اگر میں تم سے یہ کہوں کہ اس پہاڑ کی پشت پر ایک لشکرِ جرار جمع ہے اور تم پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ ہے تو کیا تم مجھ کو صادق سمجھو گے؟ لوگوں نے کہا ہم نے تجھ کو "الصادق الامین" پایا ہے تو جو کچھ کہے گا حق اور صداقت پر مبنی ہوگا۔ اس کے بعد آپ نے دعوتِ اسلام دی اور ان کی زندگی کا وہ دَور شروع ہوا جو تکالیف و مصائب سے پُر ہے۔

آنحضرتؐ خاتم الانبیاء ہیں جن پر کلامِ الٰہی وحی کی صورت میں نازل ہوا۔ قرآن رشد و ہدایت ہے: محمد راشد و ہادی۔ قرآن نے جو کچھ کہا محمدؐ نے اس کو کر دکھایا۔ آپ کی زندگی قرآن کا عملی نمونہ تھی۔ آپؐ نے قرآن کے ذریعہ عقیدۂ توحید پر روشنی ڈالی جس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ ایک ایسی ہستی کا نام ہے جو اپنی ذات و صفات میں ہر قسم کے شرک سے پاک ہے۔ نہ اس کا کوئی شریک ہے اور نہ کوئی اس کا ہمتا و ہمسر۔ توحید کے ساتھ رسالت کے بنیادی عقیدہ کی اصلاح کی اور بتایا کہ تعلیم کے لیے مُعلّم کی شخصیت کا بڑا دخل ہے۔ انسان نہ خدا ہے اور نہ خدا کا بیٹا بلکہ بشر اور انسان ہے۔ قرآن کی تیسری بنیادی اصلاح یوم آخرت ہے کہ جب ہر انسان کے اعمال کا حساب ہوگا اور انسان اپنے کردار کی جزا و سزا پائے گا۔ اسی کو یوم القیامہ یا یوم الحساب کہتے ہیں۔ نبوت کے تیرہویں سال میں آپؐ نے مکہ معظمہ سے مدینۂ منورہ ہجرت فرمائی۔ اس سے کچھ عرصے پہلے آپؐ معراج پر تشریف لے جاچکے تھے۔ اور معجزۂ شق القمر بھی مکہ معظمہ ہی میں ظہور میں آچکا تھا۔ ہجرت کے بعد انؐ کا پیغام

www.taemeernews.com

اور دینِ اسلام تیزی سے پھیلنے لگا اور اسی کے ساتھ مختلف جنگوں کا آغاز ہوا جن میں سے جنگِ بدر، جنگ اُحد، جنگِ خندق وغیرہ آنحضرتؐ کی زندگی کی اہم جنگیں ہیں۔ سنہ ۱۱ھ میں وفات پائی [۱]۔

آپ کی زندگی ایک کھلی کتاب ہے جس کا ہر واقعہ محفوظ ہے۔ ثابت قدمی، استقلال، محبت، حسنِ اخلاق و حسنِ سلوک، بے نیازی، فقیری، باعمل زندگی، مساوات، حقوقِ انسانیت، عدل و انصاف، صداقت و امانت کے ذریعہ آپؐ نے انسانیت کو ایک ایسا درس دیا جو ہمیشہ زندہ و باقی رہے گا۔

۲۔ ابوبکرؓ شعر نمبر ۴۵

نام عبداللہ، کنیت ابوبکر اور صدیق عتیق لقب تھا۔ والد کا نام عثمان تھا۔ راست بازی، حق پرستی اور اخلاص کی وجہ سے آپ کو صدیق اکبر بھی کہا جاتا ہے۔ آپ قبیلۂ قریش کی شاخ بنی تمیم سے تعلق رکھتے تھے۔ سنہ ۵۷۳ء میں پیدا ہوئے۔ جوان ہونے تو تجارت کرنے لگے۔ بردباری، تدبر، امانت، دیانت اور حسنِ اخلاق کے باعث آپ سارے علاقے میں شہرت رکھتے تھے۔ آپ آنحضرتؐ کے ہم عمر تھے۔ اور بچپن ہی سے دونوں کے تعلقات گہرے تھے [۲]۔ مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکرؓ نے اسلام قبول کیا۔ قریش کے معزز لوگوں میں صرف ابوبکر صدیق ایسے تھے جنھوں نے رسولِ خدا کا ساتھ دیا۔ حج کعبہ کے موقع پر جب لوگ مکہ میں جمع ہوتے تو آپ رسول اللہ کے ساتھ ساتھ ایک ایک خیمے میں جا کر ان کا اور اسلام کا تعارف کراتے۔ اس طرح ہزاروں عرب رسول اللہ کے مذہب سے واقف ہوگئے۔ یہ حضرت ابوبکر کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ قریش کے کئی معزز لوگ ایمان لے آئے جن میں عثمان غنیؓ، زبیر بن عوام، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص اور طلحہ بن عبیداللہ کے نام نمایاں ہیں۔ جب آنحضرتؐ نے نبوت کا اعلان کیا تو حضرت ابوبکر نے اپنی ساری دولت اسلام کے لئے وقف کردی [۳]۔ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد آپ خلیفہ مقرر ہوئے۔ آپ کا زمانۂ خلافت سنہ ۱۱ھ تا سنہ ۱۳ھ تقریباً سوا دو سال ہے۔ ہجرت کے سفر میں آپ آنحضرتؐ کے ساتھ تھے۔ قرآن مجید میں آپ کی رفاقت کا ذکر آیا ہے [۴]۔ ہر جنگ میں آپ شریک رہے۔ سنہ ۹ھ میں آنحضرتؐ نے آپ کو امیرِ حج مقرر کیا تھا۔ بیماری کے زمانے میں امامت کے فرائض بھی آپ ہی نے انجام دیئے تھے۔ اپنے زمانۂ خلافت میں آپ نے فتنوں کو دبایا۔ ملکی انتظام کو بہتر بنایا اور ملک شام فتح کیا۔ عراق اور ایران کی طرف بھی

---

[۱] تفصیل کے لئے دیکھئے قصص القرآن جلد چہارم ص ۲۱۲ تا ص ۵۱۹ معارف پریس اعظم گڑھ ۱۹۵۲ء

[۲] تاریخ اسلام حصہ اول از شاہ معین الدین ندوی ص ۲۳۹ معارف پریس اعظم گڑھ ۱۹۵۲ء

[۳] حضرت ابوبکر کے سرکاری خطوط مولفہ خورشید احمد فارق ص ۴۰ ندوۃ المصنفین۔ دہلی ۱۹۶۰ء

[۴] ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (قرآن مجید)

www.taemeernews.com

شائع کیجیے۔ آپ کا ایک بڑا کارنامہ تدوینِ قرآن ہے۔ آپ کے دور کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں کوئی کام ایسا نہیں ہونے پایا جو رسول اللہ کے زمانہ میں نہ ہوا ہو۔ ۶۳ سال کی عمر میں وفات پائی۔

۳۔ عمرؓ شعر نمبر ۴۵

آپ کا نام عمرؓ کنیت ابوحفص اور لقب فاروق تھا، والد کا نام خطّاب تھا۔ آپ قریش کی شاخ بنی عدی سے تعلق رکھتے تھے۔ تقریباً سنہ ۵۸۲ء میں پیدا ہوئے۔ شہسواری، نیزہ بازی اور فنِ سپہ گری میں مہارت رکھتے تھے۔ فنِ خطابت میں بھی کمال رکھتے تھے۔ بڑے عالی دماغ اور شکوہ و دبدبہ کے انسان تھے[۱]۔ ابتدائی زمانے میں آپ اسلام کے شدید دشمن تھے ایک دن آنحضرتؐ کو قتل کرنے کے ارادے سے نکلے۔ راستے میں کسی نے کہا کہ پہلے بہن بہنوئی کی خبر تو لو جو مسلمان ہو چکے ہیں غصّہ سے بھرے ہوئے بہن کے گھر پہنچے اور بہنوئی کو مارنا شروع کر دیا۔ بہن نے جو قرآن مجید پڑھ رہی تھیں کہا کہ تم کچھ بھی کر دو ہم اسلام نہیں چھوڑیں گے۔ عمرؓ نے کہا اچھا جو کچھ تم پڑھ رہی ہو مجھے بھی سناؤ۔ قرآن مجید کی آیات سُنیں تو ایسا اثر ہوا کہ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا اور پھر جا کر خانۂ کعبہ میں نماز ادا کی۔ آنحضرتؐ نے اس جرأت و حوصلہ مندی پر انہیں فاروق کا لقب دیا۔ ہجرت کے بعد حضرت عمرؓ تمام بڑے بڑے معرکوں میں شریک رہے۔ قبولِ اسلام کے بعد حضرت ابوبکرؓ کی طرح اپنا جان و مال سب کچھ اسلام پر قربان کر دیا۔ حضرت عمرؓ کے تدبر، حق پرستی، صاف گوئی، انتظامی صلاحیت سے اسلام کو بے حساب فائدہ پہنچا۔ حضرت ابوبکرؓ کے بعد حضرت عمرؓ مسندِ خلافت پر بیٹھے۔ آپ کا زمانہ خلافت کا بہترین زمانہ تھا۔

ان کے زمانۂ خلافت میں فتحِ عراق، فتحِ شام، فتحِ مدائن، فتحِ ایران اور فتحِ فلسطین و مصر خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

حضرت عمرؓ کا زمانۂ خلافت ۱۳ھ سے ۲۳ ہجری تقریباً ساڑھے دس سال ہے۔ ۶۳ سال کی عمر میں ایک ایرانی غلام نے نمازِ فجر ادا کرتے ہوئے قاتلانہ حملہ کیا۔ کچھ عرصے بعد آپ وفات پاگئے[۲]۔ آپ کے دس سالہ دورِ خلافت میں ایران و روم کی عظیم الشان سلطنتوں کے پرزے اڑ گئے۔ اور ہندوستان کی سرحد سے لے کر شمالی افریقہ تک اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ ان ساری فتوحات میں ظلم و جور کا ایک واقعہ بھی پیش نہیں آیا[۳]۔ سنِ ہجری کا آغاز بھی حضرت عمرؓ نے کیا۔ عدل و انصاف اور مساوات و اخوت پر مبنی نظامِ حکومت کی وجہ سے سارا معاشرہ خوشحال ہو گیا اور اسلام تیزی کے ساتھ پھیل کر ہر طبقے کے لئے قابلِ قبول ہو گیا۔ اسی وجہ سے ان کا دورِ خلافت اسلام کا دورِ زرین کہلاتا ہے۔

۱۔ تاریخِ اسلام حصہ اول ص ۱۳۹ از شاہ معین الدین ندوی۔

۲۔ تاریخِ اسلام حصہ اول از شاہ معین الدین ص ۱۵۹

۳۔ ایضاً ص [illegible]

www.taemeernews.com

عثمانؓ شعر ۴۵

۴۔ حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد ۲۳ھ میں حضرت عثمان مسند خلافت پر متمکن ہوئے۔ آپ کا نام عثمان اور والد کا نام عفان تھا۔ ہجرت نبوی سے ۴۷ سال پہلے مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ قبیلۂ قریش کی شاخ بنو امیہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آنحضرتؐ کی دو بیٹیوں کا نکاح یکے بعد دیگرے آپ کے ساتھ ہوا۔ اسی لیے آپ "ذوالنورین" کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔ اپنی دولت اور جود و سخا کی وجہ سے "غنی" کے لقب سے بھی موسوم کیے جاتے ہیں۔ ہجرت کے بعد آپ تمام غزوات میں شریک رہے۔ آپ نے اپنا جان و مال سب کچھ اسلام کے لیے وقف کر دیا تھا۔ غزوہ تبوک میں حضرت عثمانؓ نے آدھی یا تہائی فوج کے اخراجات خود برداشت کیے۔ اس کے علاوہ ایک ہزار اونٹ، ستر گھوڑے اور ایک ہزار دینار نقد بھی دیئے۔ آپ کے دورِ خلافت میں خراسان، جرجان، بلخ، ماوراء النہر، آذربائیجان، آرمینیا، طرابلس وغیرہ فتح ہوئے۔ ان فتوحات کے بعد ایک طرف تیونس، مراکش، الجزائر کے علاقے مسلمانوں کے قبضے میں آگئے۔ اور دوسری طرف اسلامی حکومت کی حدود اسپین، چین اور ہندوستان سے جا ملیں۔ آپ ہی کے زمانۂ خلافت میں بحری بیڑا تیار ہوا جس نے شام کے ساحل پر رومیوں کے بیڑے کو شکست دی۔ اسی زمانہ میں رومیوں نے اسکندریہ پر حملہ کر دیا تھا وہاں بھی رومیوں کو شکست ہوئی۔

حضرت عثمان کے زمانے میں جب یہ اطلاع ملی کہ مختلف علاقوں کے مسلمان قرآن مجید کو مختلف قرأت سے پڑھتے ہیں تو انہوں نے حضرت ابوبکر والا نسخہ منگوا کر اس کی بہت سی نقلیں تیار کرائیں۔ اور مختلف علاقوں میں بھجوا دیں۔ قرآن مجید آج تک اسی قرأت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

فیاضی، نرم دلی، جود و سخا، صبر و تحمل، حیا اور مہمان نوازی میں آپ بے مثال تھے۔ آپ کا دورِ خلافت ۲۳ھ سے ۳۵ھ تک رہا اور ۸۲ سال کی عمر میں آپ بھی شہید کر دیئے گئے۔

علیؓ شعر نمبر ۴۵

حضرت علیؓ کی کنیت ابوالحسن اور ابوتراب تھی۔ لقب اسد اللہ۔ ابوطالب کے بیٹے اور آنحضرتؐ کے چچا زاد بھائی تھے۔ بچوں میں سب سے پہلے آپؓ ہی نے اسلام قبول کیا۔ آنحضرتؐ نے اپنی چہیتی بیٹی فاطمہؓ کا عقد بھی آپ کے ساتھ کیا۔ ابتدا سے لے کر وفات تک آپ آنحضرتؐ کے شریک رہے۔ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد قدرتاً حضرت علیؓ خلافت کے متوقع تھے لیکن حضرت ابوبکرؓ کے انتخاب کے کچھ عرصے بعد یہ آزردگی دور ہو گئی۔ اور آپ دونوں خلفاء کے زمانے میں مجلس شوریٰ کے رکن رہے[1]۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد ۳۵ھ میں آپ خلیفہ ہوئے۔ اس وقت ہر طرف فتنہ و فساد نے سر اٹھا

---

[1] تاریخ اسلام حصہ اول، از شاہ معین الدین ندوی۔ معارف پریس اعظم گڑھ ص ۳۰۲

www.taemeernews.com

رکھا تھا اور سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ عثمانؓ کے قاتلوں سے قصاص لینا ضروری ہے۔ لیکن حضرت علیؓ کی مجبوری یہ تھی کہ ایسی جماعت کے ساتھ کیا کروں جس پر میرا کوئی قابو نہیں ہے[۱]۔ مخالفوں نے اس مسئلہ کو سیاسی مسئلہ بنا دیا۔ امیر معاویہ نے حضرت عثمانؓ کا خون آلود پیراہن اور ان کی بیوی نائلہ کی کٹی ہوئی انگلیاں دمشق کی جامع مسجد میں آویزاں کردیں جس سے لوگوں کے جذبات اور بھڑک اٹھے۔ جنگِ جمل اور امیر معاویہ سے جنگ اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ جب امیر معاویہ کی فوجیں شکست کھانے لگیں تو انہوں نے اپنے سپاہیوں کو قرآن مجید دے کر آگے بڑھایا اور اعلان کیا کہ بہتر ہے اللہ کے کلام سے فیصلہ کریں۔ دونوں طرف سے حَکَم مقرر ہو گئے۔ حضرت علیؓ کی طرف سے ابو موسیٰ اشعری اور امیر معاویہ کی طرف سے عمرو بن العاص۔ دونوں نے مل کر فیصلہ کیا کہ حضرت علیؓ اور امیر معاویہ دونوں کو معزول کر دیا جائے۔ اور خلافت کو شوریٰ پر چھوڑ دیا جائے۔ ابو موسیٰ نے منبر پر کھڑے ہو کر اس امر کا اعلان کر دیا۔ لیکن عمرو بن العاص نے کہا کہ ابو موسیٰ نے اپنے آدمی کو معزول کر دیا ہے۔ میں بھی اس کو معزول کرتا ہوں لیکن اپنے آدمی معاویہ کو برقرار رکھتا ہوں۔ اس سے اختلاف اور بڑھ گیا۔ اسی زمانے میں ایک ایسا گروہ بھی پیدا ہو گیا جو حضرت علیؓ اور امیر معاویہ دونوں کا مخالف تھا انہیں خوارج کہا جاتا ہے۔ نہروان کے مقام پر حضرت علیؓ نے خارجیوں کو شکست دی۔ اسی زمانے میں امیر معاویہ نے مصر اور یمن پر قبضہ کر لیا اور حضرت علیؓ کے زیرِ نگیں دوسرے مقبوضات کی طرف بھی پیش قدمی شروع کر دی۔ غرض کہ مسلسل خانہ جنگی کی صورت پیدا ہو گئی۔ ۴۰ھ میں دونوں کے درمیان صلح ہو گئی جس کی رو سے شام، مصر اور مغرب کا علاقہ امیر معاویہ کی حاکمیت میں آ گیا اور حجاز، عراق اور مشرق کا پورا علاقہ حضرت علیؓ کی خلافت میں رہا۔ اسی سال ایک خارجی عبدالرحمٰن ابن ملجم نے نمازِ فجر کے وقت کوفہ کی مسجد میں حضرت علیؓ پر قاتلانہ حملہ کیا۔ جس کے تین دن بعد ۶۳ سال کی عمر میں وہ اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

حضرت علیؓ کا سارا دورِ خلافت خانہ جنگیوں میں گزرا لیکن اس کے باوجود سیستان اور کابل میں کچھ فتوحات حاصل ہوئیں اور بحری راستے سے کوکن پر بھی حملہ ہوا۔ حضرت علیؓ بہادری، جانبازی اور علم میں یکتائے روزگار تھے۔ آج بھی "یا علیؓ" کا نعرہ میدانِ جنگ میں ایک نئی روح پھونک دیتا ہے۔

۶۔ حاتم شعر نمبر ۷۲

حاتم طائی کا نام اپنے جود و سخا کی وجہ سے ایسے ہی ضرب المثل بن گیا ہے جیسے صبرِ ایوبؑ یا خزانۂ قارون۔ حاتم طائی زمانۂ جاہلیت کا ایک شہسوار اور صاحبِ دیوان شاعر تھا جو چھٹی صدی عیسوی کے نصف ثانی سے لے کر ساتویں

---

[۱] طبری جلد ۶ بحوالہ تاریخ اسلام حصہ اول ص ۳۰۵

www.taemeernews.com

صدی کے آغاز تک زندہ رہا۔ وہ آنحضرتؐ کی پیدائش سے تقریباً نو سال پہلے مر چکا تھا۔ اس کا مزار بلادِ طے کے ایک پہاڑ کے اوپر تھا[1]۔ آنحضرتؐ کے دورِ رسالت میں حاتم طائی کا بیٹا عدی موجود تھا اور آنحضرتؐ کا شدید مخالف تھا۔ آپؐ نے حضرت علیؓ کو مقابلے کے لئے روانہ کیا۔ اور عدی شکست کھا کر مع اپنے اہل و عیال ملکِ شام بھاگ گیا۔ اس کی بہن سفانہ گرفتار ہو کر آنحضرتؐ کے سامنے پیش ہوئی۔ سفانہ نے کہا کہ میں حاتم طائی کی بیٹی ہوں۔ آنحضرتؐ نے اُسے چھوڑ دینے کا حکم دیا اور اس پر بہت کچھ احسان کیا۔ سفانہ نے ملکِ شام جا کر اپنے بھائی سے آنحضرتؐ کی بہت تعریف کی اور دونوں بہن بھائی آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مشرف بہ اسلام ہوئے۔ حاتم طائی اپنی بہادری، اپنی سخاوت اپنے ایفائے عہد اور رحم کی وجہ سے مشہور ہے۔ ابن اعرابی نے لکھا ہے کہ حاتم طائی شاعر تھا اور فیاض تھا۔ جیسے اعلیٰ درجہ کے اشعار تھے ویسی ہی اس کی فیاضی تھی۔ جو کہتا کرتا۔ لڑتا تو غالب رہتا۔ کوئی دستِ سوال پھیلاتا تو اُسے دیتا[2]

۷۔ ابراہیم ادھم — شعر نمبر ۲۱۵

ابراہیم بن ادھم بلخ کے رہنے والے تھے۔ مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ یہ دوسری صدی ہجری کے صوفیائے کبار میں شمار ہوتے ہیں۔ ۱۶۰ اور ۱۶۲ ہجری کے درمیان وفات پائی۔ روایت ہے کہ ابراہیم بن ادھم بلخ کے شہزادے تھے۔ ایک روز وہ شکار کھیل رہے تھے کہ آواز آئی: "اے ابراہیم! تجھے جانوروں کا پیچھا کرنے کے لئے پیدا نہیں کیا گیا۔" یہ سن کر ابراہیم کے اندر ایسی تبدیلی آئی کہ اپنا سب کچھ گڈریوں کو دے دیا اور گڈریوں کا لباس پہن کر زہد و تقویٰ کا راستہ اختیار کیا۔ ان کے متعلق بہت سی روایات مشہور ہیں لیکن یہ سب بہت بعد میں ان کی ذات سے منسوب کر دی گئی ہیں جن کی وجہ سے ان کی شخصیت افسانہ بن گئی ہے۔ ابراہیم بن ادھم زاہد باعمل تھے۔ قناعت کا یہ عالم کہ جو کچھ ملتا اسی پر گذر کرتے۔ محنت مزدوری سے کماتے اور رزقِ حلال کھاتے۔ ان کا کہنا تھا "فقر ایک خزانہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آسمان میں رکھ چھوڑا ہے اور وہ یہ خزانہ ان لوگوں کے سوا جن سے وہ محبت کرتا ہے کسی کو عطا نہیں کرتا۔" "اللہ کو پہچاننے والے کی نشانی یہ ہے کہ وہ ہر وقت نیکی اور عبادت کی فکر میں رہتا ہے اور اس کا بیشتر کلام حمد و ثنا پر مشتمل ہوتا ہے۔" ترکِ دنیا اور نفس کشی ان کی فکر کے بنیادی اصول ہیں[3] مولانا فریدالدین عطارؒ[4] نے لکھا ہے کہ:

---

[1] اردو دائرۂ معارف اسلامیہ جلد ۷ ص ۷۵۳ دانشگاہ پنجاب لاہور

[2] مضامینِ شرر جلد سوم ص ۱۶۰ گیلانی الیکٹرک پریس بک ڈپو۔ ہسپتال روڈ۔ لاہور

[3] دائرۂ معارفِ اسلامیہ جلد اول ص ۳۵۴-۳۵۵ دانشگاہ پنجاب لاہور

[4] تذکرۃ الاولیا ص ۶۹ مطبع محمدی بمبئی ۱۲۸۰ھ

www.taemeernews.com

"ابراہیم ادھمؒ متقی وقت بود و صدیق روزگار و در انواع معاملت و اصناف حقائق حظی تمام داشت و مقبول ہمہ بود و بسیار مشائخ دیدہ و با امام اعظم ابوحنیفہ صحبت داشتہ بود۔"

مولانا فریدالدین عطار نے ابراہیم بن ادھم کے بارے میں بہت سی روایات نقل کی ہیں جن سے درویشی، فقیری، قناعت زہد و تقویٰ، عبادات اور ترکِ دُنیا کا اظہار ہوتا ہے۔ معتصم نے ابراہیم ادھم سے پوچھا۔

"کہ چہ پیشہ داری۔ گفت دنیا را بطالبانِ دُنیا گذاشتہ ام و عقبیٰ را بطالبانِ عقبیٰ و در ایں جہاں ذکرِ خدا گزیدہ ام۔"[1]

ایک اور جگہ لکھا ہے کہ

چوں آخر عمر او بود ناپیدا شد چنانکہ معین خاک او پیدا نیست بعضے گویند در بغداد است بعض گویند در شام است و بعضے گویند در جوار لوط پیغمبر است۔[2]

ای۔ جی۔ براؤن[3] نے تاریخ ادبیاتِ ایران میں عطار کے حوالے ہی سے ابراہیم بن ادھم کی روایات اور اقوال نقل کئے ہیں۔

۸۔ رام — شعر نمبر ۶۶۸

سری رام یا سری رام چندر جی، ہندو دیومالا کے مطابق راجا دشرتھ کے سب سے بڑے بیٹے، سورج بنسی خاندان کے راجا، والی اجودھیا تھے۔ انہیں وشنو جی کا ساتواں اوتار بھی مانا جاتا ہے۔ بعض علما رام کو مصر، اشوریہ اور فلسطین سے بھی منسوب کرتے ہیں[4]۔ رگ وید میں ان کا ذکر آیا ہے۔ رامائن میں رام چندر جی کی مفصل داستانِ حیات درج ہے۔

راجا دشرتھ لاولد تھے۔ اولاد کے لئے انہوں نے اشومیدھ یگیہ[5] کیا۔ ان کی دعا قبول ہوئی اور کچھ عرصے بعد اُن کی

---

[1] تذکرۃ الاولیا ص ۹۹ مطبع محمدی بمبئی ۱۲۸۰ھ

[2] ایضاً ص ۸۹

[3] لٹریری ہسٹری آف پرشیا جلد اول ص ۴۲۵ مطبوعہ کیمبرج ۱۹۶۴ء

[4] AN ENCYCLOPEDIC SURVEY OF HINDUSTAN: HINDU WORLD BY BENJAMIN WALKER: GEORGE ALLEN & UNWIN LTD VOL II P. 278

[5] وہ عبادت جس میں گھوڑے کی قربانی کی جاتی تھی۔

www.taemeernews.com

تین بیویوں کے بطن سے چار بیٹے پیدا ہوئے۔ کوشلیا کے بطن سے سری رام، کیکئی کے بطن سے بھرت جی اور سمترا کے بطن سے لکشمن جی اور ستر گھنا پیدا ہوئے۔ بچپن ہی سے سری رام میں عظمت کے آثار نمایاں تھے۔ سولہ سال کی عمر میں رشی وشوامتر کو راکششوں سے نجات دلائی۔ وشوامتر راجا جنک کے دربار میں بتلائے گئے۔ راجا کے ایک خوبصورت لڑکی تھی جس کا نام سیتا تھا۔ راجا جنک نے عہد کیا تھا کہ جو شخص شیوجی کی کمان کو موڑ دے گا اپنی بیٹی سیتا کی شادی اُس سے کر دے گا۔ سری رام نے سوئمبر کے دن کمان کو توڑ دیا اور اس طرح ان کی شادی سیتا سے ہو گئی۔

واپسی پر راجا دشرتھ سری رام چندرجی کو تخت پر بٹھانا چاہتے تھے لیکن رانی کیکئی کے اصرار پر وہ بھرت جی کو تخت نشین کرنے پر راضی ہو گئے اور یہ وعدہ بھی کیا کہ رام چندرجی کو چودہ برس کے لئے بن باس دے دیں گے۔ سری رام سیتاجی اور لکشمن جی کے ساتھ بن باس پر چلے گئے۔ کچھ عرصہ بعد راجا دشرتھ وفات پا گئے۔ بھرت جی نے چاہا کہ سری رام چندرجی کو تخت پر بٹھا دیں لیکن سری رام اس پر راضی نہیں ہوئے اور آخر میں طے پایا کہ بن باس کی مدت پوری ہونے تک بھرت جی قائم مقام راجا کی حیثیت سے حکومت کریں گے اور رام چندرجی کھڑاؤں تخت پر رکھیں گے۔

دس برس تک جنگلوں میں گھومتے گھومتے یہ چھوٹا سا قافلہ اگستی مُنی کے مقام پر پہنچا۔ اس علاقے کو راکششوں نے تاراج کر رکھا تھا۔ وہاں راون کی بہن شورپ نکھا رام چندرجی پر عاشق ہو گئی لیکن ساری کوشش کے باوجود وہ انہیں رام نہ کر سکی۔ ایک دن غصے میں آ کر اُس نے سیتا پر حملہ کر دیا۔ طیش میں آ کر لکشمن جی نے اس کے کان ناک کاٹ لئے۔ کچھ عرصے بعد شورپ نکھا راون کے پاس گئی۔ اور اپنی بے عزتی اور سیتا کے حسن کا ذکر کیا۔ راون راکششوں کے ایک بڑے لشکر کے ساتھ حملہ آور ہوا اور دھوکے سے سیتا جی کو اُٹھا کر لنکا لے گیا۔ سری رام اور لکشمن جی سیتا جی کو تلاش کرتے رہے مگر بے سود۔ اس موقع پر ان کی ملاقات ہنومان جی سے ہوئی۔ انہوں نے سری رام چندرجی کی دل و جان سے مدد کی۔ سیتا جی کو تلاش کرتے کرتے سمندر پار لنکا پہنچے۔ اور سیتا جی کا پتا لگایا۔ اس کے بعد رام چندرجی نے بندروں کی فوج سے راون پر حملہ کیا۔ اس جنگ میں راون کے سب بیٹے مارے گئے۔ راون بھی قتل ہوا اور سیتا جی آزاد ہو گئیں۔ لیکن سیتا جی چونکہ راون کے ساتھ رہ چکی تھیں اس لئے رام چندرجی نے انہیں اپنی رانی بنانے سے انکار کر دیا۔ سیتا جی نے خود کو آگ میں ڈال کر اپنی بے گناہی کا ثبوت دیا لیکن اس پر بھی رعایا نے سیتا جی کو گھر لانے پر اظہار ناراضی کیا۔ رام چندرجی نے سیتا جی کو اپنی بقیہ عمر والمیکی کے آشرم میں گزارنے کے لئے کہا۔

سیتا جی اس وقت حاملہ تھیں۔ آشرم میں اُن کے توام لڑکے پیدا ہوئے اور چند سال بعد جب یہ لڑکے اجودھیا آئے تو رام چندرجی نے انہیں پہچان لیا اور سیتا جی کو بلانے کے لئے کہا۔ سیتا جی نے اپنی بے گناہی کا ثبوت دینے کے لیے کہا کہ اے زمین! تو میری بے گناہی کی تصدیق کرنے کے لیے پھٹ جا۔ زمین پھٹ گئی اور سیتا جی اس میں سما گئیں۔ سیتا جی کے زمین میں سما جانے پر سری رام چندرجی نے دیوتاؤں سے کہا کہ وہ اب زندہ رہنا نہیں چاہتے اور پھر دریائے سرجو پر جا کر وشنو جی میں داخل ہو گئے۔ رام چندرجی اپنی بہادری، استقامت، نیک دلی، ایثار اور پاکبازی کے مثالی نمائندہ ہیں۔

www.taemeernews.com

لکھمن یا لکشمن   شعر نمبر ۶۶۸

سری رام چندر جی کے سوتیلے بھائی' راجہ دشرتھ کے بیٹے۔ لکشمن' رانی سُمترا کے بطن سے پیدا ہوئے۔ لکشمن جی کو بھی وشنو جی کا اوتار مانا گیا ہے۔ لیکن' ادھیاتم رامائن' میں، انہیں شیش ناگ کا اوتار مانا گیا ہے۔ رام چندر جی اور لکشمن جی کی محبت مثالی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر آڑے وقت میں وہ اُن کے ساتھ رہے اور کام آئے۔ بن باس میں وہ اُن کے ساتھ تھے۔ راون کی بہن شورپ نکھا نے جب سیتا جی پر حملہ کیا تو غصے میں آکر لکشمن جی نے اُس کے ناک کان کاٹ لئے تھے۔ جب کال اور سری رام چندر جی کے درمیان گفتگو ہو رہی تھی تو لکشمن جی دربانی کر رہے تھے۔ راکششوں سے جنگ ہوئی تو وہ ساتھ تھے راون سے جنگ ہوئی تو لکشمن جی نے بڑا اہم کردار ادا کیا۔ ان کی شادی سیتا جی کی چچازاد بہن اُدمیلا سے ہوئی تھی۔ غرض کہ لکشمن جی محبت، خلوص، رفاقت اور ایثار کے پیکر تھے۔

ہنونت یا ہنومان جی   شعر نمبر ۶۶۸

ہندو دیو مالا میں انہیں بھی دیوتا مانا جاتا ہے اور ہنونت یا ہنومان کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ رانی رکھنی کے بطن سے پیدا ہوئے۔ راون کے خلاف جنگ میں انہوں نے سری رام چندر جی کی مدد کی اور اُن کی مدد ہی سے رام چندر جی نے فتح حاصل کی۔ ہنومان جی میں ایسی طاقت موجود تھی جو صرف دیوتاؤں میں تصور کی جا سکتی ہے مثلاً ہندوستان سے لنکا تک پھیلے ہوئے سمندر کو انہوں نے ایک چھلانگ میں پار کر لیا۔ بڑے بڑے درختوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا۔ کوہ ہمالہ کو اُٹھا کر لے گئے۔ آسمان سے بادلوں کو پکڑ لائے۔

پہاڑ کی طرح قد' اونچا ڈیل ڈول، گرم سونے کی طرح چمکتا ہوا سرخ زرد رنگ، لعل کی طرح سُرخ چہرہ' بے حد لمبی دُم۔ ہنومان جی نے سری رام چندر جی کے بڑے بڑے کام کئے۔ رام چندر جی کا خط سیتا جی تک پہنچایا۔ راون کے باغ کو تباہ کیا اور جب راون نے اُن کی دُم میں روئی باندھ کر انہیں جلانا چاہا تو انہوں نے اپنی دُم سے ساری لنکا کو جلا دیا۔ اسی لئے انہیں "لنکا داہی" بھی کہا جاتا ہے۔ جنگ کے دوران جب اُن کی فوج کے بہت سے بندر زخمی ہو گئے تو وہ ہمالیہ پہاڑ سے جڑی بوٹیاں لائے جن سے وہ سب شفایاب ہو گئے۔ لکشمن جی کو جڑی بوٹی سونگھا کر ہوش میں لائے۔ ہنومان جی سحر اور جادو میں بھی کمال رکھتے تھے۔ اسی لئے انہیں لوگ "چتر" بھی کہا جاتا ہے۔ ہنومان جی ودیا کرن (صرف ونحو) کے ماہر اور بڑے عالم تھے۔ اس علم میں اُن کو نواں درجہ دیا گیا ہے۔ رامائن میں اُن کے علم کی بہت تعریف کی گئی ہے۔ سری رام چندر جی جب اجودھیا واپس آئے تو ہنومان جی اُن کے ساتھ تھے۔ خدمات کے صلے میں ہنومان کو ہمیشہ رہنے والی جوانی اور غیرفانی زندگانی عطا کی گئی۔ رام چندر جی کی داستانِ حیات میں ہنومان اہم مرکزی کردار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ بے لوث

www.taemeernews.com

محبت اور خدمت کے مثالی نمائندے ہیں۔

۱۱ - راون   شعر نمبر ۶۷۰

راون ـــــ راکششوں کا راجا، والی لنکا، وشرود کا بیٹا، نیکشا کے بطن سے پیدا ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ راون رشی پلستیہ کا پوتا تھا اور پلستیہ سب راکششوں کا جدِ امجد ہے۔ راون باپ کی طرف سے برہمن تھا وہ بڑا عالم اور مذہبی رسومات کا بڑا ماہر تھا۔ "یجروید" کے متن کی ازسرِ نو ترتیب بھی راون سے منسوب کی جاتی ہے۔ ریاض و عبادت کے ذریعے اُس نے غیر معمولی طاقت حاصل کرلی تھی یہاں تک کہ دیو، دیوتا یا انسان کوئی بھی اُسے ہلاک نہیں کرسکتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ وہ سارے دیوتاؤں کو زنجیروں میں باندھ کر سری لنکا لے آیا اور مختلف خدمات پر مامور کیا۔ دیوی اندر اُس کے لئے ہار گوندھتی تھی "اگنی" اس کے لئے کھانا پکاتی تھی۔ اسی طرح برہما، وشنو، شیو، وایو، یاما، ورُونا اور کوبیرا نائی، دھوبی، بھنگی اور بہشتی وغیرہ کے فرائض انجام دیتے تھے۔

راون میں غیر معمولی قوتیں تھیں۔ وہ مختلف روپ دھار سکتا تھا۔ اُس کے دس سر اور بیس ہاتھ تھے جسم پر زخموں کے لاتعداد نشان تھے۔ ہندو دیومالا میں آیا ہے کہ وشنو جی نے راون کو تباہ کرنے کے لئے سری رام چندر جی کے روپ میں جنم لیا۔ راون کی جو تصویر ہندو دیومالا میں ملتی ہے وہ بہت ڈراؤنی ہے ـــــ دس سر، بیس ہاتھ، آنکھیں تانبے کی طرح سُرخ، دانت چاند کی طرح روشن، رنگ گہرے بادل کی طرح سیاہ۔ طاقت اتنی کہ سمندروں کو حرکت میں لاسکتا تھا۔ پہاڑوں کو اٹھا سکتا تھا۔ اگر ایک سر گر جاتا تو اس کی جگہ دوسرا سر نکل آتا۔ وہ ظلم و جبر، دھوکے، عیاری اور دغابازی کا نمائندہ ہے۔

۱۲ - ارجن   شعر نمبر ۶۷۱

راجا پانڈو کا لڑکا، ارجن ـــــ رانی کُنتی کے بطن سے پیدا ہوا۔ یہ پانڈو خاندان کا تیسرا راجکمار تھا۔ پانچوں بھائی ـــ یدھسٹر، بھیم، ارجن، نکل اور سہدیو، دیوتاؤں کے اَنس سے پیدا ہوئے۔ اسی لئے اندر کو ارجن کا باپ کہا جاتا ہے۔ راجا پانڈو کے دو بیویاں تھیں ـــــ کُنتی اور مدری۔ دیومالا میں آیا ہے کہ ایک دن شکار کھیلتے کھیلتے راجا پانڈو نے ایک نوجوان ہرن پر تیر مارا جو اُس وقت ایک ہرنی کے ساتھ میل کھا رہا تھا۔ مرتے وقت ہرن نے بتایا کہ وہ دراصل ایک رشی تھا اور یہ معلوم کرنے کے لئے کہ جانور "محبت" کی لذتوں سے کیسے لطف اندوز ہوتے ہیں اُس نے ہرن کا روپ دھار لیا تھا۔ ساتھ ساتھ اُس نے پانڈو کو یہ بددعا دی کہ وہ بھی اسی حالت میں مرے گا۔ بددعا کے خوف سے پانڈو اپنی بیویوں سے دُور رہنے لگا اور اُس کے کہنے پر اس کی دونوں بیویاں دیوتاؤں سے ملنے لگیں نتیجے میں کُنتی کے بطن سے یدھشٹر، بھیم اور ارجن پیدا ہوئے اور مدری کے بطن سے نکل اور سہدیو۔

www.taemeernews.com

ارجن کو "مہابھارت" کا ہیرو کہا جا سکتا ہے۔ وہ ایک بہادر سپاہی، حوصلہ مند اور فیاض انسان تھا، ساتھ ساتھ خوبصورت قدآور اور ہردلعزیز بھی تھا۔ کمانداری اور تیر اندازی میں کامل۔ تیروں کی بارش برسانا اُس کا کمال تھا۔ اس میں ایسی قوت موجود تھی کہ وہ دوسروں کی نظروں سے پوشیدہ ہو سکتا تھا۔ ارجن نے فنِ سپاہ گری درُدن سے حاصل کیا تھا۔ کمانداری کے کمال ہی کی وجہ سے سوئمبر کے دن وہ دروپدی کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ دوارکا میں ارجن کی ملاقات سری کرشن جی سے ہوئی تھی اور وہیں اُن کی بہن سے اُس کی شادی ہوئی تھی۔ اگنی دیوتا نے ارجن کو گانڈیو دھنش دیا۔ جب راجا یدھشٹر جوئے میں اپنی سلطنت ہار گئے اور پانچوں بھائی تیرہ برس کے لئے جلاوطن ہو گئے تو ارجن تیرتھ یاترا کے لئے ہمالہ کی طرف چلے گئے اور وہیں وشنو جی سے اُن کا طاقتور ہتھیار "پشوپتھ" حاصل کیا۔ وہیں رہ کر دوسرے دیوتاؤں مثلاً کوویر، ورُدن وغیرہ سے بھی اُن کے خاص ہتھیار حاصل کئے۔ یہیں سے اندر دیوتا ارجن کو رتھ میں بٹھا کر اپنے دارالسلطنت امراوتی لے گئے۔ اور ارجن کو فنِ سپاہ گری سکھایا۔ مہابھارت میں ارجن کے رتھ کی رتھ بانی کرشن جی نے کی اور کوروؤں کو شکست دینے میں ارجن نے مرکزی کردار ادا کیا۔ مہابھارت کے بعد جب قربانی کا گھوڑا چھوڑا گیا تو ارجن اس گھوڑے کے ساتھ تھے۔ اس دوران میں انہوں نے بہت سے راجاؤں سے جنگ کی۔ اسی سفر میں ارجن نے ایک کنیز کو، جسے ایک رشی نے پتھر کا بنا دیا تھا، دوبارہ انسانی روپ عطا کیا۔ وہ ایک ایسے ملک سے بھی گزرا جہاں صرف عورتیں ہی میدانِ جنگ میں حصہ لیتی تھیں۔ وہ ایک ایسے دیس سے بھی گزرا جہاں جانور اور انسان پھلوں کی طرح درختوں میں اُگتے تھے۔ ارجن نے سندھ کے راجا سے بھی جنگ کی جس کی سلطنت دریائے جہلم اور دریائے سندھ کے درمیان واقع تھی۔ اسی سفر میں اُس کے اپنے بیٹے نے اُسے قتل کر دیا لیکن اس کی ایک بیوی نے اُسے دوبارہ زندہ کر دیا۔ گجرات سے واپسی پر جب وہ کرشن جی کی وفات کے بعد اُن کے حرم کی سولہ ہزار عورتوں کو لے کر ہستنا پور آ رہا تھا تو راستے میں بھیر قوم نے حملہ کیا اور ارجن کو شکست دی۔ اس کے بعد وہ آخری سفر پر اپنے بھائیوں کے ساتھ ہمالیہ کی طرف چلا گیا۔ ارجن بہادری اور مردانہ صفات کا نمائندہ ہے۔

۱۳۔ بھیم

شعر نمبر ۱۷۶

راجا پانڈو کا دوسرا بیٹا، یدھشٹر اور ارجن کا بھائی، کُنتی کے بطن سے پیدا ہوا۔ جیسا کہ ارجن کے بیان میں لکھا جا چکا ہے راجا پانڈو ایک رشی کی بددعا کی وجہ سے اپنی بیویوں کے پاس جانے سے ڈرتا تھا اسی لئے یہ پانچوں بھائی دیوتاؤں کے اَنس سے پیدا ہوئے۔ بھیم کو "وایو دیوتا" کا اَنس کہا جاتا ہے۔ بھیم نہایت قدآور، خوبصورت، طاقتور اور بہادر تھا لیکن ساتھ ساتھ تندمزاج اور بے رحم بھی تھا۔ گرز، الگنی اور کشتی میں بے مثال تھا۔ طاقت کا یہ عالم کہ درختوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا تھا۔ ہاتھ کے پنجے کے زور سے ہاتھی کا منہ پھیر دیتا تھا۔ ہوا کا بیٹا ہونے کے تعلق سے بھیم کو "ہنومان" کا بھائی بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں یہ طاقت تھی کہ وہ تیزی کے ساتھ ہوا میں اڑ سکتا تھا۔ اس کی زبردست طاقت سے جل کر

www.taemeernews.com

ایک دن دریودھن نے اُسے زہر دے کر گنگا میں ڈال دیا جہاں سے وہ ناگ دیس پہنچا اور دوبارہ زندگی اور طاقت حاصل کر کے ہستنا پور واپس آیا۔ مہابھارت میں اُس نے بڑے بڑے معرکے انجام دیئے۔ پہلے روز وہ بھیشم سے لڑا۔ دوسرے روز مگدھ کے راجا اور اس کے دونوں بیٹوں کو موت کے گھاٹ اُتارا۔ میدان جنگ میں دورن سے مقابلہ کیا۔ جنگ کے سترھویں روز دوھساسن کو ہلاک کر کے اس کا خون پیا کیونکہ اُس نے قسم کھائی تھی کہ وہ دروپدی کی بے عزتی کا بدلہ لے گا۔ جنگ میں ہر قسم کے غلط ہتھکنڈے استعمال کرنے کی وجہ سے اسے "بھیم یودھن" بھی کہا جاتا ہے۔

۱۴۔ نکُل

شعر نمبر ۶۹۱

نکُل راجا پانڈو کا چوتھا بیٹا جو مدری کے بطن سے سہدیو کے ساتھ پیدا ہوا۔ یہ بھی نیزہ بازی، تیغ زنی اور فن سپہ گری میں یکتائے روزگار تھا۔ گھوڑوں کے علاج اور ان کی تربیت میں مہارت کامل رکھتا تھا۔ فن سپہ گری اور گھوڑوں کے علاج کا فن اُس نے درون سے حاصل کیا تھا۔

۱۵۔ سہدیو

شعر نمبر ۶۹۱

راجا پانڈو کا پانچواں اور سب سے چھوٹا بیٹا جو مدری کے بطن سے نکُل کے ساتھ پیدا ہوا۔ یہ بھی نیزہ بازی، تیغ زنی اور فن سپہ گری میں یکتا تھا۔ اُس نے درون سے علم ہیئت و نجوم سیکھا تھا۔ مہابھارت میں یہ بھی شریک تھا۔

۱۶۔ نوحؑ

شعر نمبر ۶۹۶

حضرت آدمؑ کے بعد یہ پہلے نبی ہیں جن پر وحی نازل ہوئی اور رسالت سے نوازا گیا۔[۱] اسے نوحؑ تو زمین پر سب سے پہلا رسول بنایا گیا۔[۲] "تورات" کے مطابق خلقِ آدمؑ اور ولادتِ نوحؑ کے درمیان ۱۰۵۶ سال کی مدت ہے اور وفاتِ آدمؑ اور ولادتِ نوحؑ کے درمیان ۱۰۲۶ سال کی مدت ہے۔[۳] "قرآن مجید" میں حضرت نوحؑ کے واقعہ کا اجمالی و تفصیلی ذکر ۴۳ جگہ آیا ہے۔[۴] حضرت نوحؑ کی بعثت سے پہلے تمام قوم خدا کی توحید سے ناآشنا ہو چکی تھی۔ اور حقیقی خدا کی جگہ خود ساختہ بتوں نے لے لی تھی۔ حضرت نوحؑ نے اپنی قوم کو دعوتِ حق دی لیکن قوم نے نفرت و حقارت کے ساتھ انکار کیا۔[۵] قوم کے سرداروں نے کہا "ہم تو تم میں اس کے سوا کوئی بات نہیں دیکھتے کہ ہماری طرح کے ایک آدمی ہو اور جو لوگ تمہارے پیچھے چلے ہیں ان میں

---

[۱] بحوالہ قصص القرآن جلد اول (مولانا) حفظ الرحمٰن سیوہاروی۔ ندوۃ المصنفین دہلی ۱۹۶۵ء ص ۹۳

[۲] ایضاً ص ۱۴ [۳] ایضاً ص ۶۵ [۴] ایضاً ص ۶۶

www.taemeernews.com

بھی ان لوگوں کے سوا کوئی دکھائی نہیں دیتا جو ہم میں ذلیل و حقیر ہیں اور بے سوچے سمجھے تمہارے پیچھے ہو لئے ہیں۔ ہم تو تم لوگوں میں اپنے سے کوئی برتری نہیں پاتے بلکہ سمجھتے ہیں کہ تم جھوٹے ہو۔[۱] حضرت نوحؑ نے انتہائی کوشش کی کہ کسی طرح اُن کی قوم راہِ راست پر آجائے لیکن وہ راہِ راست پر نہیں آئے۔ حضرت نوحؑ نے انہیں دردناک عذابِ الٰہی سے ڈرایا لیکن وہ پھر بھی اسی طرح گمراہ رہے اور قوم کے سرداروں نے کہا کہ اگر عذابِ الٰہی آنے والا ہے تو اُسے جلد لے آ۔ حضرت نوحؑ نے دعا فرمائی۔ جسے اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا اور حضرت نوحؑ کو ایک کشتی تیار کرنے کا حکم دیا تاکہ وہ اور اُن کے پیروکار عذابِ الٰہی سے محفوظ رہیں۔ جب کشتیِ نوحؑ بن کر تیار ہو گئی تو نوحؑ نے دیکھا کہ زمین کی تہ سے پانی کا چشمہ اُبلنا شروع ہو گیا ہے۔ وحی نازل ہوئی کہ کشتی میں اپنے خاندان کو بٹھاؤ اور تمام جانداروں کا ایک ایک جوڑا بھی کشتی میں بٹھاؤ اور اللہ پر ایمان لانے والوں کو بھی اسی کشتی میں سوار کر دو۔ جب حکمِ ربی کی تعمیل ہو گئی تو آسمان سے پانی برسنے لگا اور زمین سے چشمے پھوٹنے لگے یہاں تک کہ تمام قوم غرق ہو گئی۔ اور سفینۂ نوحؑ اسی طرح محفوظ پانی میں تیرتا رہا۔ اور کوہِ جودی پر جا کر ٹھہرا۔ پھر رفتہ رفتہ پانی کم ہونا شروع ہوا اور اہلِ سفینہ نے زمین پر دوبارہ قدم رکھا۔ اسی لئے حضرت نوحؑ کو "ابوالبشر ثانی" یا "آدمِ ثانی" بھی کہا جاتا ہے۔[۲] واضح رہے کہ طوفانِ نوح صرف ایک مخصوص علاقے تک محدود تھا جس میں خصوصیت کے ساتھ قومِ نوح آباد تھی۔ اور یہ کہنا درست نہیں ہے کہ یہ طوفان عام تھا اور اس نے سارے کرۂ ارض کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ یہ واقعہ آج سے تقریباً سات ہزار سال پہلے ظہور میں آیا تھا۔

۱۷۔ ایوبؑ

شعر نمبر ۴۹۶

حضرت ایوبؑ ایک نبی ہو گزرے ہیں۔[۳] توراۃ میں آپ کے حالات تفصیل سے درج ہیں۔ قرآن مجید میں آپ کا ذکر چار سورتوں میں آیا ہے۔ سورہ نساء، سورہ انعام، سورہ ص اور سورہ انبیاء۔ نساء اور انعام میں تو صرف انبیاء کی فہرست میں آپ کا نام مذکور ہے لیکن سورہ انبیاء اور ص میں اجمال کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ توراۃ میں لکھا ہے کہ عوض کی سرزمین میں ایوب نام ایک شخص تھا۔ وہ شخص کامل اور راست باز تھا اور خدا سے ڈرتا اور بدی سے دُور رہتا تھا۔[۴] شیطان نے ایک دن خدا سے کہا کہ وہ تجھ سے اس لئے ڈرتا ہے کہ تو نے اُسے سب کچھ دیا ہے۔ خدا نے شیطان کو اجازت دی کہ وہ آزما کر دیکھ لے۔ اس آزمائش میں حضرت ایوبؑ کا سارا مال و متاع جاتا رہا۔ پھر سارا خاندان تباہ ہو گیا۔ لیکن حضرت ایوبؑ حرفِ شکایت

۱۔ قرآن مجید سورۂ ھود (ع ۳)

۲۔ قصص القرآن جلد اول ص ۹۲ ۳۔ ایضاً ص ۸۳

۴۔ کتابِ مقدس، پاکستان بائبل سوسائٹی۔ لاہور، ۱۹۹۰ء ص ۴۹۳

www.taemeernews.com

زبان پر نہیں لائے اور کہا " ننگا میں اپنی ماں کے پیٹ سے نکلا اور ننگا ہی واپس جاؤں گا۔ خداوند نے دیا اور خداوند نے لیا۔[۱] پھر شیطان نے خدا سے کہا کہ " انسان اپنا سارا مال اپنی جان کے لئے دے ڈالے گا"[۲] اب اس نے " ایوب کو تلوے سے چاند تک دردناک پھوڑوں سے دکھ دیا اور وہ کھجانے کے لئے ایک ٹھیکرا لے کر راہ پر بیٹھ گیا۔"[۳] حضرت ایوب یہ دکھ بھی بھوگتے رہے اور کہتے رہے کہ " کیا ہم خدا کے ہاتھ سے سُکھ پائیں اور دُکھ نہ پائیں"[۴] اور پھر ان کی حالت ایسی ہو گئی کہ ان کو گھورے پر پھینک دیا گیا لیکن وہ اس آزمائش پر بھی پورے اُترے پھر خدا نے آپ کی دعا قبول کی۔ وہ شفایاب ہوئے اور خدا نے " جتنا اُس کے پاس پہلے تھا اس کا دوچند دیا۔"[۵] قرآن مجید میں آیا ہے کہ " بے شک ہم نے اس کو صبر کرنے والا پایا۔"[۶] صبر ایوب کی ترکیب ادب میں بطور ضرب المثل کے مروج ہے اور آج تک حضرت ایوب صبر کے مثالی نمائندے ہیں۔

حضرت ایوب حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے تھے۔ ابنِ عساکر کا قول ہے کہ حضرت ایوب کی ماں حضرت لوطؑ کی بیٹی تھیں۔ المسعودی نے لکھا ہے کہ ۳۳۲ھ میں دمشق کے نزدیک آپ کا مقبرہ زیارت گاہِ خاص و عام تھا۔[۷] سید سلیمان ندوی نے ارض القرآن[۸] میں ان کا زمانہ ایک ہزار قبل مسیح اور سات سو سال قبل مسیح کے درمیان لکھا ہے۔ مولانا محمد حفظ الرحمن سیوہاروی نے لکھا ہے کہ ایوب کا زمانہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت اسحٰق و یعقوب کے زمانے کے درمیان ہے اور یہ تقریباً ۱۵۰۰ ق م اور ۱۳۰۰ ق م کے حدود میں تلاش کرنا چاہیے۔[۹]

۱۸۔ قارون — شعر نمبر ۹۶

قارون کا نام بُخل اور کنجوسی کی وجہ سے ضرب المثل بن گیا ہے۔ قارون بنی اسرائیل کا ایک بہت دولت مند شخص تھا۔ اس کے خزانوں کی کنجیوں کا وزن اتنا زیادہ تھا کہ انہیں بہت سے مزدور مل کر اٹھاتے تھے۔ دولت کی وجہ سے وہ بہت مغرور ہو گیا تھا اور ہر شخص کو نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔ مفسرین اسے حضرت موسیٰؑ کا چچازاد بھائی بتاتے ہیں۔[۱۰] بعض مورخین لکھتے ہیں کہ وہ قیامِ مصر کے زمانے میں فرعون کے دربار سے وابستہ تھا اور یہ کثیر دولت اُس نے وہیں جمع کی تھی۔ ایک دفعہ حضرت موسیٰؑ نے اُسے نصیحت کی کہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی بے شمار دولت میں سے

۱-۲ کتاب مقدس، پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور، ۱۹۷۰ء ص ۴۹۲ ۔ ۳-۴ ایضاً ص ۴۹۵ ۔ ۵ ایضاً ص ۵۲۸ ۔

۶ قرآن مجید سورہ ص ۷ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ جلد سوم ص ۵۰۹ دانشگاہ پنجاب لاہور ۱۹۶۰ء

۸ ارض القرآن جلد دوم ص ۲۳ دار المصنفین اعظم گڑھ ۹ قصص القرآن جلد دوم ص ۱۸۰ دار الاشاعت کراچی ۷۷ ۱۹ء

۱۰ قصص القرآن حصہ اول ص ۵۲۸

www.taemeernews.com

غربا اور مساکین کی مدد کر۔ قارون نے جواب دیا کہ اے موسیٰ! میری یہ دولت تیرے خدا کی دی ہوئی نہیں ہے۔ جب قارون کا غرور اور اس کا لالچ بہت بڑھ گیا تو قدرت نے اس کے سارے خزانوں کو اور ان محلات کو جن میں یہ خزانے محفوظ تھے زمین میں دھنسا دیا۔ قرآن مجید میں کئی مقامات پر اس واقعہ کو بیان کیا گیا ہے۔ ایک جگہ آیا ہے کہ "ہم نے قارون اور اس کے محل کو زمین میں دھنسا دیا۔ پس اس کے لئے کوئی جماعت مددگار ثابت نہیں ہوئی جو خدا کے عذاب سے اس کو بچاتی اور وہ بے یار و مددگار رہ گیا۔"[1]

توریت میں اس واقعہ کا بیان تفصیل سے آیا ہے۔ "حضرت موسیٰؑ نے کہا" یہ باتیں ختم ہی کی تھیں کہ زمین ان کے پاؤں تلے پھٹ گئی اور زمین نے اپنا منہ کھول دیا اور ان کو اور ان کے گھر بار کو اور قورح (قارون) کے ہاں کے سب آدمیوں کو اور ان کے سارے مال و اسباب کو نگل گئی۔ سو وہ اور ان کا سارا گھر بار جیتے جی پاتال میں سما گئے۔ اور زمین ان کے اوپر برابر ہو گئی اور وہ جماعت میں سے نابود ہو گئے۔"[2]

---

[1] سورۂ قصص (ع ۹) [2] کتاب مقدس، پاکستان بائبل سوسائٹی ۱۹۷۰ء صفحہ ۱۴۲

www.taemeernews.com

www.taemeernews.com

فہرست ماآخذ

www.taemeernews.com

قدیم اردو	مولوی عبدالحق	کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان	۱۹۶۱ء
معراج العاشقین	مرتبہ مولوی عبدالحق	حیدرآباد دکن، تاج پریس	۱۳۴۳ھ
اردوئے قدیم	سید شمس اللہ قادری	لکھنؤ، نولکشور پریس	۱۹۳۰ء
دکن میں اردو	نصیر الدین ہاشمی	کراچی، اردو اکیڈیمی سندھ	۱۹۶۰ء
سیر محمدی	شاہ محمد علی سامانی	الہ آباد، یونانی دواخانہ پریس سبزی منڈی	۱۳۴۷ھ
معراج العاشقین کا مصنف	ڈاکٹر حفیظ قتیل	حیدرآباد، نیشنل پرنٹنگ پریس چارکمان	۱۹۶۴ء
دیباچہ غرۃ الکمال	امیر خسرو	دہلی، مطبوعہ قیصریہ	
مقالات حافظ محمود شیرانی حصہ اول	مرتبہ مظہر محمود شیرانی	لاہور، مجلس ترقی ادب	۱۹۶۶ء
" حصہ دوم	"	" " "	۱۹۶۶ء
پنجاب میں اردو	محمود شیرانی	لاہور، مکتبہ معین الادب	
علمی نقوش	ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان	کراچی، اعلیٰ کتب خانہ، ناظم آباد	۱۹۵۷ء
کیفیہ	برج موہن دتاتریہ کیفی	کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان	۱۹۵۰ء
قدیم اردو حصہ اول	مرتبہ ڈاکٹر مسعود حسین خان	حیدرآباد دکن، شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی	۱۹۶۵ء
قدیم اردو حصہ دوم	" "	" " "	۱۹۶۷ء
قدیم اردو حصہ سوم	" "	" " "	۱۹۶۹ء
دکنی ادب کی مختصر تاریخ	ڈاکٹر محی الدین زور	کراچی، اردو اکیڈیمی سندھ	۱۹۶۰ء
ہندی ادب کی تاریخ	ڈاکٹر محمد حسن	علی گڑھ، انجمن ترقی اردو	۱۹۵۵ء
مضامین شرر حصہ سوم	عبدالحلیم شرر	لاہور، گیلانی الیکٹرک پریس بک ڈپو	۱۹۶۵ء

مشائخِ زریں حصہ اول	مترجمین فریزر	لاہور، مجلس ترقی ادب		۱۹۶۵ء
مشائخِ زریں حصہ دوم	مترجمہ سید ذاکر حجاز	، ،		۱۹۶۵ء
دیوانِ حسن شوقی	مرتبہ جمیل جالبی	کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان		۱۹۷۱ء
دیوانِ نصرتی	مرتبہ جمیل جالبی	لاہور، سہ ماہی "صحیفہ" شمارہ ۶۱ اور مکتبہ قوسین، تھورنٹن روڈ		۱۹۷۲ء
دکنی و گجراتی ادب	جمیل جالبی	لاہور (تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند) اردو ادب جلد اول		۱۹۷۱ء

تاریخ بہمنی سلطنت	عبدالمجید صدیقی	حیدرآباد دکن، ادارۂ ادبیات اردو		۱۹۵۲ء
محبوب الوطن تذکرہ سلاطین دکن حصہ اول	عبدالجبار خاں ملکاپوری	حیدرآباد دکن، فخر نظامی پریس		
برہان مآثر (فارسی)	سید علی طباطبا	حیدرآباد دکن، مجلس مخطوطاتِ فارسیہ		۱۹۳۶ء
مرآۃ احمدی (فارسی)	مرزا محمد حسن علی محمد خان بہادر مرتبہ سید نواب علی	کلکتہ، بیپٹسٹ پریس		۱۹۳۰ء
تاریخ فرشتہ (اردو ترجمہ) جلد اول۔	مترجم امیر علی	لکھنؤ، نولکشور پریس		۱۹۳۳ء
لباب الالباب جلد دوم	عوفی	کیمبرج یونیورسٹی پریس		۱۹۰۲ء
تذکرۃ الاولیا	شیخ فریدالدین عطار	بمبئی، مطبع محمدی		۱۲۸۰ھ

قرآن مجید		کراچی، تاج کمپنی		۱۹۶۵ء
قصص القرآن جلد اول	حفظ الرحمن سیوہاروی	دہلی، ندوۃ المصنفین اردو بازار	طبع چہارم	۱۹۶۵ء
قصص القرآن جلد دوم	،	کراچی، دارالاشاعت، بندر روڈ		۱۹۷۲ء

قصص القرآن جلد چہارم	حفظ الرحمٰن سیوہاروی	دہلی، ندوۃ المصنفین اردو بازار	طبع ہشتم ۱۹۷۰ء
سیرۃ النبیؐ حصہ سوم	سید سلیمان ندوی	اعظم گڑھ، مطبع معارف	طبع سوم ۱۹۴۷ء
تاریخ اسلام حصہ اول	شاہ معین الدین ندوی	" " "	۱۹۵۲ء
حضرت ابوبکرؓ کے سرکاری خطوط	خورشید احمد فارق	دہلی، ندوۃ المصنفین	۱۹۶۰ء
کتاب مقدس		لاہور، پاکستان بائبل سوسائٹی	۱۹۶۷ء
ارض القرآن جلد دوم	سید سلیمان ندوی	اعظم گڑھ، مطبع معارف	
ہندو کلاسیکل ڈکشنری	سردار دیوی سہائے	لاہور، مطبع خادم التعلیم پنجاب	۱۸۹۴ء
سمپورن مہابھارت (اردو)	پنڈت سے گوپال	دلی، دیہاتی پستک بھنڈار	۱۹۶۸ء
تلسی راماین (اردو)		" " "	
اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد اول	زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب	لاہور، رجسٹرار دانش گاہ پنجاب	۱۹۶۴ء
" " جلد دوم	" "	" " "	۱۹۶۶ء
" " جلد سوم	" "	" " "	۱۹۶۸ء
" " جلد ہفتم	" "	" " "	۱۹۷۱ء
دکنی زبان کا آغاز و ارتقا	ڈاکٹر سری رام ترجمہ غلام رسول	حیدرآباد، آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈمی	
جامع القواعد	ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی	لاہور، مرکزی اردو بورڈ	۱۹۷۱ء
نور اللغات۔ جلد اول	نور الحسن نیر	لکھنؤ، نیر پریس	۱۹۲۴ء
" جلد دوم	" "	" "	
" جلد سوم	" "	" "	تا
" جلد چہارم	" "	" "	۱۹۳۱ء
قدیم اردو لغت	ڈاکٹر جمیل جالبی	مرکزی اردو بورڈ لاہور	۱۹۷۳ء

www.taemeernews.com

مخطوطات انجمن ترقی اردو جلد اول	مرتبہ افسر صدیقی امروہوی	کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان	۱۹۶۵ء
″ ″ جلد دوم	″ ″	″ ″ ″	۱۹۶۷ء
اردو مخطوطات آصفیہ جلد اول	مرتبہ نصیر الدین ہاشمی	حیدرآباد دکن، خواتین دکنی انسٹی ٹیوٹ	۱۹۶۱ء
″ ″ جلد دوم	″ ″	″ ″ ″	۱۹۶۱ء
تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو جلد اول	ڈاکٹر محی الدین زور	حیدرآباد دکن، ادارہ ادبیات اردو	۱۹۴۳ء
″ ″ ″ جلد دوم	″ ″	″ ″ ″	۱۹۵۱ء
″ ″ ″ جلد سوم	″ ″	″ ″ ″	۱۹۵۷ء
″ ″ ″ جلد چہارم	″ ″	″ ″ ″	۱۹۵۸ء

خزائن رحمت اللہ فارسی (قلمی)	شاہ باجن	مخزونہ کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان
خوف نامہ (قلمی)	نظامی	″ ″ ″

مجلہ مکتبہ جلد ۱ شمارہ ۱	مدیر عبد القادر سروری	حیدرآباد دکن، مکتبہ ابراہیمیہ	اپریل ۱۹۲۸ء
سہ ماہی اردو ادب (مضمون سخاوت مرزا)	مرتبہ آل احمد سرور	علی گڑھ، شمارہ ۲	۱۹۶۶ء
اردوئے معلی (لسانیات نمبر) شمارہ ۴، ۵	مرتبہ خواجہ احمد فاروقی	دہلی، دہلی یونیورسٹی	
اردوئے معلی (قدیم اردو نمبر) شمارہ ۹	″ ″	دہلی، دہلی یونیورسٹی	
اورینٹل کالج میگزین	ایڈیٹر محمد شفیع	لاہور، پنجاب یونیورسٹی	۱۹۳۸ء
اورینٹل کالج میگزین	ایڈیٹر محمد شفیع	لاہور، پنجاب یونیورسٹی	۱۹۳۹ء

www.taemeernews.com

انگریزی کتب

1.	Indo Aryan & Hindi	S. K. Chatterji	Calcutta 1942
2.	Linguistic Survey o. India Vol 8 & 9	Sir G. A. Greirson	Delhi, Motilal 1968.
3.	Dictionary of Hindustani & English	Shakespear	London Cox 18.
4.	A Smaller Hindustani & English Dictionery	Duncan Forbes	London Crosby, nd
5.	Urdu Classical Hindi & English Dictionery	Platts.	Oxford, OUP, 1968.
6.	Dictionery of Hundustani Language	Duncan Forbes	London India Office 1866
7.	Dictionery English Gujrati.	Shaproiji Edalji	Bombay Union Press 1866.
8.	Literary History of Persia Vol. 1.	E. G. Brown.	Cambridge 1964.
9.	An Encyclopedic Survey of Hinduism: Hindu World Vol. I & II.	Benjamin Walker.	London - George Allen & Unwin 1968

www.taemeernews.com

www.taemeernews.com

اُردو زبان کی پہلی تصنیف

مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

مُصنفہ

فخر دین نظامی